Where **have they** gone?
وہ کہاں چلے گئے ہیں؟

Why **was he** late?
وہ لیٹ کیوں تھا؟

درج بالا جملوں کو اس طرح بھی بولا جاتا ہے۔

Do you know	who those boys are.
I don't know	what she was wearing(?)
I know	what time the bus is.
Can you tell me	where they have gone (?)
I can't remember	why he was late.

فعل حال مطلق اور فعل ماضی مطلق کے سوالیہ جملے یوں بناتے ہیں۔

Where does she live?
وہ کہاں رہتی ہے؟

Do you know where **she lives?**	کیا تم جانتے ہو وہ کہاں رہتی ہے؟
What **did** he **say?**	اس نے کیا کہا؟
Do you know what he said?	تم جانتے ہو اس نے کیا کہا؟
What **does she want?**	اسے کیا چاہیے؟
Why **did** he **go home?**	وہ گھر کیوں گیا؟
Where **did they put** the key?	انہوں نے چابی کہاں رکھی؟
Why **did** he **leave** early?	وہ جلدی کیوں چلا گیا؟
How **do** birds **fly?**	پرندے کیسے اڑتے ہیں؟

لیکن

Do you know I don't know I know Can you tell me. I can't remember	what she **wants** (?) why **he went** home. where **they put** the key. why **he left** early (?) how **birds fly**.

Do, is اور Can کے جملے اس طرح بناتے ہیں۔

Is Ali at home?	کیا علی گھر پر ہے؟
Have they got a T.V?	کیا ان کے پاس ٹی وی ہے؟
Can she help us?	کیا وہ ہماری مدد کر سکتی ہے؟
Does Ali smoke?	کیا علی سگریٹ پیتا ہے؟
Did anybody **see** you?	کیا کسی نے تمہیں دیکھا؟

لیکن

Do you know I don't know	if or whether	**Ali is** at home. **they have** got a T.V. **she can** help us (?) **Ali smokes.** **anybody saw** me.

UNIT - 37

It

1. For Time — وقت پوچھنے کا طریقہ

What's the time?	کیا وقت ہے؟
What time is **it**?	کیا وقت ہوا ہے؟
What time do you have?	تمہارے پاس کیا وقت ہے؟
I have 2 o'clock.	میرے پاس دو بجے ہیں۔
It's 12 o'clock.	12 بجے ہیں۔
It's ten past twelve.	12 بج کر دس منٹ
It's quarter past twelve.	سوا بارہ بجے ہیں۔
It twenty five past twelve.	12 بج کر پچیس منٹ
It's half past twelve.	ساڑھے بارہ بجے۔
It's twenty to two.	دو بجنے میں 20 منٹ
It's quarter to two.	پونے دو بجے ہیں۔
It's ten to two.	دو بجنے میں دس منٹ
It's 2 o'clock.	دو بجے ہیں۔

2. For Day

What day is **it**?	آج دن کیا ہے؟
It's Monday today.	آج پیر ہے۔
What date is **it**?	آج تاریخ کیا ہے؟
It's March 13.	آج تیرہ مارچ ہے۔

It's my birthday today. — آج میری سالگرہ ہے۔

3. **For Distance**

How far is **it** from Bhatti to Model Town? — بھاٹی سے ماڈل ٹاؤن کتنا دور ہے؟

It's a long way from here to the station. — یہاں سے سٹیشن کافی دور ہے۔

We can walk home. **It** isn't far. Is **it** far? — ہم پیدل گھر جا سکتے ہیں یہ دور نہیں ہے۔ کیا یہ دور ہے؟

4. **For Weather**

It's hot today. — آج گرمی ہے۔

It isn't raining. — بارش نہیں ہو رہی ہے۔

It's nice day today. — آج بڑا اچھا دن ہے۔

It was very windy yesterday. — کل بڑی تیز ہوا چل رہی تھی۔

It's sunny today. — آج دھوپ نکلی ہوئی ہے۔

*

UNIT - 38

There, other wise/or else and Lest

There کو ہم کسی چیز کی موجودگی یا عدم موجودگی کیلئے استعمال کرتے ہیں اس کا مطلب صرف وہاں ہی نہیں ہوتا۔ مندرجہ ذیل مثالوں سے آپ کو اس کا استعمال معلوم ہو جائے گا۔

LANGUAGE PRACTICE

There is something wrong at the bottom. — دال میں کچھ کالا کالا ہے۔

There is a lot of money in my pocket, — میری جیب میں بہت سارے پیسے ہیں۔

There is nothing special. — کوئی خاص بات نہیں ہے؟

There is no problem. — کوئی مسئلہ نہیں ہے۔

Is there any difficulty? — کیا کوئی مشکل ہے؟

Is there anybody in the toilet? — کیا ٹائلٹ میں کوئی تھا؟

Is there anyone? — کیا کوئی ہے؟

Is there anybody at home? — کیا کوئی گھر پر ہے؟

Is there any house to let? — کیا کوئی کرائے کیلئے مکان ہے؟

There will be a glass on the table. Bring it, please. — میز پر ایک گلاس ہو گا مہربانی کر کے اسے لے آئیے۔

There'll be somebody in the room.	کمرے میں کوئی ہو گا۔
Is there any shop here?	کیا یہاں کوئی دکان ہے؟
Is there any problem here?	کیا یہاں کوئی مسئلہ ہے؟
What's in your pocket **there?**	تمہاری جیب میں کیا ہے؟
What's in your hand **there?**	تمہارے ہاتھ میں کیا ہے؟
Who's in the room **there?**	کمرے میں کون ہے؟
Is there any water?	کیا کوئی پانی ہے؟
Is there any good play?	کیا کوئی اچھا ڈرامہ ہے؟
There'll be somebody at the airport.	ایئرپورٹ پر کوئی ہو گا۔

Otherwise ورنہ۔ دھمکی دینے کیلئے۔

Hurry up **otherwise** you'll miss the bus.	جلدی کرو ورنہ تمہاری بس چھوٹ جائے گی۔
Stop you gab, **otherwise**	اپنی بکواس بند کرو ورنہ . . . ۔
Shut up, **otherwise** I'll kick you out.	خاموش ہو جاؤ ورنہ میں تمہیں ٹھوکریں مار کر باہر نکال دوں گا۔
Keep your mouth shut **otherwise.**	اپنا منہ بند رکھو ورنہ۔
Do as I say, otherwise.	جیسا میں کہتا ہوں کرو ورنہ۔

or else

دھمکی کیلئے لیکن یہ other wise سے نرم ہے۔

Work hard **or else** you won't succeed.	محنت کرو ورنہ تم کامیاب نہ ہو سکو گے۔
Pay my money **or else** I'll tell your father.	میرے پیسے دے دو ورنہ میں تمہارا ابو کو بتا دوں گا۔
Work **or else** you'll starve.	کام کرو ورنہ بھوکے مر جاؤ گے۔
Talk softly **or else** your father will wake up.	آہستہ باتیں کرو ورنہ تمہارے ابو جاگ جائیں گے۔
Don't move **or else.**	ہلنا مت۔ ورنہ۔

Lest

Hurry up **lest** he should go.	جلدی کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ چلا جائے۔
Work hard **lest** you should fail.	محنت کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ فیل ہو جاؤ۔
Lest you should go there.	کہیں ایسا نہ ہو کہ تمہیں وہاں جانا پڑے۔
Don't jump so high **lest** you should fall down.	اتنی اونچی چھلانگ مت لگاؤ کہیں ایسا نہ ہو کہ گر جاؤ۔
Walk carefully, **lest** you should stumble.	احتیاط سے چلو کہیں ایسا نہ ہو کہ تم لڑکھڑا جاؤ۔

*

UNIT - 39

about to, want to, how to

1- about to اس وقت استعمال ہوتا ہے جب کام کے کرنے یا ہونے میں تھوڑا وقت ہو۔

LANGUAGE PRACTICE

Ali **is about to** come.	علی آنے ہی والا ہے۔
I **am about to** go.	میں جانے ہی والا ہوں۔
She **is about to** take her Exam.	وہ اپنا امتحان دینے ہی والی ہے۔
They **were about to** be punished.	انہیں سزا ہونے ہی والی تھی۔
We **are about to** see a film.	ہم فلم دیکھنے ہی والے ہیں۔

2- want to کو ارادہ ظاہر کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ اس کا مخفف Wanna ہے۔

He **wants to** go abroad.	وہ باہر کے ملک جانا چاہتا ہے۔
Do you **want to have** shower?	کیا تم نہانا چاہتے ہو؟
Does he **want to help** you?	کیا وہ تمہاری مدد کرنا چاہتا ہے؟
We **want to study** further.	ہم مزید پڑھنا چاہتے ہیں۔
I don't **wanna** sing.	میں گانا نہیں چاہتا۔

3- How to کو ہم قابلیت ظاہر کرنے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ اس کا مخفف Hotta ہے جو کہ بولنے میں استعمال ہو سکتا ہے۔

I know **how to drive.**	مجھے گاڑی چلانا آتی ہے۔
Do you **know hotta type**?	کیا آپ کو ٹائپ کرنا آتا ہے؟
Does she **know how to cook?**	کیا اسے پکانا آتا ہے؟
He knows **hotta speak** English.	اسے انگریزی بولنا آتی ہے۔
Don't you know **how to talk** to others?	کیا تمہیں دوسروں سے بات کرنی نہیں آتی؟

*

UNIT - 40

To be fond of کسی چیز کا شوقین ہونا

be= {is/are/am/was/were}

S + Be + fond of + Noun.

LANGUAGE PRACTICE

I am **fond of hockey.**	میں ہاکی کا شوقین ہوں۔
She is **fond of reading.**	وہ پڑھنے کی شوقین ہے۔
Are you **fond of music?**	کیا تم موسیقی کے دلدادہ ہو؟
They aren't **fond of cricket.**	وہ کرکٹ کے شوقین نہیں ہیں۔
What is he **fond of?**	وہ کس چیز کا شوقین ہے؟
What movie are you **fond of?**	تمہیں کس فلم کا شوق ہے؟

اگر کام کرنے کا شوق ہو تو پھر جملے اس طرح بناتے ہیں۔

S + Be + fond of + √(i)ing + O.

He is **fond of collecting** stamps.	اسے ٹکٹیں جمع کرنے کا شوق ہے؟
Is he **fond of watching** movies?	کیا وہ فلم دیکھنے کا شوقین ہے؟
You **are fond of moving** in the sun.	تمہیں دھوپ میں پھرنے کا شوق ہے۔
He is **not fond of wearing** glasses.	اسے عینک پہننے کا شوق نہیں ہے۔

Nobody is **fond of living** out of his country.	اپنے ملک سے باہر رہنے کا کوئی شوقین نہیں ہے۔
Are they **fond of working** in the movies?	کیا انہیں فلموں میں کام کرنے کا شوق ہے؟
Ali is **fond of fighting.**	علی کو لڑنے کا شوق ہے۔
Who is **fond of having** tea after lunch?	دوپہر کھانے کے بعد چائے پینے کا کون شوقین ہے؟
Which of you is **fond of playing** cricket?	تم میں سے کرکٹ کھیلنے کا کسے شوق ہے۔
She **was fond of singing** songs.	وہ گانا گانے کی شوقین تھی۔
Were you **fond of making** jokes?	کیا تمہیں مذاق کرنے کا شوق ہے؟

*

UNIT - 41

May and Might

I **may** go to Karachi. — ہو سکتا ہے میں کراچی چلا جاؤں۔

It **might rain.** — ہو سکتا ہے بارش ہو جائے۔

I/We/You/They He/She/It	may (not) might (not)	wait. go. come. play.

LANGUAGE PRACTICE

امکان کیلئے

I **may** go there today. — ہو سکتا ہے کہ آج میں ادھر جاؤں۔

He **may leave** soon. — ہو سکتا ہے وہ جلدی چلا جائے۔

I **may be** there. — ہو سکتا ہے میں وہاں ہوں۔

He **may be** a doctor. — ہو سکتا ہے وہ ڈاکٹر ہو۔ (زیادہ امکان)

She **might be** a nurse. — شاید وہ نرس ہو۔ (کم امکان)

I **might** go to cinema. — شاید میں سینما جاؤں۔ (کم امکان)

دعائیہ کلمات (دعا یا بد دعا دینے کے لئے)

May you live long. — خدا آپ کو لمبی عمر دے۔

May you get well soon. — اللہ کرے تم جلدی اچھے ہو جاؤ۔

May your shadow **never** be less. — اللہ کرے آپ ہمیشہ تندرست رہیں۔

May you **die** soon. — اللہ کرے تم جلدی مر جاؤ۔

May you **go** to hell. — اللہ کرے تم جہنم میں جاؤ۔

اجازت کیلئے

May I **smoke?** — کیا میں سگریٹ پی لوں۔

May I **sit** here? — کیا میں یہاں بیٹھ جاؤں۔

May I **ask** you your name? — کیا میں آپ سے آپ کا نام پوچھ سکتا ہوں۔

مختلف افعال کے ساتھ

He **May be given** everything. — ہو سکتا ہے اسے ہر چیز دی جائے۔

He **may be put** on the job. — ہو سکتا ہے اسے نوکری پر رکھا جائے۔

She **may be sleeping** now. — ہو سکتا ہے وہ اس وقت سو رہی ہو۔

She **may be having** a shower. — ہو سکتا ہے وہ نہا رہی ہو۔

They **may be studying.** — ہو سکتا ہے وہ پڑھ رہے ہوں۔

The college **may be being repaired.** — ہو سکتا ہے کہ کالج کی مرمت ہو رہی ہو۔

The meeting **may be being arranged.** — ہو سکتا ہے کہ جلسے کا انتظام کیا جا رہا ہو۔

She **may have come.** — ہو سکتا ہے وہ آ گئی ہو۔

She **may have gone** to bed. — ہو سکتا ہے وہ سو گئی ہو۔

You **may have lost** it. — ہو سکتا ہے تم نے اسے کھو دیا ہو۔

He **may have been** served food. — ہو سکتا ہے اسے کھانا کھلا دیا گیا ہو۔

He **may have been** beaten. — ہو سکتا ہے اسے مار پڑ چکی ہو۔

She **may have been** studying. — ہو سکتا ہے کہ وہ پڑھتی رہی ہو۔

She **may not have been** sleeping. — ہو سکتا ہے وہ سوتی نہ رہی ہو۔

You **might be able to** study there. — تم کونسا وہاں پڑھ سکو گے۔

She **might be able to** pass the Exam. — وہ کونسا امتحان پاس کرلے گی۔

We **might be able to** build any palace. — ہم کونسا محل بنالیں گے۔

You **might have asked** me. — تم نے مجھ سے پوچھ ہی لیا ہوتا۔

You **might have** tipped me the wink. — تم نے مجھے آنکھ کا اشارہ ہی کردیا ہوتا۔

You **might have told** me. — تم نے مجھے بتا ہی دیا ہوتا۔

I **may have to go.** — ہو سکتا ہے مجھے جانا پڑے۔

She **may have to cook** something for the guests. — ہو سکتا ہے اسے مہمانوں کیلئے کچھ پکانا پڑے۔

I **may have to talk** to him. — ہو سکتا ہے مجھے اس سے بات کرنا پڑے۔

You never listen to me. — تم کبھی میری بات نہیں سنتے۔

I **may as well talk** to the wall. — اس سے اچھا ہے کہ میں دیوار سے باتیں کر لوں۔

You can't speak Urdu. — تم اردو نہیں بول سکتے۔

You **may as well speak** Punjabi. — اس سے اچھا ہے تم پنجابی بول لو۔

*

UNIT - 42

Can and Could

I **can speak** English. — میں انگلش بول سکتا ہوں۔

Positive and negative

I/We/You/They He/She/It	**can** **cannot** (can't)	**do.** **Play.** **come.** **go.**

Questions

Can	I/we/you they/he/she it	**do?** **play?** **come?** **go?**

LANGUAGE PRACTICE — اجازت کیلئے

Can I **use** your pen? — کیا میں آپ کا قلم لے سکتا ہوں؟

Can I **sit** here? — کیا میں یہاں بیٹھ سکتا ہوں؟

Can I **come** in? — کیا میں اندر آسکتا ہوں؟

Can I **use** your telephone? — کیا میں آپ کا ٹیلیفون استعمال کرسکتا ہوں؟

قابلیت کیلئے

He **can play** the piano.	وہ پیانو بجا سکتا ہے۔
I **can go** anywhere.	میں کہیں بھی جا سکتا ہوں۔
I **can do** anything.	میں کچھ بھی کر سکتا ہوں۔
He **can make** fun of you.	وہ تمہارا مذاق اڑا سکتا ہے۔
He **can't do** it.	وہ یہ نہیں کر سکتا۔
Can you **lift** this box?	کیا تم یہ صندوق اٹھا سکتے ہو؟
What **can** you **do** now?	اب تم کیا کر سکتے ہو؟
Why **can't** you come today?	آج آپ کیوں نہیں آ سکتے؟
What time **can** she **come** here?	وہ یہاں کس وقت آ سکتی ہے؟
Where **can** we **go** now?	اب ہم کہاں جا سکتے ہیں؟

Passive Voice

S + can be + V (iii) + O.

What **can be done** now?	اب کیا ہو سکتا ہے؟
Nothing **can be done** now.	اب کچھ نہیں ہو سکتا۔
She **can't be loved.**	اس سے پیار نہیں کیا جا سکتا۔
Love **can be bought** by money.	پیسے سے پیار خریدا جا سکتا ہے۔
Pleasures **can't be bought** by money.	پیسے سے خوشیاں نہیں خریدی جا سکتیں۔

S + could + V (I) + O. ماضی کیلئے

Maria **couldn't come** to the party.	ماریا پارٹی میں نہ آ سکی۔

He **couldn't** do anything.	وہ کچھ نہ کر سکا۔
When I was young, I **could run** fast.	جب میں چھوٹا تھا میں تیز دوڑ سکتا تھا۔

Can't Help

S + can't help + V (I) + O.

I **can't help praising** her.	میں اس کی تعریف کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔
She **can't help laughing** at me.	وہ مجھ پر ہنسے بغیر نہیں رہ سکتی۔
I **can't help speaking.**	میں بولے بغیر نہیں رہ سکتا۔
She **couldn't help weeping.**	وہ روئے بغیر نہ رہ سکی۔
Maria **couldn't help speaking** truth.	ماریہ سچ بولے بغیر نہ رہ سکی۔
You **couldn't help going** to market.	تم مارکیٹ جائے بغیر نہیں رہ سکے

*

UNIT - 43

Having + V [III]

Having done my work, I went into reptures. — اپنا کام کر کے مجھے روحانی مسرت ہوئی۔

Having seen the moon, I raised my hands for prayer. — چاند کو دیکھ کر میں نے دعا مانگی۔

Having taken tea, I'll come to you. — میں چائے پی کر تمہاری طرف آؤں گا۔

Having studied, they sleep. — پڑھ کر وہ سو جاتے ہیں۔

Having gone to office, I plough the sand. — دفتر جا کر میں مکھیاں مارتا ہوں۔

After + V [I] ing

After playing cricket, we all took tea. — کرکٹ کھیلنے کے بعد ہم سب نے چائے پی۔

After doing work, she made me a cup of tea. — کام کرنے کے بعد اس نے میرے لئے چائے کا ایک کپ بنایا۔

After saying prayers, he came back home. — نماز پڑھنے کے بعد وہ اپنے گھر واپس آگیا۔

After living in Lahore, I'll not live in Karachi. — لاہور میں رہنے کے بعد میں کراچی میں نہیں رہوں گا۔

After completing the work, we all talk. — کام مکمل کرنے کے بعد ہم سب باتیں کرتے ہیں۔

UNIT - 44

Whether

Whether she goes or not, but I do. — چاہے وہ جائے یا نہ جائے لیکن میں تو جاتا ہوں۔

Whether you go with me or not, but I must go there. — چاہے تم میرے ساتھ جاؤ یا نہ جاؤ لیکن میں وہاں ضرور جاؤں گا۔

Whether you believe it or not, but it's true. — چاہے تم اس پر یقین کرو یا نہ کرو لیکن یہ سچ ہے۔

Whether he allows you or not, you'll have to help me. — چاہے وہ تمہیں اجازت دے یا نہ دے تمہیں میری مدد کرنا پڑے گی۔

Whether you respect him or not, everybody does. — چاہے تم اس کی عزت کرو یا نہ کرو ہر آدمی کرتا ہے۔

Seem

He **seems as if** he were mad. — ایسا لگتا ہے جیسا کہ وہ پاگل ہو۔

It **seems as if** it will rain today. — ایسا لگتا ہے جیسا کہ آج بارش ہو گی۔

I **seem to have fogotten** some thing at home. — ایسا لگتا ہے کہ میں گھر کچھ بھول آیا ہوں۔

He **seems to be** your father. — وہ تمہارا ابو لگتا ہے۔

She **seems to be** coming. — لگتا ہے وہ آرہی ہے۔

I don't **seem to be** getting well. — مجھے نہیں لگتا کہ میں صحیح ہو رہا ہوں۔

She **seemed to be** weeping. — لگتا تھا کہ وہ رو رہی تھی۔

They didn't **seem to be** working. — لگتا نہیں تھا کہ وہ کام کر رہے تھے۔

You **seem to be able to** do this work. — لگتا ہے تم یہ کام کر لوگے۔

He seems to have forgotton **to change** dress. — لگتا ہے وہ لباس تبدیل کرنا بھول گیا ہے۔

*

UNIT - 45

[Feel Like]

جب کبھی کسی کام کو کرنے کا جی چاہے یا کھانے کو جی چاہے تو یہ استعمال کرتے ہیں۔

S + feel like + V (i) ing + O.

I **feel like going** there. — میرا وہاں جانے کو جی چاہتا ہے۔

I don't **feel like flying** a kite. — میرا پتنگ اڑانے کو جی نہیں چاہتا۔

Do you **feel like making** the others goofy? — کیا تمہارا دوسروں کو بیوقوف بنانے کو جی چاہتا ہے؟

She doesn't **feel like living** here. — اس کا یہاں رہنے کو جی نہیں کرتا۔

Alia doesn't **feel like having** meal. — عالیہ کا کھانا کھانے کو دل نہیں کرتا۔

You **feel like being** rebuked. — تمہارا جھڑکیاں کھانے کو دل کرتا ہے۔

Don't you **feel like watching** a movie? — کیا تمہارا فلم دیکھنے کو دل نہیں کرتا۔؟

I **felt like playing** tip cat. — میرا گلی ڈنڈا کھیلنے کو دل کیا۔

Didn't you **feel like going** anywhere? — کیا تمہارا جانے کو جی نہیں چاہا؟

I don't **feel like having** tea. — میرا چائے پینے کو جی نہیں چاہتا۔

Keep on

جب کسی بات میں یا جملے میں تسلسل پایا جائے تو اس کا استعمال ہوتا ہے۔

S + Keep on + V (i)ing + O.

He **keeps on babbling** all the time.	وہ ہر وقت بکواس کرتا رہتا ہے۔
He **keeps on coming** here.	وہ یہاں آتا رہتا ہے۔
We **keep on working.**	ہم کام کرتے رہتے ہیں۔
You **keep on playing** giddy goats.	تم بیوقوفوں کی سی حرکتیں کرتے رہتے ہو۔
He **keeps on flinging** dirt on the others.	وہ دوسروں پر کیچڑ اچھالتا رہتا ہے۔
The children **keep on playing** in the streets.	بچے گلیوں میں کھیلتے رہتے ہیں۔
I don't **keep on eating** all the time.	میں ہر وقت کھاتا نہیں رہتا ہوں۔
We don't **keep on wasting** our time.	ہم اپنا وقت ضائع نہیں کرتے۔
He **kept on asking** me for money.	وہ مجھ سے پیسے مانگتا رہتا تھا۔
I didn't **keep on speaking** there.	میں وہاں بولتا نہیں رہا۔
We **kept on waiting** for you.	ہم تمہارا انتظار کرتے رہے۔
She **kept on sleeping.**	وہ سوتی رہی۔
He will **keep on coming** here.	وہ یہاں آتا رہے گا۔

He won't **keep on studying** all the time.	وہ ہر وقت پڑھتی نہیں رہے گی۔
What do you **keep on doing?**	تم کیا کرتے رہے ہو؟
Do you **keep on smoking?**	کیا تم سگریٹ پیتے رہتے ہو؟
Did they **keep on smiling?**	کیا وہ مسکراتے رہے؟
Did she **keep on dozing** in the class?	کیا وہ کلاس میں اونگھتی رہی؟

*

UNIT - 46

[Hell]

What **the hell** are you!	تم کیا مصیبت ہو۔
Who **the hell** told you!	تمہیں کس بدتمیز نے بتایا؟
What **the hell** is this!	یہ کیا مصیبت ہے!
What **the hell** is going on here.	یہاں کیا مصیبت برپا کی جا رہی ہے؟
Does your friend work?	کیا تمہارا دوست کام کرتا ہے؟
The hell he does.	خاک کرتا ہے۔
Does your brother study?	کیا تمہارا بھائی پڑھتا ہے؟
The hell he does.	خاک پڑھتا ہے۔

Touch

How do I **touch** you?	میں تمہیں کیسا لگتا ہوں؟
How does she **touch** you?	وہ تمہیں کیسے لگتی ہے؟
She **touches** me good.	وہ مجھے اچھی لگتی ہے۔
How did the movie **touch** you?	آپ کو فلم کیسے لگی۔
It **touched** me very good.	یہ مجھے اچھی لگی۔
She can't **touch** me in Urdu.	وہ اردو میں میرا مقابلہ نہیں کر سکتی۔

Unless

He doesn't **go unless** you come.	جب تک تم نہیں آتے وہ نہیں جاتا۔
She won't go **unless** I do.	جب تک میں نہیں جاتا وہ نہیں جائے گی۔
Ali didn't go **unless** I came.	جب تک میں نہیں آیا علی نہیں گیا۔
You can't stay here **unless** I allow.	جب تک میں اجازت نہ دوں تم یہاں نہیں ٹھہر سکتے۔
Maria doesn't speak **unless** I allow her.	جب تک میں اجازت نہ دوں ماریا نہیں بولتی۔

*

UNIT - 47

Wonder

I **wonder** at him.
مجھے اس پر تعجب ہے۔

I **wonder** at what you do.
مجھے تمہاری حرکتوں پر تعجب ہے۔

I **wonder** if you could help me.
اگر آپ میری مدد کریں تو مجھے خوشی ہوگی۔

I **wonder** if she could stay here.
مجھے خوشی ہوگی اگر وہ یہاں ٹھہرے تو۔

I **wonder** if you could come.
مجھے خوشی ہوگی اگر آپ آسکیں تو۔

I **wonder** what the time is.
نجانے کیا وقت ہو گیا ہے۔

I **wonder** what the problem is.
نجانے کیا مسئلہ ہے۔

Your brother is **wonder.**
تمہارا بھائی عجیب عجیب حرکتیں کرتا ہے۔

You have done **wonders** today.
آج تو تم نے کمال ہی کر دیا ہے۔

My friend did **wonders** in the Exam.
میرے دوست نے امتحان میں کمال کارکردگی دکھائی۔

Leave

He is **leaving** for London.
وہ لندن روانہ ہو رہا ہے۔

I want to **leave** now.
اب میں جانا چاہتا ہوں۔

When she looked at him, she was **left** surprised.
جب اس نے اس کی طرف دیکھا تو وہ حیران رہ گئی۔

He was **left** watching.
وہ دیکھتا ہی رہ گیا۔

When I am having food, he is **left** watching.
جب میں کھانا کھا رہا ہوتا ہوں تو وہ دیکھتا ہی رہ جاتا ہے۔

You **left** no stone unturned in killing me.
تم نے مجھے مارنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

If she gets rich, you'll **be left** astonished.
اگر وہ امیر ہو گئی تو حیران رہ جاؤ گے۔

I was eating meal and **was left** eating.
میں کھانا کھا رہا تھا اور کھاتا ہی رہ گیا۔

When you insult me before others, what my respect is **left.**
جب تم دوسروں کے سامنے بے عزت کرتے ہو تو میری عزت کیا رہ جاتی ہے۔

If he begs, what will his respect be **left.**
اگر وہ بھیک مانگے تو اس کی کیا عزت رہ جائے گی۔

*

UNIT - 48

[Get]

Get کا لفظ مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ کسی چیز کا ملنا خریدنا' لانا' ہونا اور پہنچنا وغیرہ کیلئے get استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

Did you **get my letter** last week?	کیا آپ کو پچھلے ہفتے میرا خط ملا؟ (ملنا)
I like your pullover. Where did you **get it?**	آپ کی جرسی بہت خوبصورت ہے کہاں سے خریدی
'Hello, can I speak to Sehar, please?'	کیا میں سحر سے بات کر سکتا ہوں؟
'One moment. I'll **get her.'**	ایک منٹ میں اسے لاتا ہوں۔ (لانا)
It's difficult to **get a job** here.	یہاں ملازمت تلاش کرنا مشکل ہے (تلاش کرنا)
It's **getting dark.**	اندھیرا ہو رہا ہے۔ (ہونا)
She's **getting ready** to go out.	وہ باہر جانے کیلئے تیار ہو رہی ہے۔ (ہونا)
If you don't eat, you **get hungry.**	اگر آپ نہ کھائیں تو آپ کو بھوک لگ جاتی ہے۔
He'll get **better** soon.	وہ جلد ٹھیک ہو جائے گا۔
They **are getting married** next week.	اگلے ہفتے ان کی شادی ہو رہی ہے۔
I went for a walk and **got lost.**	میں سیر کرنے گیا اور رستہ بھول گیا۔
I usually **get to work** before 8:30.	میں عموماً ساڑھے آٹھ سے پہلے کام پر پہنچتا ہوں۔ (پہنچنا)

She **got home** late.	وہ گھر دیر سے پہنچی۔ (پہنچنا)
How can I **get to the railway station?**	میں ریلوے سٹیشن پر کیسے جا سکتا ہوں؟

get in (a car) — **get out** (a car)

get on / **get off** } (a bus, a train, a plane)

I got in the car.	میں کار میں بیٹھ گیا۔
A car stopped and a man **got out.**	ایک کار رکی اور ایک آدمی اترا۔
He **got on** the bus at Bhatti and **got off** at 36, Lower Mall.	وہ بھاٹی سے بس پر بیٹھا اور 36۔ لوئر مال پر اتر گیا۔

*

UNIT - 49

So am I = I am too

'**I'm** tired.' 'So am I.' — میں تھکا ہوا ہوں۔ میں بھی۔

'**I was** late for college.' **'So was Ali.'** — مجھے کالج سے دیر ہو گئی۔ علی کو بھی۔

'**I work** in a bank.' **'So do I.'** — میں بینک میں کام کرتا ہوں۔ میں بھی۔

'**She went** to bed late last night.' **'So did I.'** — وہ کل رات دیر سے سوئی۔ میں بھی۔

'**I have** got a headache.' 'So have I.' — میرے سر میں درد ہو رہا ہے۔ میرے میں بھی

Neither am **I = I'm not either.**

'**I haven't** got a key.' — میرے پاس چابی نہیں ہے۔

'**Neither have I.**' — مرے پاس بھی نہیں ہے۔

'**Alia can't** cook.' **'Neither can Maria.'** — عالیہ نہیں پکا سکتی۔ ماریا بھی نہیں۔

'**He never eats** meat.' **'Neither does she.'** — وہ کبھی گوشت نہیں کھاتا ہے۔ نہ ہی وہ۔

'**I'm not** working.' **'Neither am I.'** — میں کام نہیں کر رہا ہوں۔ میں بھی نہیں۔

*

UNIT - 50

گفتگو میں جب ہم کسی کی بات میں دلچسپی لیتے ہیں؟ یا حیرت کا اظہار کرتے ہیں تو اس طرح کے جملے بولنے اور سننے میں آتے ہیں۔ جس طرح اگر کوئی آپ کو بتائے کہ اس نے نئی گاڑی خریدی ہے تو آپ حیرت سے کہیں کہ واقعی یا سچ مچ۔ درج ذیل جملوں پر غور کریں۔

'**You're** late.' — آپ لیٹ ہیں۔

'Oh, **am I?** I'm sorry.' — سچ مچ؟ میں معذرت چاہتا ہو۔

'**I was** ill on Monday.' — میں پیر کو بیمار تھا۔

'**Were you?** I didn't know that.' — واقعی؟ مجھے تو نہیں پتا تھا۔

'**It's** raining again.' — پھر بارش ہو رہی ہے۔

'**Is it?** It was sunny ten minutes ago.' — سچ مچ؟ دس منٹ پہلے تو دھوپ نکلی ہوئی تھی۔

'**Ali can't** drive.' — علی گاڑی نہیں چلا سکتا۔

'**Can't he?** I didn't know that.' — واقعی؟ مجھے تو نہیں پتا تھا۔

'**I'm not** hungry.' — مجھے بھوک نہیں ہے۔

'**Aren't you?** I am.' — سچ مچ؟ مجھے تو ہے۔

'**I speak** two languages.' — میں دو زبانیں بولتا ہوں۔

'**Do you?** which ones?' — واقعی؟ کونسی؟

'**Alia doesn't** eat meat.' — عالیہ گوشت نہیں کھاتی۔

'**Doesn't she?** Does she eat fish?' — سچ مچ؟ کیا وہ مچھلی کھاتی ہے۔

'**Ali got** married last month.' — علی کی پچھلے ماہ شادی ہوئی۔

'**Did he?** Really?' — سچ مچ؟ واقعی؟

*

UNIT - 51

Tag Questions

Positive-----Negative

'It's beautiful day, **isn't it?'** 'Yes it's lovely.'
آج اچھا دن ہے، کیا نہیں ہے؟
جی ہاں یہ اچھا ہے۔

She lives in Lahore, **doesn't She?**
وہ لاہور میں رہتی ہے کیا نہیں رہتی؟

You closed the window, **didn't you?**
تم نے کھڑکی بند کی ہے ناں؟

'They're on holiday, **aren't they?'** 'Yes, they're in Karachi.'
وہ چھٹی پر ہیں۔ ہے ناں؟
جی ہاں وہ کراچی میں ہیں۔

'Ali will be here tomorrow, **won't he?'** 'Yes, I think so.'
علی کل یہاں ہوں گا ہے ناں؟
جی ہاں میرا خیال ہے۔

Negative-----positive.

'You haven't got a car, **have you?'** 'No, I can't drive.'
تمہارے پاس کار نہیں ہے۔ ہے ناں؟
نہیں میں چلا نہیں سکتا۔

'He doesn't smoke, **does he?'**'No, never.'
وہ سگریٹ نہیں پیتا کیا پیتا ہے؟
نہیں کبھی نہیں۔

'Alia didn't go to college, **did she?'** 'No, she didn't.'
عالیہ کالج نہیں گئی، کیا گئی؟
جی نہیں۔

'You haven't met my father, **have you?'** 'No, I haven't.'
تم میرے ابو سے نہیں ملے ہو، کیا ملے ہو؟
جی نہیں۔

Too And Either

Too after a positive verb.

'I'm happy.' — میں خوش ہوں۔

'I'm hapy **too.**' — میں بھی خوش ہوں۔

'I enjoyed the film.' — مجھے فلم کا مزہ آیا۔

'I enjoyed it **too.**' — مجھے بھی فلم کا مزہ آیا۔

'He's **tired.**' — وہ تھکا ہوا ہے۔

'I'm tired **too.**' — میں بھی تھکا ہوا ہوں۔

Either after a negative verb.

'I'm not happy.' — میں خوش نہیں ہوں۔

'I'm **not** happy **either.**' — میں بھی خوش نہیں ہوں۔

'I can't cook.' — میں پکا نہیں سکتی۔

'I **can't either.**' — میں بھی نہیں۔

'He doesn't smoke.' — وہ سگریٹ نہیں پیتا۔

'She **doesn't** smoke **either.**' — وہ بھی سگریٹ نہیں پیتی۔

*

UNIT - 52

No harm

There's **no harm** in speaking truth.
سچ بولنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

There's **no harm** in trying.
کوشش کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

There's **no harm** in asking.
پوچھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

There was **no harm** in going there.
وہاں جانے میں کوئی حرج نہیں تھا۔

There was **no harm** in laughing.
ہنسنے میں کوئی حرج نہیں تھا۔

It's no.....

It's no laughing matter.
اس میں ہنسنے کی کیا بات ہے۔

It's no weeping matter.
اس میں رونے کی کیا بات ہے۔

It's no getting angry matter.
اس میں ناراض ہونے کی کیا بات ہے۔

It was no worrying matter.
اس میں پریشان ہونے کی کیا بات تھی۔

It was no writing matter.
اس میں لکھنے کی کیا بات تھی۔

Or

There is nothing to laugh at.
اس میں ہنسنے کی کیا بات ہے۔

There is nothing to worry about.
اس میں فکر کرنے کی کیا بات ہے۔

There is nothing to wait for.
اس میں انتظار کرنے کی کیا بات ہے۔

It's no use......

It's no use repenting now.
اب پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں۔

It's no use weeping now.
اب رونے کا کوئی فائدہ نہیں۔

It's no use writing now.
اب خط لکھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

It's no use going there now.
اب وہاں جانے کا کوئی فائدہ نہیں۔

It was no use staying there then.
اب وہاں ٹھہرنے کا کوئی فائدہ نہیں تھا۔

*

UNIT 53

Either.....or

Either you **or** he is at fault.	یا تو تمہاری یا اسکی غلطی تھی۔
Either say yes **or** make a flat denial.	یا توہاں کہو یا صاف انکار کردو۔
Either keep silent **or** go out then.	یا تو خاموش رہو یا پھر باہر چلے جاؤ۔
Either it's your doing **or** it's your brother's.	یا تو یہ تمہاری کرتوت ہے یا تمہارے بھائی کی۔
Either you **or** your friend was there.	یا تو تم یا پھر تمہارا دوست وہاں تھا۔

I think that......

I think that you were there.	میرا خیال ہے کہ تم وہاں تھے۔
I think that he is a teacher.	میرا خیال ہے کہ وہ استاد ہے۔
I think that she won't come.	میرا خیال ہے کہ وہ نہیں آئے گی۔
I think that he is mad.	میرا خیال ہے کہ وہ پاگل ہے۔
I think that they were my friends.	میرا خیال ہے کہ وہ میرے دوست تھے۔

Although .....yet

Although he is my brother, **Yet** I don't favour him.	اگرچہ وہ میرا بھائی ہے لیکن پھر بھی میں اس کی حمایت نہیں کرتا۔
Although she is a girl, **yet** she doesn't feel shame.	اگرچہ وہ ایک لڑکی ہے لیکن پھر بھی وہ شرم محسوس نہیں کرتی۔
Although he is my friend, **yet** I take him my brother.	اگرچہ وہ میرا دوست ہے لیکن پھر بھی میں اسے بھائی سمجھتا ہوں۔
Although she is my neighbour **yet** she doesn't talk to me.	اگرچہ وہ میری پڑوسن ہے لیکن پھر بھی مجھ سے بات نہیں کرتی۔
Although he is poor, **yet** he is honest.	اگرچہ وہ غریب ہے مگر دیانت دار ہے۔

*

UNIT - 54

Let تجویز کیلئے

Let's go to restaurant.	آؤ ہم ریسٹورینٹ میں چلیں۔
Let's watch T.V.	آؤ ہم ٹی وی دیکھیں۔
Let's get something to eat.	آؤ کچھ کھانے کیلئے لیں۔
Let's get something to drink.	آؤ کچھ پینے کیلئے لیں۔
Let's go out.	آؤ باہر چلیں۔

اجازت کیلئے

Let me go.	مجھے جانے دو۔
Let him sit here.	اسے یہاں بیٹھنے دو۔
Let me do my work.	مجھے میرا کام کرنے دو۔
Let me smoke.	مجھے سگریٹ پینے دو۔
My father doesn't let me go abroad.	میرے ابو مجھے باہر کے ملک نہیں جانے دیتے۔
His wife doesn't let him sleep all the night.	اس کی بیوی اسے ساری رات سونے نہیں دیتی۔
Did you let the boys go?	کیا تم نے لڑکوں کو جانے دیا۔
He didn't let her stay there.	اس نے اسے وہاں ٹھہرنے نہ دیا۔
I won't let it happen.	میں یہ نہیں ہونے دوں گا۔
She won't let him go.	وہ اسے جانے نہیں دے گی۔

*

UNIT - 55

To be Used to

1- اگر am|are|is یا was|were کے بعد used to استعمال کریں تو اس سے عادت ظاہر ہوتی ہے۔

S + be + used to + V(I)ing + O

He is used to going to bed late.	اسے دیر سے سونے کی عادت ہے۔
I am used to smoking.	مجھے سگریٹ پینے کی عادت ہے۔
You are used to speaking English.	تمہیں انگلش بولنے کی عادت ہے۔
Are you used to waking by 11 o'clock?	کیا تم گیارہ بجے تک جاگنے کے عادی ہو؟
He is used to coming late at night.	وہ رات کو دیر سے آنے کا عادی ہے۔
I'm not used to reading the newspaper in the morning.	مجھے صبح اخبار پڑھنے کی عادت نہیں ہے۔
Is he used to spitting around?	کیا اسے ادھر ادھر تھوکنے کی عادت ہے؟
We were used to going to cinema.	ہمیں سینما جانے کی عادت تھی۔
I was used to getting up at 5 o'clock.	مجھے پانچ بجے اٹھنے کی عادت تھی۔
He will be used to working soon.	اسے جلد ہی کام کرنے کی عادت ہو جائے گی۔

You **will be used to** this company.	تم اس صحبت کے عادی ہو جاؤ گے۔
We **will be used to** it soon.	ہم جلد ہی اس کے عادی ہو جائیں گے۔

2- اگر عادت پڑنے کا ذکر کرنا ہو تو یہ اصول استعمال کریں۔

S + have/has + got used + to + v (i)ing + O.

You **have got used to** weeping.	تمہیں رونے کی عادت پڑ گئی ہے۔
He **has got used to** smoking.	اسے سگریٹ پینے کی عادت پڑ گئی ہے۔
I **have got used to** living in Pakistan.	مجھے پاکستان میں رہنے کی عادت پڑ گئی ہے۔
Maria **has got used to** going to college.	ماریہ کو کالج جانے کی عادت پڑ گئی ہے۔
I **have not got used** to telling a lie yet.	مجھے ابھی تک جھوٹ بولنے کی عادت نہیں پڑی ہے
Have you **got used to** playing hockey?	کیا تمہیں ہاکی کھیلنے کی عادت پڑ گئی ہے؟

3- ماضی کی عادت کیلئے

We **used to go** to college.	ہم کالج جایا کرتے تھے۔
She **used to come** here.	وہ یہاں آیا کرتی تھی۔
I **used to** sing.	میں گایا کرتا تھا۔
He didn't **use to** tell a lie.	وہ جھوٹ نہیں بولا کرتا تھا۔
Did you **use to** smoke?	کیا تم سگریٹ پیا کرتے تھے۔

*

UNIT - 56

Not only.....but also

Sehar is **not only** my beloved **but also** my wife.	سحر نہ صرف میری محبوبہ ہے بلکہ میری بیوی بھی
He is **not only** my friend **but also** my brother.	وہ نہ صرف میرا دوست ہے بلکہ میرا بھائی بھی
She is **not only** beautiful **but also** intelligent.	وہ نہ صرف خوبصورت ہے بلکہ ذہین بھی۔
He is **not only** tall **but also** fat.	وہ نہ صرف لمبا ہے بلکہ موٹا بھی۔

Not to speak of.....even

Not to speak of buying a car, I can't **even** buy a cart.	کار خریدنا تو دور کی بات ہے میں تو چھکڑا بھی نہیں خرید سکتا۔
Not to speak of garden, there was not **even** a tree.	باغ کا تو ذکر ہی کیا وہاں تو ایک درخت بھی نہ تھا۔
Not to speak of love, she doesn't **even** meet me.	پیار کرنے کی تو بات ہی کیا وہ تو مجھ سے ملتی تک نہیں۔

As long as

As long as God is with us, nobody can harm us.	جب تک خدا ہمارے ساتھ ہے۔ کوئی بھی ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

As long as he is alive, he won't let me marry her. جب تک وہ زندہ ہے مجھے اس سے شادی نہیں کرنے دے گا۔

As long as you love me, I won't love any one else. جتنی دیر تم مجھ سے پیار کرتے ہو میں کسی اور سے پیار نہیں کروں گی۔

As long as I am here, you move about freely. جتنی دیر میں یہاں ہوں تم آزادی سے ادھر ادھر گھوم لو۔

*

UNIT - 57

Same.....as

Your car is of **the same** colour **as** mine. تمہاری کار اسی رنگ کی ہے جیسی میری ہے۔

His habits are of **the same** type **as** mine. اس کی عادتیں ایسی ہی ہیں جیسی کہ میری۔

Your friend's face is of **the same** type **as** my brother's. تمہارے دوست کا چہرہ میرے بھائی جیسا ہے۔

His shirt is of the same design **as** mine. اس کی قمیض کا ڈیزائن میری قمیض جیسا ہے۔

Same.....that

This is **the same** book **that** I was looking for. یہ وہی کتاب ہے جو میں تلاش کر رہا تھا۔

She is **the same** girl **that** I met. یہ وہی لڑکی ہے جس کو میں ملا تھا۔

He is **the same** boy **that** stood first in the examination. یہ وہی لڑکا ہے جو امتحان میں اول آیا تھا۔

This is **the same** motor bike **that** I sold. یہ وہی موٹر سائیکل ہے جو میں نے بیچی تھی۔

So.....that

He is **so** intelligent **that** I can't compete him. وہ اتنا ذہین ہے کہ میں اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

It's so cold **that** I can't go out.	اتنی سردی ہے کہ میں باہر نہیں جا سکتا۔
She is so goofy **that** she can understand nothing.	وہ اتنی بیوقوف ہے کہ کچھ بھی نہیں سمجھ سکتی۔
I'm so poor **that** I can't buy a new sweater.	میں اتنا غریب ہوں کہ میں ایک نیا سویٹر بھی نہیں خرید سکتا۔

*

UNIT - 58

Enough + Noun

Enough money, **enough** time, **enough** houses,

'Is there **enough sugar** in your tea?'	کیا تمہاری چائے میں کافی چینی ہے؟
'Yes, thank you.'	جی ہاں شکریہ۔
'Why don't you buy a car?' You've got **enough money.**	تم گاڑی کیوں نہیں خریدتے؟ تمہارے پاس کافی پیسے ہیں۔
She hasn't got **enough money.**	اس کے پاس کافی پیسے نہیں ہیں۔
I have bought **enough fruit.**	میں نے کافی پھل خریدا ہے۔
'Would you like some more to eat?'	کیا آپ کچھ اور کھانا پسند کریں گے؟
'No, thanks, I've had **enough.**'	نہیں شکریہ۔ میں نے کافی کھایا ہے۔
I've got some money, but **not enough** to buy a car.	میرے پاس کچھ پیسے ہیں لیکن کار خریدنے کیلئے کافی نہیں ہیں۔

Adjective + enough

good **enough,** old **enough,** big **enough**

It isn't **clear enough** today.	آج مطلع زیادہ صاف نہیں ہے۔

He is **tall enough.** — وہ کافی لمبا ہے۔

The T.V. is **loud enough.** — ٹی وی کی آواز کافی اونچی ہے۔

This pullover isn't **big enough** for me. — جرسی میرے لئے کافی نہیں ہے۔

Your English is **good enough** to have conversation. — گفتگو کرنے کیلئے آپ کی انگریزی کافی اچھی ہے۔

*

UNIT - 59

Too much/Too many کا مطلب ہے آپ کی ضرورت سے زیادہ یعنی جس قدر آپ کو ضرورت ہے اس سے کہیں زیادہ۔

There is **too much sugar** in it. — اس میں بہت زیادہ چینی ہے۔

These shoes are **too big** for me. — یہ جوتے میرے لئے بہت بڑے ہیں۔

There are **too many people** here. — یہاں بہت ہی زیادہ لوگ ہیں۔

Please turn the radio down. It's **too loud.** — مہربانی کر کے ریڈیو آہستہ کر دو یہ بہت ہی اونچا ہے۔

I can't work. I'm **too tired.** — میں کام نہیں کر سکتا۔ میں بہت ہی تھکا ہوا ہوں۔

The shirt is **too loose** for me. — قمیض مجھے بہت ہی ڈھیلی ہے۔

It's **too** cold **to go** out. — اتنی سردی ہے کہ باہر نہیں جا سکتے۔

I'm **too** tired **to work.** — میں اتنا تھکا ہوا ہوں کہ کام نہیں کر سکتا۔

It's **too** early **to** go to bed. — ابھی اتنی سویر ہے کہ میں سو نہیں سکتا۔

He is **too** weak **to walk.** — وہ اتنا کمزور ہے کہ چل نہیں سکتا۔

You are **too** young **to** get married. — تم ابھی اتنے چھوٹے ہو کہ تمہاری شادی نہیں ہو سکتی۔

*

UNIT - 60

[a] little, [a] few

(a) little کو جن چیزوں کو نہ گنا جا سکے ان کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً۔

(a) little water (a) little money.

(a) little milk (a) little time

(a) few کو جن چیزوں کو گنا جا سکے ان کے ساتھ استعمال کرتے ہیں مثلاً

(a) few books (a) few friends

(a) few people (a) few days.

a little کو کچھ کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں لیکن زیادہ کے نہیں اس لئے a little ایک مثبت خیال ہے

I have a **little money.** — میرے پاس تھوڑے سے پیسے ہیں۔

She drank a **little tea.** — اس نے تھوڑی سی چائے پی۔

He speaks a **little** English. — وہ تھوڑی بہت انگریزی بولتا ہے۔

'Can you speak Urdu?' — کیا آپ اردو بول سکتے ہیں۔

'**A little.**' — تھوڑی بہت

'Have you got any petrol?' '**A little**'. — کیا آپ کے پاس پٹرول ہے؟ ذرا سا۔

little کو بغیر a کے ساتھ تقریباً نہیں کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔ اس لئے little ایک منفی خیال ہے۔

I have **little money.** — میرے پاس بہت ہی کم پیسے ہیں۔ (نہ ہونے کے برابر)

There was **little food** in the fridge. — فرج میں نہ ہونے کے برابر کھانا تھا۔

He does very **little** work. — وہ بہت ہی کم کام کرتا ہے (نہ ہونے کے برابر)

a few کو کچھ کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں لیکن زیادہ کے نہیں۔ اس لئے a few مثبت خیال ہے

Last night I wrote a **few letters.** — کل رات میں نے چند ایک خط لکھے۔

I have got a **few friends.** — میرے تھوڑے سے دوست ہیں۔

She's going away for a **few days.** — وہ چند دنوں کیلئے کہیں جا رہی ہے۔

'Do you know many people?' '**A few**'. — کیا آپ بہت سے لوگوں کو جانتے ہیں؟ چند ایک کو

'Have you got any cigarettes?' '**A few**'. — "کیا آپ کے پاس کچھ سگریٹ ہیں؟" "تھوڑے سے"

few کو بغیر a کے ساتھ تقریباً نہیں کے معنوں میں استعمال کرنے میں اس لئے few ایک منفی

I have got **few friends.** — میرا تو تقریباً کوئی بھی دوست نہیں۔

There were **few people** in the park. — پارک میں تو بہت ہی کم لوگ تھے (نہ ہونے کے برابر)

His English is very good. He makes **very few mistakes.** — اس کی انگلش بہت اچھی ہے وہ شاید ہی کوئی غلطی کرتا ہے۔

*

UNIT - 61

a lot کو جو چیزیں گنی جا سکیں یا نہ گنی جا سکیں دونوں صورتوں میں استعمال کرتے ہیں۔

a lot of money	**a lot of books.**
a lot of coffee	**a lot of shops.**

Much کو جو چیزیں نہ گنی جا سکیں ان کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً

much money	**much food**
much time	**much tea.**

Many کو جو چیزیں گنی جا سکیں ان کے ساتھ استعمال کرتے ہیں مثلاً

many books	**many questions**
many people	**many shops**

LANGUAGE PRACTICE

Much اور Many کا زیادہ تر استعمال نفی اور سوالیہ جملوں میں ہوتا ہے۔

Do you drink **much tea?**	کیا آپ زیادہ چائے پیتے ہیں؟
I haven't got **much money.**	میرے پاس زیادہ پیسے نہیں ہیں۔
Have you got any **money?**	کیا آپ کے پاس کچھ پیسے ہیں؟
I've got some but **not much.**	میرے پاس ہیں کچھ لیکن زیادہ نہیں۔
There isn't **much milk** in the fridge.	فرج میں زیادہ دودھ نہیں ہے۔
Do you know **many people?**	کیا آپ زیادہ لوگوں کو جانتے ہیں؟

I haven't got **many friends.**	میرے زیادہ دوست نہیں ہیں۔
'Did you take any photographs?'	کیا آپ نے کوئی تصویریں بنائیں؟
'I took some but **not many.**'	کچھ بنائیں لیکن زیادہ نہیں۔
There aren't **many shops** here.	یہاں زیادہ دکانیں نہیں ہیں۔

a lot (of) زیادہ تر مثبت جملوں میں استعمال ہوتا ہے۔

I drink **a lot of** tea.	میں بہت زیادہ چائے پیتا ہوں۔
I have **a lot of** friends.	میرے بہت سارے دوست ہیں۔
He ate **a lot of** food. (a lot of + noun)	اس نے بہت زیادہ کھانا کھایا۔
He ate **a lot**. (not a lot of)	اس نے بہت کھایا۔
There **is a lot of** food.	کھانا بہت ہے۔
There **are a lot of** trees.	وہاں بہت سے درخت ہیں۔

*

UNIT - 62

I must hurry

I'm late. I **must hurry**. مجھے دیر ہو گئی ہے مجھے جلدی کرنا چاہیے۔

I/We/You/They He/She/It	must	come. do. stop. go.

جب بھی کوئی کام ضروری ہو یا اس کو کرنا ہو تو آپ must استعمال کریں۔

You **must tell** me the truth. آپ کو مجھے سچ بتانا چاہیے۔

I **must go** to the bank now. اب مجھے بینک ضرور جانا چاہیے۔

I **must go** to the bank tomorrow. کل ضرور مجھے بینک جانا چاہیے۔

The windows are very dirty. I **must clean** them. کھڑکیاں بہت گندی ہیں۔ مجھے ان کو صاف کرنا چاہیے۔

You **must** hurry. You **mustn't be** late. تمہیں جلدی کرنا چاہیے۔ تمہیں دیر نہیں کرنی چاہئے۔

You **mustn't** walk on the grass. تمہیں گھاس پر چلنا نہیں چاہیے۔

The baby's asleep. We **mustn't** make a noise. بچہ سو رہا ہے ہمیں شور نہیں کرنا چاہیے۔

Your father is ill. He **must go** to the doctor. تمہارے ابو بیمار ہیں۔ ان کو ضرور ڈاکٹر کے پاس جانا چاہیے۔

*

UNIT - 63

Would you like.....?

اگر ہم نے کسی کو کوئی چیز پیش کرنا ہو یا دعوت دینا ہو یا کوئی چیز لینا ہو تو would you like کا استعمال کرتے ہیں۔

'Would you like some tea?' 'yes, please.' کیا آپ چائے پئیں گے؟ جی ہاں۔

'Would you like a cigarette?' 'No, thank you.' کیا آپ سگریٹ پئیں گے؟ نہیں شکریہ۔

Would you like to come to the party? کیا آپ پارٹی میں آنا پسند کریں گے؟

'Would you like to have dinner with me tonight?' کیا آپ آج رات میرے ساتھ کھانا کھانا پسند کریں گے؟

'Yes, I'd love to' (I'd = I would.' جی ضرور۔

I'd like fish please. مجھے مچھلی چاہیے۔

I'm thirsty. **I'd like** a glass of water. مجھے پیاس لگی ہوئی ہے۔ مجھے پانی کا گلاس چاہئے۔

before, after during, while

Before the film, I bought a cake. ۱۔ فلم سے پہلے میں نے ایک کیک خریدا۔

Don't forget to close the windows **before you go** out. ۲۔ باہر جانے سے پہلے کھڑکی بند کرنا مت بھولنا۔

Everybody was nervous **before the examination.** ۳۔ امتحان سے پہلے ہر کوئی پریشان تھا۔

I always have breakfast **before going** to college. — ۴۔ میں ہمیشہ کالج جانے سے پہلے ناشتہ کرتا ہوں۔

Before eating the apple, she washed it. — ۵۔ وہ سیب کھانے سے پہلے دھوتی ہے۔

After the film, I came home. — ۶۔ فلم کے بعد میں گھر آگیا۔

They went home **after they did** the shopping. — ۷۔ شاپنگ کے بعد وہ گھر چلے گئے۔

I started work **after reading** the book. — ۸۔ کتاب پڑھ کر میں نے کام شروع کیا۔

After taking the exeaise they went home. — ۹۔ ورزش کر کے وہ گھر چلے گئے۔

After lunch I go back to work. — ۱۰۔ کھانے کے بعد میں واپس کام پر جاتا ہوں۔

I went to sleep **during the film.** — ۱۱۔ فلم کے دوران میں سونے چلا گیا۔

We didn't speak **during the meal.** — ۱۲۔ کھانے کے دوران ہم نہیں بولے۔

I don't eat much **during the day.** — ۱۳۔ میں دن میں زیادہ نہیں کھاتا۔

They kept on talking **during the concert.** — ۱۴۔ میوزک پروگرام کے دوران وہ باتیں کرتے رہے۔

I went to sleep **while I was watching** the film. — ۱۵۔ فلم دیکھتے دیکھتے میں سو گیا۔

We didn't speak **while we were eating.** — ۱۶۔ کھانا کھاتے ہوئے ہم نہیں بولے۔

Ali telephoned **while you were out.** — ۱۷۔ جب آپ باہر تھے علی نے فون کیا۔

I fell out of bed **while I was asleep.** — ۱۸۔ سونے کے دوران میں بستر سے گر پڑا۔

*

UNIT - 64

Still, Yet

Still جو بات یا چیز ابھی تک ویسی ہی ہو تو اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً

It's **still** raining. — ابھی تک بارش ہو رہی ہے۔

He's **still** at school. — وہ ابھی تک سکول میں ہے۔

I had a lot to eat but I'm **still** hungry. — میرے پاس کھانے کیلئے بہت تھا لیکن میں ابھی تک بھوکا ہوں۔

'Do you **still** live in Lahore?' — کیا تم ابھی تک لاہور میں رہتے ہو؟

'Yes, I do.' — جی ہاں۔

She's **still** waiting for you. — وہ ابھی تک تمہارا انتظار کر رہی ہے۔

Does he **still** smoke? — کیا وہ ابھی تک سگریٹ پیتا ہے؟

He is **still** looking for a job. — وہ ابھی تک ملازمت تلاش کر رہا ہے۔

They are **still** in bed. — وہ ابھی تک بستر پر ہیں۔

yet کا مطلب ہے ابھی تک اس کو نفی اور سوالیہ جملوں میں استعمال کرتے ہیں۔

He hasn't come **yet.** — وہ ابھی تک نہیں آیا ہے۔

Has he come **yet**? — کیا وہ اب تک آگیا ہے؟

Where's Ali? He **isn't** here yet. — علی کہاں ہے؟ وہ ابھی یہاں نہیں ہے۔

Has it stopped raining **yet?** — کیا اب تک بارش رک گئی ہے؟

He hasn't got a job **yet.** — اسے ابھی تک ملازمت نہیں ملی ہے۔

'Are you ready to go **yet?'**'**Not yet.** Wait a moment.' — کیا آپ اب جانے کیلئے تیار ہیں؟ نہیں ابھی نہیں۔ ایک منٹ ٹھہرو۔

Are they eating **yet?** — کیا وہ ابھی تک کھا رہے ہیں؟

*

UNIT - 65

When ......

When I went out, it was raining. (or) — میں باہر گیا تو بارش ہو رہی تھی۔

It was raining **when I went out.**

When you're tired, don't drive. (or) — تم تھک جاؤ تو گاڑی نہ چلانا۔

Don't drive **when you're tired.**

When I phoned them, there was no answer.(or) — جب میں نے انہیں فون کیا تو کوئی جواب نہیں ملا۔

There was no answer **when I phoned them.**

When the programme ended, I switched off the T.V. (or) — جب پروگرام ختم ہوا تو میں نے ٹی وی بند کر دیا۔

I switched off the T.V. **when the programme ended.**

When I'm in Lahore, I'm going to visit Lahore Fort. — جب میں لاہور میں ہوں گا تو لاہور کا قلعہ دیکھوں گا۔

When I get home this evening, I'm going to have a shower. — جب میں آج شام گھر پہنچوں گا تو نہاؤں گا۔

If.....

If you leave at 6:30, you will arrive at 9:30. — اگر آپ ساڑھے چھ بجے روانہ ہوں گے تو آپ ساڑھے نو بجے پہنچ جائیں گے۔

If you speak slowly, I can understand you. (or) — اگر آپ آہستہ بولیں گے تو میں آپ کی بات سمجھ لوں گا۔

I can understand you **if you speak slowly.**

If we don't hurry, we'll be late. (or) — اگر ہم جلدی نہیں کریں گے تو ہم لیٹ ہو جائیں گے۔

We'll be late **if we don't hurry.**

If you are hungry, have something to eat. — اگر آپ کو بھوک ہو تو کھانے کیلئے کچھ لے لینا۔

If the phone rings, can you answer it please? — اگر فون آئے تو کیا آپ سن لیں گے؟

Do you mind **if I smoke?** — کیا میں سگریٹ پی لوں؟

If I'm late, don't wait for me. — اگر مجھے دیر ہو جائے تو میرا انتظار نہ کرنا۔

What shall we do **if it rains?** — اگر بارش ہو گی تو ہم کیا کریں گے ؟

If I go out, I'll close the window. — اگر میں باہر گیا تو کھڑکی بند کر دوں گا۔

*

THE USE OF PREPOSITIONAL PHRASES

[1] About

English	Urdu
They came **about** six o'clock.	وہ تقریباً چھ بجے آئے۔
No discussion **about** politics.	سیاست کے بارے میں کوئی بحث نہیں ہو گی۔
What do you know **about** this matter?	تم اس بات کے بارے میں کیا جانتے ہو؟
She was **about** to leave.	وہ جانے ہی والی تھی۔
Don't move **about.**	ادھر ادھر مت گھومو۔
My things were scattered **about** in the room.	میری چیزیں کمرے میں ادھر ادھر بکھری ہوئی تھیں۔
He has travelled **about** the world.	اس نے دنیا کا سفر کیا ہے۔
There is no body **about.**	ادھر ادھر کوئی دکھائی نہیں دیتا۔
Don't drop cigarette ash **about.**	سگریٹ کی راکھ ادھر ادھر مت گراؤ۔
It's **about** ten miles long.	یہ تقریباً دس میل لمبا ہے۔

[2] Above

English	Urdu
His dealings are **above** board.	اس کا لین دین دھوکہ دہی سے پاک ہے۔
His action is **above** suspicion.	اس کا عمل شک وشبہ سے بالاتر ہے۔
He was married **above** his station.	اس کی شادی اعلیٰ گھرانے میں کی گئی۔
She is **above** you.	اس کا مرتبہ تمہارے سے زیادہ ہے۔
You are **above** twenty.	تمہاری عمر بیس سال سے زیادہ ہے۔
Water rose **above** the level.	پانی سطح سے اوپر آگیا۔
I am **above** any meanness.	مجھ میں کمینگی تو نہیں ہے۔
You are **above** yourself these days.	آج کل تم میں بڑا جذبہ ہے۔

[3] After

English	Urdu
Why do you go upstairs time **after** time?	تم بار بار چھت پر کیوں جاتی ہو۔
After consultation with the doctor, I travelled.	ڈاکٹر کے مشورے کے بعد میں نے سفر کیا۔
He married the girl **after** his own heart.	اس نے اپنی پسند کی لڑکی سے شادی کی۔
She came **after** a few minutes.	وہ چند منٹوں بعد آگئی۔
We inquired **after** his health.	ہم نے اس کی عیادت کی۔
What day comes **after** Monday?	پیر کے بعد کونسا دن آتا ہے؟

The wounded passed away three days **after.**	زخمی تین دن بعد مر گیا۔
You got here **after** I did.	میرے یہاں پہنچنے سے پہلے تم یہاں پہنچے۔
Shut the door **after** you.	جاتے ہوئے دروازہ بند کرتے جانا۔
After all my care, he fell ill.	میری حفاظت کے باوجود وہ بیمار پڑ گیا۔

[4] Against

I was leaning **against** a wall.	میں نے دیوار کے ساتھ ٹیک لگائی ہوئی تھی۔
We work **against** time.	ہم بہت تیزی سے کام کرتے ہیں۔
He acted **against** his parents will.	اس نے اپنے والدین کی مرضی کے خلاف کام کیا۔
I never act **against** my conscience.	میں کبھی اپنے ضمیر کے خلاف کام نہیں کرتا۔
You should take precautions **against** theft.	تمہیں چوری کے خلاف پہلے سے احتیاط کرنا چاہیے۔
Don't go **against** the law.	قانون کی خلاف ورزی نہ کرو۔
Can you swim **against** the current?	کیا تم لہروں کے خلاف تیر سکتے ہو؟
His head struck **against** the wall.	اس کا سر دیوار سے ٹکرایا۔
She was married **against** her will.	اس کی شادی اس کی مرضی کے خلاف کی گئی۔
His appearance is **against** me.	اس کی شکل مجھ سے نہیں ملتی۔

[5] Along

Go **along** the road.	سڑک کے ساتھ ساتھ جاؤ۔
Please past **along** the bus.	برائے مہربانی اوپر ہو جاؤ تاکہ دوسرے لوگوں کو جگہ ملے۔

Come **along.**	ساتھ آؤ
Go **along** here.	اس طرف جاؤ۔
Don't go **along** there.	اس طرف مت جاؤ۔

[6] At

I saw her **at** close.	میں نے اسے قریب سے دیکھا۔
He did it **at** will.	اس نے یہ مرضی سے کیا۔
He left me **at** her mercy.	وہ مجھے اس کے رحم و کرم پر چھوڑ گیا۔
I'm not **at** your command.	میں تمہارے حکم کا پابند نہیں ہوں۔
She came here **at** my request.	وہ میری درخواست پر یہاں آئی۔
You are **at** fault.	تم غلطی پر ہو۔
I saw her **at** a glance.	میں نے اسے ایک نظر دیکھا۔
We met **at** the party.	ہم پارٹی میں ملے۔
The bus stops **at** 36 Lower Mall.	۳۶۔ لوئر مال پر بس رکتی ہے۔
We get together **at** dinner.	ہم رات کھانے پر اکٹھے ہوتے ہیں۔
They left **at** dawn.	وہ طلوع آفتاب کے وقت روانہ ہوئے۔
You are **at** a loss.	تم گھاٹے میں ہو۔
He got money **at** interest.	اس نے سود پر پیسے لئے۔
I'm **at** your service.	میں تو آپ کی خدمت کیلئے حاضر ہوں۔
He fell in love with her **at** first sight.	وہ فوراً اس کی محبت میں گرفتار ہو گیا۔
My business is **at** a standstill.	میرا کاروبار ترقی نہیں کر رہا ہے۔
My father is **at** work.	میرے ابو کام پر گئے ہوئے ہیں۔

[7] Before

Come **before** time.	وقت سے پہلے آنا۔
I get ready **before** breakfast.	میں ناشتہ سے پہلے تیار ہو جاتا ہوں۔
Ladies **before** gentlemen.	خواتین پہلے۔
He appeared **before** a judge.	وہ جج کے سامنے پیش ہوا۔
I've seen this movie **before.**	میں نے یہ فلم پہلے ہی دیکھی ہوئی ہے۔
Your statement will be placed **before** the principal.	تمہارا بیان پرنسپل کے سامنے رکھ دیا جائے گا۔
Before now, where were you?	اب سے پہلے تم کہاں تھے؟
We'll like death **before** dishonour.	ہم بے عزتی سے پہلے موت پسند کریں گے۔

[8] Behind

I don't know what's **behind** the scenes?	مجھے نہیں معلوم کہ اس مسئلہ کے پیچھے کیا ہے؟
He talks **behind** my back.	وہ میری پیٹھ پیچھے باتیں کرتا ہے۔
Her house is **behind** the trees.	اس کا گھر درختوں کے پیچھے ہے۔
I was **behind** the door.	میں دروازے کے پیچھے تھا۔
He attacked her from **behind.**	اس نے اس پر پیچھے سے حملہ کیا۔
What has he left **behind?**	اس نے پیچھے کیا چھوڑا ہے؟
You are **behind** time.	تم دیر سے آئے ہو۔
This dress is **behind** the times.	یہ لباس پرانے فیشن کا ہے۔

You are **behind** me in Urdu.	تم اردو میں مجھ سے پیچھے ہو۔
He is a long way **behind.**	وہ کافی پیچھے ہے۔

[9] Below

He is **below** the director.	وہ ڈائریکٹر کے ماتحت ہے۔
She was married **below** her station.	اس کی شادی نچلے طبقے میں کی گئی۔
Don't hit **below** the belt.	ناجائز وار مت کرو۔
It's **below** me to go there.	وہاں جانا میری شان کے خلاف ہے۔
Don't write **below** this line.	اس لائن سے نیچے نہ لکھیں۔
Temperature is **below** the freezing point.	درجہ حرارت نقطہ جماد سے نیچے ہے۔

[10] Beneath

It's **beneath** my dignity to go there.	وہاں جانا میری شان کے خلاف ہے۔
Your complaint was **beneath** notice.	تمہاری شکایت بہت ہی غیر اہم تھی۔
The baby hid **beneath** the blanket.	بچہ کمبل کے نیچے چھپ گیا۔
His watch disappeared **beneath** water.	اس کی گھڑی پانی کے نیچے غائب ہو گئی۔

[11] Beside

She stood **beside** me.	وہ میرے پاس کھڑی ہو گئی۔
There is park **beside** my house.	میرے گھر کے پاس ایک پارک ہے۔

Your remark is **beside** the point.	تمہارا بیان موضوع سے ہٹ کر ہے۔
She was **beside** herself with joy.	وہ خوشی میں آپے سے باہر ہو گئی۔
Don't stand **beside** the chair.	کرسی کے پاس مت کھڑے ہو۔
Come and sit **beside** me.	آؤ اور آکر میرے پاس بیٹھ جاؤ۔

[12] Between

I'll be there **between** 4 and 5 o'clock.	میں چار اور پانچ بجے کے درمیان وہاں ہوں گا۔
We work **between** sunrise **and** sunset.	ہم طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے درمیان کام کرتے ہیں۔
O.K. It's **between** you and me.	ٹھیک ہے یہ بات آپ کے اور میرے درمیان ہے۔
There's nothing to choose **between** them.	وہ ایک جیسے ہیں۔
I couldn't read it **between** the lines.	میں اس کا خفیہ مطلب نہ سمجھ سکا۔
Stand **between** two boys.	دو لڑکوں کے درمیان کھڑے ہو جاؤ۔

[13] Beyond

It's **beyond** my endurance.	یہ میری برداشت سے باہر ہے۔
Don't go **beyond** the limits.	حد سے آگے مت بڑھو۔
You can't go **beyond** the trees.	تم درختوں سے آگے نہیں جا سکتے۔
There's nothing **beyond** the village.	گاؤں سے آگے کچھ نہیں ہے۔

He can't do anything **beyond** what he has done.	جو اس نے کر دیا ہے وہ اس سے زیادہ کچھ نہیں کر سکتا۔

[14] By

I do every thing **by** myself.	میں ہر کام اکیلے ہی کرتا ہوں۔
The clock stopped **by** itself.	گھڑیال خود ہی رک گیا۔
I'm safe **by** good fortune.	میں اچھی قسمت سے بچ گیا ہوں۔
He went to Karachi **by air**.	وہ بذریعہ ہوائی جہاز کراچی گیا۔
Application must be written **by** hand.	درخواست ہاتھ سے لکھی ہوئی ہونی چاہیے۔
Workers are paid **by** the week.	ملازموں کو ہر ہفتے ادائیگی ہوتی ہے۔
Pakistan won the match **by** 20 runs.	پاکستان بیس دوڑوں سے میچ جیت گیا۔
They travel **by** day and sometimes **by** night too.	وہ دن کے وقت سفر کرتے ہیں اور کبھی کبھار رات کو بھی۔
I swear **by** your head.	میں تمہارے سر کی قسم کھاتا ہوں۔
She should have been here **by** now.	اسے اب تک ادھر ہونا چاہیے۔
Can you repair our T.V. **by** tomorrow?	کیا تم کل تک ہمارا ٹی وی ٹھیک کر سکتے ہو؟
By chance, I met her.	اچانک میں اسے ملا۔
He paid me **by** cheque.	اس نے مجھے چیک کے ذریعے ادائیگی کی۔
We have to do everything **by** force of circumstances.	ہمیں ہر کام حالات سے مجبور ہو کر کرنا پڑتا ہے۔
You can use my pen **by** all means.	آپ بڑے شوق سے میرا قلم استعمال کر سکتے ہیں۔

Our class room is twenty feet **by** fifteen.
ہمارا کلاس روم بیس ضرب پندرہ فٹ کا ہے۔

Don't hold me **by** the arm.
مجھے میرے بازو سے نہ پکڑو۔

She was sitting **by** herself.
وہ اکیلے بیٹھی ہوئی تھی۔

He passed his Exam. **by** hook or **by** crook.
وہ جائز و ناجائز ذریعے سے امتحان پاس کر گیا۔

Asif is, **by** nature, very lazy.
آصف فطری طور پر ہی بہت سست ہے۔

[15] Down

She walked **down** the road.
وہ سڑک کے ساتھ چلی۔

Tears ran **down** her face.
اس کے آنسو نکل آئے۔

You look **down** in the mouth.
تم بہت پریشان لگتے ہو۔

Don't throw money **down** the drain.
پیسے ضائع مت کرو۔

I got **down** to work.
میں نے سنجیدگی سے کام شروع کر دیا۔

I fell **down** the stairs.
میں سیڑھیوں سے گر گیا۔

[16] During

During the holidays, I went to Karachi.
چھٹیوں میں میں کراچی گیا۔

I help the people **during** the war.
میں جنگ کے دوران لوگوں کی مدد کرتا ہوں۔

She told me **during** the visit.
اپنی ملاقات کے دوران اس نے مجھے بتایا۔

They came **during** the day.
وہ دن کے دوران آئے۔

[17] For

I got late **for** college.
مجھے کالج سے دیر ہو گئی۔

I can say **for** certain.
میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں۔

Make room **for** me.
میرے لئے جگہ بناؤ۔

I took you **for** my brother.
میں غلطی سے تمہیں اپنا بھائی سمجھا۔

He works **for** P.I.A.
وہ پی آئی اے میں کام کرتا ہے۔

What's **for** breakfast?
ناشتے میں کیا ہے؟

I believe in "an eye **for** an eye."
میں برابر کے بدلے پر یقین رکھتا ہوں۔

I am speaking **for** her.
میں اس کی طرف سے بول رہا ہوں۔

He ran **for** all he was worth.
وہ اپنی پوری رفتار سے دوڑا۔

I won't tell anyone **for** the world.
میں کسی کو بھی کسی شرط پر نہ بتاؤں گا۔

For one thing, he is right.
ایک وجہ سے تو وہ بھی ٹھیک ہے۔

We do everything **for** love.
ہم محبت کیلئے سب کچھ کرتے ہیں۔

She does nothing **for** no ryhme or reason.
وہ بغیر وجہ کچھ نہیں کرتی۔

For goodness sake! Don't shout.
خدا کیلئے مت چلاؤ۔

Why don't you go with him **for** company ?
تم ویسے ہی اس کے ساتھ کیوں نہیں جاتے؟

He heard the shot and ran **for** dear life.
اس نے گولی کی آواز سنی تو اپنی جان بچانے کے لئے بھاگا۔

I'm leaving this city **for** good.
میں ہمیشہ کے لئے اس شہر سے جا رہا ہوں۔

He worked hard **for** life.
اس نے ساری زندگی محنت کی۔

She stayed here for an hour.
وہ گھنٹہ بھر یہاں ٹھہری۔

Let's go out for a walk.
آؤ باہر چہل قدمی کے لئے چلتے ہیں۔

[18] From

Get knowledge **from** the cradle to the grave.
مہد سے لحد تک علم حاصل کرو۔

You are safe **from** danger.
تم خطرے سے محفوظ ہو۔

We are away **from** home.
ہم گھر سے دور ہیں۔

Things are going **from** bad to worse.
حالات بد سے بد تر ہو رہے ہیں۔

I jumped **from** a wall.
میں نے دیوار پر سے چھلانگ لگائی۔

I'm **from** Pakistan.
میرا تعلق پاکستان سے ہے۔

From my point of view it's wrong.
میرے نقطہ نظر سے یہ غلط ہے۔

We went **from** Multan to Kot Adu.
ہم ملتان سے کوٹ ادو گئے۔

This play is **from** life.
یہ ڈرامہ زندگی سے ماخوذ ہے۔

Invite him **from** me.
اسے میری طرف سے دعوت دینا۔

Don't judge the things **from** appearance.
چیزوں کی ظاہری حالت پر مت جاؤ۔

He knows it **from** A to Z.
وہ اس کے بارے میں مکمل جانتا ہے۔

You will have to go **from** door to door.
تمہیں گھر گھر جانا پڑے گا۔

I release you **from** a promise.
میں تمہیں وعدے سے آزاد کرتا ہوں۔

They rescued the people **from** death.
انہوں نے لوگوں کو موت سے بچایا۔

He is here **from** 8 to 9 o'clock.
وہ آٹھ بجے سے نو بجے تک یہاں ہے۔

Butter is made **from** milk.
مکھن دودھ سے بنایا جاتا ہے۔

He went **from** pillar to post to find a job.
وہ ملازمت تلاش کرنے جگہ جگہ گیا۔

[19] In

He put the keys **in** his pocket.
اس نے چابیاں جیب میں ڈالیں۔

You should be a doctor **in** future.
تمہیں مستقبل میں ڈاکٹر بننا چاہیے۔

He left **in** the morning.
وہ صبح کو گیا۔

What happened **in** the end?
آخر میں کیا ہوا؟

He did it **in** good faith.
اس نے یہ نیک نیتی سے کیا۔

Take exercise **in** the open.
کھلی فضا میں ورزش کرو۔

Don't put her **in** doubt.
اسے شک میں نہ ڈالو۔

Cut it **in** the middle.
اسے درمیان سے کاٹو۔

Tell her **in** detail.
اسے تفصیل سے بتاؤ۔

He is **in** danger.
وہ خطرے میں ہے۔

He spent his day **in** luxury.
اس نے اپنا دن عیش میں گزارا۔

They'll complete their work **in** an hour.
وہ ایک گھنٹے میں اپنا کام مکمل کر لیں گے۔

Write **in** ink.
سیاہی سے لکھو۔

She called me **in** anger.
اس نے مجھے غصے سے بلایا۔

Don't cut me **in**.
میری بات مت کاٹو۔

He saw it **in** the newspaper.
اس نے یہ اخبار میں دیکھا۔

She cried **in** pain.
وہ درد سے چلائی۔

No body takes interest **in** my sorrow.	میرے غم میں کوئی دلچسپی نہیں لیتا۔
In this case, I can't say yes.	ایسی صورت میں میں تو ہاں نہیں کہہ سکتا۔
I'll spend the rest of my life **in** Lahore.	میں اپنی باقی زندگی لاہور میں گزاروں گا۔
Don't stand **in** front of me.	میرے سامنے مت کھڑے ہو۔
Go **in** front.	سامنے جایئے۔
I have many problems **in** front of me.	میرے سامنے بہت سے مسائل ہیں۔
I've seen you **in** your true colours.	میں نے تمہاری اہلیت دیکھ لی ہے۔
Tell me everything **in** full.	مجھے ہر چیز تفصیل سے بتاؤ۔
Don't speak **in** heat.	غصے سے مت بولو۔
You always speak **in** jest.	تم ہمیشہ غیر سنجیدہ بات کرتے ہو۔
I'll be back **in** a jiffy.	میں چٹکی بجانے میں واپس آیا۔
Always live **in** moderation.	ہمیشہ اعتدال سے رہو۔
You're **in** the right.	تم صحیح ہو۔
I read three books **in** succession.	میں نے لگاتار تین کتابیں پڑھیں۔
My friend is **in** a thousand.	میرا دوست ہزاروں میں ایک ہے۔
You are **in** good time.	تم سویرے آگئے ہو۔
He sings **in** tune.	وہ صحیح گانا گاتا ہے۔

[20] Into

He fell **into** the river.	وہ دریا میں گر گیا۔
She got **into** trouble.	وہ مشکل میں پھنس گئی۔
He burst **into** laughters.	وہ کھل کھلا کر ہنس پڑا۔

Turn water **into** steam.	پانی کو بھاپ میں بدلو۔
Don't go **into** the room.	کمرے میں مت جاؤ۔
Why do you fly **into** a rage?	تمہیں غصہ کیوں آجاتا ہے؟

[21] Of

He died **of** hunger.	وہ بھوک سے مر گیا۔
The fire must have broken out **of** itself.	آگ ضرور خود ہی لگ گئی ہوگی۔
He is a man **of** influence.	وہ اثر و رسوخ والا آدمی ہے۔
You are a man **of** means.	تم امیر آدمی ہو۔
The inhabitants **of** Lahore are good.	لاہور کے لوگ اچھے ہیں۔
He is **of** no account.	وہ کسی کام کا نہیں ہے۔
He is **of** my size.	اس کا سائز میرے جتنا ہے۔
She comes **of** a good stock.	وہ اچھے خاندان سے تعلق رکھتی ہے۔
He comes **of** a bad stock.	وہ برے خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔
I went there **of** my own will.	میں اپنی مرضی سے وہاں گیا۔
You are a man **of** courage.	تم تو باحوصلہ ہو۔
He bought a kilo **of** apples.	اس نے ایک کلو سیب خریدے۔
His efforts were **of** no consequence.	اس کی کوششیں غیر اہم تھیں۔
We are **of** one mind.	ہم سب متفق ہیں۔
He died **of** cancer.	وہ کینسر سے مر گیا۔
He is an English teacher **of** note.	وہ انگلش کا ممتاز استاد ہے۔
I'm **of** the opinion that we should work hard.	میرا خیال ہے کہ ہمیں محنت کرنا چاہیے۔

I bought a car **of** a sort. — میں نہایت سستی سی کار خریدی۔

You are **of** a great value to me. — تمہاری تو میرے لئے بڑی اہمیت ہے۔

She buys everything **of** the first water. — وہ ہر شے اعلیٰ درجے کی خریدتی ہے۔

(22) Off

Water is **off**. — پانی نہیں آرہا۔

Electricity is **off**. — بجلی نہیں آرہی۔

Our college is **off** the main road. — ہمارا کالج مین روڈ سے دور ہے۔

He gave me a day **off**. — اس نے مجھے ایک دن کی چھٹی دی۔

I think that I'll have the Monday **off**. — میرا خیال ہے کہ میں پیر کو چھٹی کروں گا۔

Bitter gourds are **off** now-a-days. — آج کل کریلے دستیاب نہیں ہیں۔

Have your hair **off**. — اپنے بال کٹواؤ۔

Holidays are not far **off**. — چھٹیاں زیادہ دور نہیں ہیں۔

I'm **off** my food. — مجھے بہت کم بھوک ہے۔

He didn't give him a day **off**. — اس نے اسے ایک دن کی چھٹی نہیں دی۔

This building is **off** the bus stop. — یہ عمارت بس سٹاپ سے دور ہے۔

The baby fell **off** the roof. — بچہ چھت سے گرا۔

Keep **off** the grass. — گھاس سے دور رہو۔

You should do it **off** your own bat. — تمہیں یہ اپنے بل بوتے پر کرنا چاہیے۔

We buy our clothes **off** the peg. — ہم اپنے کپڑے سلے سلائے خریدتے ہیں۔

He flies **off** at a tangent. — وہ اچانک اپنے خیالات بدل لیتا ہے۔

Why do you go **off** the top? — ناراض کیوں ہوتے ہو؟

Don't get **off** the track. — اصل موضوع سے مت ہٹو۔

He works **off** the reel. — وہ مسلسل کام کرتا ہے۔

Never do anything **off** the cuff. — بغیر تیاری یا پہلے سے سوچے کوئی کام نہ کرو۔

(23) On

What's **on**? — کیا پروگرام ہے؟

Is the water **on** yet? — کیا پانی ابھی تک آرہا ہے۔

Our electricity is **on**. — ہماری بجلی آرہی ہے۔

I'm not willing **on** any condition. — میں کسی بھی شرط پر آمادہ نہیں۔

She doesn't act **on** my advice. — وہ میرے مشورے پر عمل نہیں کرتی۔

She wanted to buy it **on** credit. — وہ اسے ادھار خریدنا چاہتی تھی۔

She can go with me **on** any condition. — وہ کسی بھی شرط پر میرے ساتھ جا سکتی ہے۔

We're ready **on** every condition. — ہم ہر شرط پر تیار ہیں۔

I met her **on** Sunday. — میں اتوار کو اس سے ملا۔

They would go there **on** no account. — وہ کسی بھی شرط پر وہاں نہیں جائیں گے۔

He met me **on** the way. — وہ مجھے رستے میں ملا۔

The map is **on** the wall.	نقشہ دیوار پر ہے۔
G.P.O. is **on** the Mall.	جی پی او مال روڈ پر ہے۔
Write it **on** the blackboard.	تختہ سیاہ پر یہ لکھو۔
On that day, he was out of sorts.	اس دن اس کی طبیعت خراب تھی۔
She does everything **on** her own.	وہ ہر کام اکیلے ہی کرتی ہے۔
I have a lot **on** my plate.	میرے پاس اپنے ہی بہت کام ہیں۔
I do nothing **on** the side.	میں فالتو کام نہیں کرتا۔
She likes to chatter **on** and **on** for hours and hours.	اسے گھنٹوں لگاتار باتیں کرنا پسند ہے۔
We do nothing **on** the sly.	ہم چوری کوئی کام نہیں کرتے۔

[24] Out

Asif is **out**.	آصف باہر گیا ہوا ہے۔
The clerks are **out** again.	کلرکوں نے پھر ہڑتال کر دی ہے۔
Is Imran **out** or is he still playing?	کیا عمران نے کھیل چھوڑ دیا ہے یا ابھی تک کھیل رہا ہے۔
High heels are **out** these days.	آج کل اونچی ایڑی کا فیشن نہیں۔
The book is **out** at the moment.	اس لمحے کتاب گئی ہوئی ہے۔
Look **out** when you're crossing the road.	جب آپ سڑک پار کریں تو احتیاط کیا کریں۔
Put **out** the fire.	آگ بجھا دیں۔
He passed **out** because of the heat.	وہ گرمی کی وجہ سے بے ہوش ہو گیا۔

The ink has run **out**.	سیاہی ختم ہو گئی ہے۔
They set **out** as the sun was rising.	جب سورج نکل رہا تھا تو وہ روانہ ہوئے۔
Your sweater stands **out** in that photograph.	اس تصویر سے تمہارا سویٹر بڑا نمایاں ہے۔
Don't forget to turn **out** the lights when you leave.	جب تم جاؤ تو لائٹ بند کرنا نہ بھولنا۔

[25] Out of

She came **out of** the blue there.	وہ اچانک وہاں آنکلی۔
Why are you **out of** breath?	تمہارا سانس کیوں پھولا ہوا ہے؟
Now he is **out of** danger.	اب وہ خطرے سے باہر ہے۔
I got **out of** debt.	میں نے قرضہ چکا دیا۔
Tight clothes are **out of** fashion these days.	آج کل تنگ کپڑوں کا فیشن نہیں۔
He is **out of** job these days.	آجکل وہ بے کار ہے۔
Time **out of** mind, it happened.	بہت عرصہ پہلے یہ ہوا۔
My motor bike is **out of** order.	میری موٹر سائیکل خراب ہے۔
That book is **out of** print.	یہ کتاب دستیاب نہیں ہے۔
It is **out of** question to go there.	وہاں جانے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔
Nothing is **out of** reach.	پہنچ سے باہر کوئی چیز نہیں ہوتی۔
Bitter gourds are **out of** season now.	اب کریلے دستیاب نہیں ہیں۔
He was **out of** sorts.	اس کی طبیعت خراب تھی۔

Why are you **out of** temper? — تمہارا مزاج کیوں بگڑا ہوا ہے؟

It is **out of** use these days. — آج کل یہ استعمال میں نہیں ہے۔

She sang **out of** tune. — اس نے بے سرا گایا۔

[26] Over

You are **over** age now. — اب تمہاری عمر زیادہ ہو گئی ہے۔

I went **over** his head. — میں بغیر اجازت اس کے پاس پہنچ گیا۔

He is **over** me. — وہ مجھ سے اوپر کام کرتا ہے۔

They jumped **over** the wall. — انہوں نے دیوار کے اوپر سے چھلانگ لگائی۔

We travelled **over** land. — ہم نے خشکی کا سفر کیا۔

I stayed there **over** night. — میں نے رات بھر وہاں قیام کیا۔

He travelled all **over** the world. — اس نے دنیا کے ہر حصے کی سیر کی۔

I have power **over** you. — مجھے تم پر اختیار ہے۔

The play is **over.** — ڈرامہ ختم ہو گیا ہے۔

The time is **over.** — وقت ختم ہو گیا ہے۔

I keep on turning **over** in the bed. — میں بستر پر کروٹیں بدلتا رہتا ہوں۔

She talked to me **over** the phone. — اس نے فون پر مجھ سے بات کی۔

He showed me **over** a house. — اس نے مجھے سارا گھر دکھایا۔

Our problems will soon be **over**. — ہمارے مسائل جلد ختم ہو جائیں گے۔

He has two officers **over** him. — اس کے اوپر دو افسر ہیں۔

[27] Round

You have gone **round** the bend. — تم پاگل ہو گئے ہو۔

He works **round** the clock. — وہ چوبیس گھنٹے کام کرتا ہے۔

I walk **round** the garden daily. — میں روزانہ باغ کا چکر لگاتا ہوں۔

I have travelled **round** the world. — میں نے دنیا کی سیر کی ہے۔

I brought her round. — میں نے اس کو قائل کیا۔

[28] Through

I jumped **through** the window. — میں نے کھڑکی میں سے چھلانگ لگائی۔

The Ravi flows **through** Lahore. — راوی لاہور میں سے بہتا ہے۔

The way to Iran runs **through** Quetta. — ایران کا رستہ کوئٹہ سے نکلتا ہے۔

We have to work **through** the day. — ہمیں سارا دن کام کرنا پڑتا ہے۔

I have got **through** the Exam. — میں نے امتحان پاس کر لیا ہے۔

We'll go **through** fire and water for you. — ہم آپ کیلئے ہر قسم کی مشکلات کا سامنا کریں گے۔

Our forefathers lived here **through** the ages. — ہمارے آباؤ اجداد کئی صدیوں یہاں رہے۔

He applied **through** proper channel. — اس نے صحیح طریقے سے درخواست دی۔

He kept on sleeping **through** the lesson.	وہ سبق کے شروع سے لے کر آخر تک سوتا رہا۔
He was wet **through and through**.	وہ سر سے لے کر پاؤں تک گیلا تھا۔
That was all **through** you.	وہ سب تمہاری وجہ سے تھا۔
It hasn't happened **through** any fault of yours.	یہ آپ کی کسی غلطی کی وجہ سے نہیں ہوا ہے۔
You are blind **through and through**.	تم پورے پورے اندھے ہو۔
Light can't pass **through** the door.	روشنی دروازے سے نہیں گزر سکتی۔
The rain water is seeping **through** the ceiling.	بارش کا پانی چھت میں سے سیم رہا ہے۔

[29] To

He goes **to** work.	وہ کام پر جاتا ہے۔
I go **to** bed at 11 o'clock.	میں گیارہ بجے سوتا ہوں۔
I accompanied him **to** the stop.	میں نے سٹاپ تک اسے چھوڑا۔
Your offer seems fair **to** me.	تمہاری پیشکش مجھے معقول لگتی ہے۔
It fell **to** the ground.	یہ زمین پر گرا۔
He is working hard **to** this day.	وہ آج دن تک محنت کر رہا ہے۔
He fought **to** the death.	وہ موت تک لڑا۔
All his efforts came **to** no end.	اس کی تمام کوششیں بے سود گئیں۔
To some extent, he is right.	کسی حد تک وہ صحیح ہے۔

She told him **to** his face that she didn't like him.	اس نے اس کے منہ پر بتایا کہ وہ اسے پسند نہیں کرتی۔
He argued **to** the last.	اس نے آخر تک دلیلیں دیں۔
The red colour of the shirt is not **to** my liking.	شرٹ کا سرخ رنگ میری پسند نہیں ہے۔
I don't like **to** talk to a everyone.	میں ہر ایک سے بات کرنا پسند نہیں کرتا۔
His answer was **to** the point.	اس کا جواب بالکل صحیح تھا۔
To my mind, it isn't correct.	میرے خیال میں یہ درست نہیں ہے۔

[30] Under

We're **under** a cloud these days.	آج کل ہمارے حالات خراب ہیں۔
He is **under** the weather.	اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔
Your application is **under** consideration.	تمہاری درخواست زیر غور ہے۔
The candidates **under** twenty can't appear.	بیس سال سے کم امیدوار امتحان نہیں دے سکتے۔
You are **under** arrest.	تم گرفتار ہو چکے ہو۔
They were talking **under** their breath.	وہ آہستہ آہستہ باتیں کر رہے تھے۔
Our house is **under** repair.	ہمارا گھر زیر مرمت ہے۔
I am **under** treatment.	میں زیر علاج ہوں۔
She came here **under** pressure.	وہ دباؤ میں آکر یہاں آئی۔
There are many clerks **under** me.	میرے ماتحت کئی کلرک ہیں۔
Our area is **under** water.	ہمارے علاقے میں سیلاب آیا ہوا ہے۔

They are **under** way.	وہ وہاں سے چل پڑے ہیں۔
Her character is **under** suspicion.	اس کا کردار مشکوک ہے۔
He does nothing **under** cover.	وہ چھپ کر کچھ نہیں کرتا۔

[31] Up

The bad news naturally cut him **up**.	بری خبر نے قدرتی طور پر اس کو پریشان کر دیا۔
The partnership is expected to break **up**.	پارٹنرشپ ختم ہونے کی توقع ہے۔
Don't fight. Break it **up**.	لڑو مت۔ اسے بند کرو۔
Who brought you **up**?	آپ کی پرورش کس نے کی؟
Who brought this matter **up**?	یہ معاملہ کس نے چھیڑا؟
Tension is building **up**.	پریشانی بڑھ رہی ہے۔
I'll call you **up** in your office.	میں تمہیں دفتر میں فون کروں گا۔
Can't we clear the matter **up** ourselves?	کیا ہم یہ مسئلہ خود نہیں حل کر سکتے۔
pull the chair **up** to the fire.	کرسی کھینچ کر آگ کے پاس لے آؤ۔
What are you dressing **up** as at the Eid-ul-fitr?	آپ عید الفطر پر کون سا لباس پہنیں گے ؟
Sugar is going **up** again.	چینی کی قیمت پھر بڑھ رہی ہے۔
My children have grown **up** now.	اب میرے بچے بڑے ہو گئے ہیں۔
If you can't keep **up**, then give **up**.	اگر تم مستحکم نہیں رہ سکتے تو پھر چھوڑ دو۔

The doctor advised him to lie **up** for a week.	ڈاکٹر نے اسے ایک ہفتہ آرام کرنے کا مشورہ دیا
The car pulled **up** in front of me.	کار میرے سامنے کھڑی ہو گئی۔

[32] With

You fought **with** your own friend.	تم اپنے ہی دوست کے ساتھ لڑ پڑے۔
He is **with** no clothes on.	اس نے تو کچھ بھی نہیں پہنا ہوا۔
Her mouth was closed **with** shame.	اس کا منہ شرم سے بند ہو گیا۔
I have a sweater **with** big buttons.	میرے پاس بڑے بٹنوں والا سویٹر ہے۔
He is going to marry another girl **with** the death of his first wife.	وہ اپنی پہلی بیوی کی موت کے ساتھ ہی ایک اور لڑکی سے شادی کرنے لگا ہے۔
She came here **with** the aim of marriage.	وہ شادی کے مقصد کیلئے یہاں آئی تھی۔
I do it **with** pleasure.	میں یہ بخوشی کرتا ہوں۔
He agrees **with** me **with** difficulty.	وہ مشکل سے میری بات مانتا ہے۔
Do it **with** care.	یہ احتیاط سے کرنا۔
Whom did you go **with**?	تم کس کے ساتھ گئے تھے؟
With all my faults, she loved me.	میری تمام خامیوں کو جانتے ہوئے وہ مجھ سے محبت کرتی تھی۔
Stay **with**in your status.	اپنی اوقات میں رہو۔

VOCABULARY IN SENTENCES

SET-1

1. You must get the hang of matter. — ۱۔ تم بات کو تھوڑا بہت سمجھ لیا کرو۔
2. It was pitch dark there. — ۲۔ وہاں گھپ اندھیرا تھا۔
3. He is a dangler. — ۳۔ وہ بھونڈ ہے۔
4. It is already visited place. — ۴۔ یہ پہلے دیکھی ہوئی جگہ ہے۔
5. How beautifully he sings! — ۵۔ وہ کتنا خوبصورت گاتا ہے!
6. School your temper. — ۶۔ اپنے غصے پر قابو پاؤ۔
7. He is warm today. — ۷۔ آج اس کی طبیعت ناساز ہے۔
8. You are a work shy. — ۸۔ تم کام چور ہو۔
9. Step this way. — ۹۔ ذرا ادھر تو آئیے۔
10. You'll never be schooled. — ۱۰۔ تم کبھی سیدھے نہیں ہو گے۔

SET-2

1. You are a wind bag. — ۱۔ تم فضول باتوں میں وقت ضائع کرتے ہو۔
2. Don't talk rubbish. — ۲۔ فضول باتیں نہ کرو۔
3. Fine words butter no side. — ۳۔ محض باتوں سے کیا ہوتا ہے۔
4. Dabble it into water. — ۴۔ اسے پانی میں بھگوؤ۔
5. What the fuss are you making? — ۵۔ تم کیا ہنگامہ برپا کر رہے ہو؟

6. Queen is dead. — ۶۔ یہ بات بہت پرانی ہو چکی ہے۔
7. Tell me, it's true or false. — ۷۔ مجھے بتاؤ یہ کھرا ہے یا کھوٹا۔
8. Hurriedly come here. — ۸۔ جلدی سے یہاں آؤ۔
9. There will be ructions. — ۹۔ کچھ نہ کچھ گڑبڑ ہو گی۔
10. I had a near guess. — ۱۰۔ میرا اندازہ بہت قریب تھا۔

SET-3

1. You are worth less. — ۱۔ تم نکمے ہو۔
2. He was walking tip toe. — ۲۔ وہ پنجوں کے بل چل رہا تھا۔
3. It's still tip top. — ۳۔ یہ ابھی تک نئی ہے۔
4. If we do anything wrong, God will torment us. — ۴۔ اگر ہم کچھ گڑبڑ کریں گے تو خدا ہمیں سزا دے گا۔
5. I have a tiny dog. — ۵۔ میرے پاس ایک چھوٹا سا کتا ہے۔
6. He was between wind and water. — ۶۔ وہ نازک جگہ پر تھا۔
7. He will prepay me some money. — ۷۔ وہ کچھ پیسے مجھے پیشگی ادا کرے گا۔
8. Don't peculate any one. — ۸۔ کسی کی امانت میں خیانت مت کرو۔
9. Let by gones be by gones. — ۹۔ جو ہو گیا سو ہو گیا۔
10. Lead him by the hand. — ۱۰۔ اسے ہاتھ پکڑ کر بتاؤ۔

SET-4

1. She serves me broken meal. — ۱۔ وہ مجھے بچا کھچا کھانا دیتی ہے۔

2. Seeing me, she bursts with joy.
   ۲۔ مجھے دیکھ کر وہ پھولے نہیں سماتی۔
3. She bursts with envy when she looks the others getting rich.
   ۳۔ جب وہ دوسروں کو امیر ہوتا دیکھتی ہے تو جل بھن جاتی ہے۔
4. Don't set the others by ears.
   ۴۔ دوسروں کے کان مت بھرو۔
5. I can't stand in this long queue.
   ۵۔ میں اس لمبی قطار میں کھڑا نہیں ہو سکتا۔
6. He is popping corn.
   ۶۔ وہ مکئی بھون رہا ہے۔
7. You plod.
   ۷۔ تم جوں کی چال چلتے ہو۔
8. Even walls have ears.
   ۸۔ دیواروں کے بھی کان ہوتے ہیں۔
9. She bears a grudge.
   ۹۔ وہ اپنے دل میں کینہ رکھتی ہے۔
10. My teacher beat me black and blue.
    ۱۰۔ میرے استاد نے مجھے مار مار کر نیل ڈال دیئے۔

SET-5

1. I beat him off.
   ۱۔ میں نے اسے مار بھگایا۔
2. He started his work over again.
   ۲۔ اس نے اپنا کام نئے سرے سے شروع کیا۔
3. Don't hit below the belt.
   ۳۔ ناجائز وار مت کرو۔
4. He'll touch the bottom.
   ۴۔ وہ بات کی تہہ تک پہنچے گا۔
5. It's buggy.
   ۵۔ یہ کھٹملوں سے بھری ہوئی ہے۔
6. I'll hoof you.
   ۶۔ میں تمہیں لاتیں مار کر باہر نکال دوں گا۔
7. It's a honey comb.
   ۷۔ یہ شہد کی مکھیوں کا چھتہ ہے۔
8. A juggler juggled us.
   ۸۔ مداری نے ہماری نظر باندھ دی۔

9. Your majesty, I am a poor man.
   ۹۔ جہاں پناہ۔ میں غریب آدمی ہوں۔
10. This is a morgue.
    ۱۰۔ یہ مردہ خانہ ہے۔

SET-6

1. I know your moon shine.
   ۱۔ مجھے تمہارے بے کار منصوبوں کا پتہ ہے۔
2. Never more.
   ۲۔ پھر کبھی نہیں یا اب کبھی نہیں۔
3. Move heaven and earth, I must marry her.
   ۳۔ زمین آسمان ایک کر لو میں ضرور اس سے شادی کروں گا۔
4. You are mudding through.
   ۴۔ تم تکے لگا رہے ہو۔
5. Don't cry blue murder.
   ۵۔ خواہ مخواہ شور مت مچاؤ۔
6. Don't mumble.
   ۶۔ منہ میں مت بولو۔
7. Don't wrangle here.
   ۷۔ یہاں بحث مت کرو۔
8. He is slow to wrath.
   ۸۔ وہ ٹھنڈے مزاج کا آدمی ہے۔
9. A quip is deeper.
   ۹۔ زبان کی چوٹ ہتھیار کی چوٹ سے گہری ہوتی ہے۔
10. I rinse my mouth daily.
    ۱۰۔ میں روزانہ کلی کرتا ہوں۔

SET-7

1. Light is glimmering.
   ۱۔ روشنی ٹمٹما رہی ہے۔
2. He gobbles.
   ۲۔ وہ چپڑ چپڑ کھاتا ہے۔
3. What is she goggling at?
   ۳۔ وہ کس کو دیدے گھما گھما کر دیکھ رہی ہے؟
4. He is goggle-eyed.
   ۴۔ وہ بھینگا ہے۔
5. He hears the grass grow.
   ۵۔ وہ تو اڑتی چڑیا کے پر گن لیتا ہے۔
6. You don't have gumption.
   ۶۔ تیرے میں تو سمجھ بوجھ ہی نہیں ہے۔

English	Urdu
7. We all guzzle.	۷۔ ہم سب کھا پی کر سب برابر کر دیتے ہیں۔
8. Upon my honour, don't go there.	۸۔ میری عزت کا واسطہ ادھر مت جاؤ۔
9. You are in a fog.	۹۔ تمہاری عقل کام نہیں کرتی۔
10. He for one doesn't know.	۱۰۔ کم از کم وہ تو نہیں جانتا۔

SET-8

English	Urdu
1. There is force in what he says.	۱۔ اس کی بات میں وزن ہے۔
2. I want to take freedom with her.	۲۔ میں اس سے بے تکلف ہونا چاہتا ہوں۔
3. She is very fretty.	۳۔ وہ بڑی چڑچڑی ہے۔
4. I have curly hair.	۴۔ میرے گھنگھریالے بال ہیں۔
5. Nobody went to his funeral.	۵۔ اس کے جنازے پر کوئی نہیں گیا۔
6. I have fulled my clothes.	۶۔ میں نے اپنے کپڑوں کو کلف لگایا ہے۔
7. What is this gab?	۷۔ یہ کیا بک بک ہے؟
8. What'd be further more?	۸۔ اس سے زیادہ اور کیا ہوگا؟
9. The ghost of other marriage hasn't got off his head.	۹۔ دوسری شادی کا بھوت اس کے سر سے نہیں اترا ہے۔
10. He is toweling.	۱۰۔ وہ ہاتھ منہ پونچھ رہا ہے۔

SET-9

English	Urdu
1. Make tracks.	۱۔ رفو چکر ہو جاؤ۔
2. Dissension breeds contempt.	۲۔ نااتفاقی میں رنج ہوتا ہے۔

English	Urdu
3. He was given 'hush money'.	۳۔ اسے چپ رہنے کیلئے رشوت دی گئی۔
4. What are you kawing?	۴۔ تم کیا کائیں کائیں کر رہے ہو؟
5. Take it good or bad.	۵۔ اسے صحیح سمجھ یا غلط۔
6. He is a party wall between you and me.	۶۔ تمہارے اور میرے درمیان وہ بیچ کی دیوار ہے۔
7. Set the things in order.	۷۔ چیزوں کو ترتیب سے رکھو۔
8. I have no body back and forth.	۸۔ میرے آگے پیچھے کوئی نہیں ہے۔
9. He'll bring it into play.	۹۔ وہ اسے استعمال میں لائے گا۔
10. May you have more power to your elbow.	۱۰۔ خدا تمہیں اور ہمت اور طاقت دے۔

SET-10

English	Urdu
1. He was bristled.	۱۔ اس کے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔
2. It all happened all at once.	۲۔ یہ سب یکایک ہوا۔
3. Don't allure her.	۳۔ اسے سبز باغ نہ دکھاؤ۔
4. It's an auspicious day.	۴۔ یہ مبارک دن ہے۔
5. Don't altercate with me.	۵۔ مجھ سے تو تو میں میں نہ کرو۔
6. You should have told me too soon.	۶۔ مجھے قبل از وقت بتانا چاہیے تھا۔
7. He is near sighted.	۷۔ اس کی دور کی نظر کمزور ہے۔
8. He is long sighted.	۸۔ اس کی نزدیک کی نظر کمزور ہے۔
9. I'll do it whether you strain every nerve.	۹۔ چاہے تم جتنا بھی زور لگا لو میں یہ کروں گا۔

10. He doesn't have road sense.
۱۰۔ اسے سڑک پر گاڑی چلانے کا شعور ہی نہیں ہے۔

SET-11

1. He has an evil eye on her.
۱۔ اس کی اس پر بری نظر ہے۔
2. I know your elusion.
۲۔ مجھے تمہاری حیلہ سازی کا پتہ ہے۔
3. Ask her round.
۳۔ اسے اپنے گھر بلاؤ۔
4. Show me round your house.
۴۔ مجھے اپنا گھر اچھی طرح دکھاؤ۔
5. Scale fully.
۵۔ پورا تولو۔
6. Don't give short measures.
۶۔ کم مت تولو۔
7. He is empty minded.
۷۔ وہ کوڑھ مغز ہے۔
8. He isn't worth his salt.
۸۔ وہ کام پر رکھنے کے قابل نہیں ہے۔
9. Don't out step.
۹۔ حد سے مت بڑھو۔
10. She out sits here.
۱۰۔ وہ یہاں دیر تک بیٹھی رہتی ہے۔

SET-12

1. Don't out work.
۱۔ زیادہ کام نہ کیا کرو۔
2. My conscience blames me.
۲۔ میرا ضمیر مجھے ملامت کرتا ہے۔
3. I beat him half hearted.
۳۔ میں نے اسے بے دلی سے مارا۔
4. Keep your hair on.
۴۔ اپنے حواس درست رکھو۔
5. She doesn't turn a hair.
۵۔ وہ تو ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتی۔
6. He has played his part well.
۶۔ اس نے اپنا حق اچھی طرح ادا کر دیا ہے۔

7. More praise than pudding.
۷۔ فائدہ کم تعریف زیادہ۔
8. The baby is cutting teeth.
۸۔ بچہ دانت نکال رہا ہے۔
9. I don't cheat anybody.
۹۔ میں کسی کو دھوکا نہیں دیتا۔
10. Whether he snatches every thing from me, even then he'll cut no ice.
۱۰۔ چاہے وہ مجھ سے ہر چیز چھین لے پھر بھی اس کا کچھ بن نہیں پڑے گا۔

SET-13

1. Tell me roundly.
۱۔ مجھے صاف صاف بتاؤ۔
2. It seems to be good apparently.
۲۔ بظاہر تو یہ اچھا لگتا ہے۔
3. You out sell the things.
۳۔ تم چیزیں مہنگی بیچتے ہو۔
4. He is looking blank.
۴۔ وہ گھبرایا ہوا دکھائی دے رہا ہے۔
5. He's at the point of death.
۵۔ وہ قریب المرگ ہے۔
6. You are walking haltingly, what's the matter?
۶۔ تم رک رک کر چل رہے ہو کیا بات ہے؟
7. Be limited.
۷۔ حد میں رہو۔
8. You are used to hair splitting.
۸۔ تمہیں بال کی کھال اتارنے کی عادت ہے۔
9. I'm having rice milk.
۹۔ میں کھیر کھا رہا ہوں۔
10. You embezzled my property.
۱۰۔ تم نے میری جائداد غبن کر لی۔

SET-14

1. She is very rowdy dowdy.	۱۔ وہ بڑی جھگڑالو ہے۔
2. Now, you take up your parable.	۲۔ اب تم اپنی داستان سناؤ۔
3. Why don't you pull up all the evils by roots?	۳۔ تم تمام برائیوں کو جڑ سے اکھاڑ کیوں نہیں پھینکتے؟
4. He is shining with reflected light.	۴۔ وہ مانگے ہوئے کپڑے پہن کر اترا رہا ہے۔
5. You are an engraved rogue.	۵۔ تم چھٹے ہوئے بدمعاش ہو۔
6. He has come here empty handed.	۶۔ وہ یہاں خالی ہاتھ آیا ہے۔
7. Take the waste papers away.	۷۔ ردی کاغذ دور لے جاؤ۔
8. You want to have point blank.	۸۔ تم کھری کھری سننا چاہتے ہو۔
9. Don't go ahead. It's out post.	۹۔ آگے مت جاؤ۔ یہ سرحدی چوکی ہے۔
10. He was in a peck of trouble.	۱۰۔ وہ مصیبتوں کے طوفان میں گھرا ہوا تھا۔

SET-15

1. Where is mop?	۱۔ کوچی کہاں ہے؟
2. We should do it with one consent.	۲۔ ہمیں یہ اتفاق رائے سے کرنا چاہیے۔
3. I want to get a key post.	۳۔ میں ایک بڑی نوکری حاصل کرنا چاہتا ہوں۔
4. She walks oddly.	۴۔ وہ بڑے عجیب طریقے سے چلتی ہے۔

5. I am an office bearer.	۵۔ میں عہدے دار ہوں۔
6. He is an out spoken person.	۶۔ وہ تو صاف صاف بات کرنے والا شخص ہے۔
7. Hold you peace.	۷۔ خاموش رہو یا چپ رہو۔
8. He is childless.	۸۔ وہ بے اولاد ہے۔
9. She is childlike.	۹۔ وہ بچوں کی طرح صاف دل ہے۔
10. Tell me right down.	۱۰۔ مجھے صاف صاف بتاؤ۔

SET-16

1. He is right minded.	۱۔ وہ راست باز ہے۔
2. She has pounded me to jelly.	۲۔ اس نے تو میرا کچومر ہی نکال دیا۔
3. He pounded the ice to pieces.	۳۔ اس نے برف کو کوٹ کوٹ کر چورا کیا۔
4. What is in pip kin there?	۴۔ ہنڈیا میں کیا ہے؟
5. Pay him off.	۵۔ اس کا حساب کتاب کر کے اسے چھٹی دو۔
6. I just dust your coat.	۶۔ میں ابھی تمہاری مرمت کرتا ہوں۔
7. She is carping tongued.	۷۔ وہ کالی زبان والی ہے۔
8. She looked blank.	۸۔ وہ ہکا بکا رہ گئی۔
9. You have blasted it.	۹۔ تم نے تو اس کا ستیاناس کر دیا ہے۔
10. God blast you.	۱۰۔ خدا تمہیں غارت کرے۔

SET-17

1. He is a lover general.	۱۔ وہ ہر ایک سے عشق کرتا ہے۔
2. He greases the palm of his officers.	۲۔ وہ اپنے افسروں کی مٹھی گرم کرتا ہے۔

3. Knowledge is limitless. — ۳۔ علم غیر محدود ہے۔
4. She is one of the thousands. — ۴۔ وہ ہزاروں میں ایک ہے۔
5. I like chilled water. — ۵۔ مجھے ٹھنڈا ٹھار پانی پسند ہے۔
6. Water is chin deep. — ۶۔ پانی گلے تک ہے۔
7. I am right hearted. — ۷۔ میں نیک دل ہوں۔
8. You should play your cards well. — ۸۔ تمہیں موقع سے پورا پورا فائدہ اٹھانا چاہیے۔
9. It's pay day. — ۹۔ یہ تنخواہ کا دن ہے۔
10. She came in so pawkishly that I couldn't guess. — ۱۰۔ وہ اتنی چالاکی سے اندر آئی کہ مجھے پتہ ہی نہ چلا۔

SET-18

1. You're blowing my coals. — ۱۔ تم میرے جذبات کو ہوا دے رہے ہو۔
2. You're turning your coat. — ۲۔ تم نمک حرامی کر رہے ہو۔
3. He is doing with plain bread. — ۳۔ وہ روکھی سوکھی کھا کر گزارہ کر رہا ہے۔
4. He is brazen faced. — ۴۔ وہ بے غیرت ہے۔
5. He is long winded. — ۵۔ وہ بڑے دم والا ہے۔
6. He is a looker on. — ۶۔ وہ تماش بین ہے۔
7. They went out loosely. — ۷۔ وہ بے پروائی سے باہر چلے گئے۔
8. He is off the hinges. — ۸۔ اس کی چولیں ڈھیلی ہیں۔
9. He has tarnished his reputation. — ۹۔ اس نے اپنی عزت پر دھبہ لگالیا ہے۔
10. He sticks like a leech. — ۱۰۔ وہ تو جونک کی طرح چمٹ جاتا ہے۔

SET-19

1. Shame on you. — ۱۔ شرم کرو۔
2. He has broken my back. — ۲۔ اس نے تو میری کمر ہی توڑ دی ہے۔
3. He carved his way. — ۳۔ اس نے اپنے بل بوتے پر ترقی کی۔
4. Time hangs heavy in trouble. — ۴۔ مشکل میں وقت جلدی نہیں کٹتا۔
5. No news is good news. — ۵۔ جب کوئی خبر نہ آئے تو سب کچھ ٹھیک ہے۔
6. Why does he take long? — ۶۔ وہ دیر کیوں لگاتا ہے؟
7. I don't take long. — ۷۔ میں دیر نہیں لگاتا۔
8. I get late. — ۸۔ مجھے دیر ہو جاتی ہے۔
9. He has a long family. — ۹۔ اس کا بہت بڑا کنبہ ہے۔
10. He is straining a point. — ۱۰۔ وہ ایک بات کو بے جا طول دے رہا ہے۔

SET-20

1. Moke he is. — ۱۔ وہ بھی گدھا ہی ہے۔
2. She is only skin and bones. — ۲۔ وہ تو ہڈیوں کا ڈھانچہ ہے۔
3. He always comes out of time. — ۳۔ وہ ہمیشہ بے وقت آتا ہے۔
4. She sets every body at nought. — ۴۔ وہ تو ہر آدمی کو حقیر سمجھتی ہے۔
5. Homer, sometimes nods. — ۵۔ بڑے سے بڑے آدمی سے غلطی ہوسکتی ہے۔
6. You should mend the matters. — ۶۔ تمہیں معاملات کی اصلاح کرنی چاہیے۔
7. It's our national anthem. — ۷۔ یہ ہمارا قومی ترانہ ہے۔
8. You make the most of it. — ۸۔ تم اسے بڑھا چڑھا کر دکھاتے ہو۔

9. I have sent him a word. ۹۔ میں نے اسے بلا بھیجا ہے۔

10. She is a sky high. ۱۰۔ وہ تو آسمانوں سے باتیں کرتی ہے۔

SET-21

1. You are quackish. ۱۔ تم اناڑی ہو۔
2. He'll prove me first. ۲۔ پہلے وہ مجھے آزمائے گا۔
3. Don't provoke him. ۳۔ اسے اشتعال مت دلاؤ۔
4. She doesn't have any resting while. ۴۔ اس کے پاس تو سر کھجلنے کیلئے بھی وقت نہیں ہے۔
5. I am pushed for time. ۵۔ مجھے فرصت نہیں ہے۔
6. He is pushed for money these days. ۶۔ آج کل اس کا ہاتھ تنگ ہے۔
7. It's rumbling. ۷۔ یہ گڑبڑ کر رہی ہے۔
8. Ill news runs apace. ۸۔ بری خبر جلد پھیلتی ہے۔
9. She is a rope dancer. ۹۔ وہ رسے پر چلتی ہے۔
10. You are no more a lord than I am. ۱۰۔ تم کوئی مجھ سے زیادہ نواب نہیں ہو۔

SET-22

1. He had a run away marriage with her. ۱۔ اس نے اسے بھگا لے جا کر شادی کی۔
2. At last my ruse did the trick. ۲۔ آخر کار میری حکمت عملی نے کام دکھایا۔
3. He was garlanded of bills. ۳۔ اسے نوٹوں کے ہار پہنائے گئے۔
4. He is his own master. ۴۔ وہ اپنی مرضی کا مالک ہے۔
5. It's of no account. ۵۔ یہ کسی کام کا نہیں ہے۔

6. He took her there treacherously. ۶۔ وہ اسے دھوکے سے وہاں لے گیا۔
7. Hear and tremble. ۷۔ سنو اور ڈرو۔
8. She loves him with a will. ۸۔ وہ اسے دل و جان سے چاہتی ہے۔
9. Eat your words. ۹۔ اپنے الفاظ واپس لو۔
10. Put the paddle on the right horse. ۱۰۔ جس کا قصور ہے اسے ہی پکڑ۔

SET-23

1. She is wearing a cross. ۱۔ اس نے صلیب پہنی ہوئی ہے۔
2. She came in growlingly. ۲۔ وہ گرجتے ہوئی اندر آئی۔
3. Don't growl. ۳۔ مت گرجو۔
4. King of terrors spares no one. ۴۔ ملک الموت کسی کو نہیں بخشتا۔
5. Bring the table cloth. ۵۔ میز پوش لاؤ۔
6. Why are you in sulks? ۶۔ تم نے منہ کیوں پھلایا ہوا ہے؟
7. He'll smother you. ۷۔ وہ تمہارا گلا گھونٹ دے گا۔
8. They had a table talk. ۸۔ انہوں نے کھانے کے دوران گپ شپ کی۔
9. Your word is in season. ۹۔ تم وقت پر نصیحت کرتے ہو۔
10. His word is out of season. ۱۰۔ وہ بے وقت نصیحت کرتا ہے۔

SET-24

1. Curse comes to the roost. ۱۔ اپنا کوسا اپنے آگے ہی آتا ہے۔
2. I am yours truly. ۲۔ میں ہوں آپ کا خادم۔

English	Urdu
3. Say a good word for the others.	۳۔ دوسروں کیلئے کلمہ خیر نکالو۔
4. His word is as good as a bond.	۴۔ اس کے منہ سے نکلی ہوئی بات کسی دستاویز سے کم نہیں ہے۔
5. Why are you lost all the time?	۵۔ تم ہر وقت کیوں کھوئے رہتے ہو؟
6. Two heads are better than one.	۶۔ ایک سے دو بھلے۔
7. He has walked me off my legs.	۷۔ اس نے مجھے چلا چلا کر تھکا مارا ہے۔
8. Tie her tongue.	۸۔ اس کی زبان بند کرو۔
9. It was a terrible bore to me.	۹۔ یہ میرے لئے وبال جان تھی۔
10. You can make me do nothing violently.	۱۰۔ تم زبردستی مجھ سے کچھ نہیں کروا سکتے۔

SET-25

English	Urdu
1. Speak with one voice.	۱۔ یک زبان ہو کر بولو۔
2. I know him by sight.	۲۔ میری اس کی معمولی جان پہچان ہے۔
3. Now run your rig.	۳۔ اب اپنی چال چلو۔
4. They attacked him from right and left.	۴۔ انہوں نے اس پر چاروں طرف سے حملہ کر دیا۔
5. Roll my log and I'll roll yours.	۵۔ عزت کرو اور عزت کرواؤ۔
6. Remember me kindly to him.	۶۔ میری طرف سے اسے بہت بہت سلام کہنا۔
7. Don't put him to shame.	۷۔ اسے شرمندہ نہ کرو۔

English	Urdu
8. She sleeps round the clock.	۸۔ وہ بارہ گھنٹے سوتی ہے۔
9. Don't prick my bubble.	۹۔ میرا بھانڈا مت پھوڑو۔
10. He is in the wrong.	۱۰۔ وہ غلطی پر ہے۔

SET-26

English	Urdu
1. Will you have gruel?	۱۔ کیا آپ دلیا کھائیں گے؟
2. He is very gas bag.	۲۔ وہ بڑا شیخی باز ہے۔
3. He crossed his mind.	۳۔ اس کے دل میں آیا۔
4. He is cross breed.	۴۔ وہ دو نسلی ہے۔
5. I crouch you.	۵۔ میں تمہارے پاؤں پڑتا ہوں۔
6. These all are cant phrases.	۶۔ یہ سب دکھاوے کی باتیں ہیں۔
7. She is very cockered.	۷۔ وہ بہت لاڈلی ہے۔
8. I can't cocker you.	۸۔ میں تمہارے ناز نہیں اٹھا سکتا۔
9. He is driving nail into his coffin.	۹۔ وہ اپنی موت کو دعوت دے رہا ہے۔
10. Don't cock your hat before me.	۱۰۔ مجھے اپنا بانکپن نہ دکھاؤ۔

SET-27

English	Urdu
1. He can do it gracefully.	۱۔ وہ اسے خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکتا ہے۔
2. What would happen further more?	۲۔ اس سے بڑھ کر اور کیا ہو گا؟
3. He plays the giddy goats.	۳۔ وہ بیوقوفوں کی سی حرکتیں کرتا ہے۔
4. He is in my good graces.	۴۔ وہ میرا منظور نظر ہے۔

5. You have made a hash of it.	۵۔ تم نے تو اس کا ستیاناس کر دیا ہے۔
6. You talk through your hat.	۶۔ تم شیخیاں مارتے ہو۔
7. He talks full of salts.	۷۔ وہ بڑے مزے کی باتیں کرتا ہے۔
8. He'll hash you.	۸۔ وہ تیرا قیمہ کر دے گا۔
9. She's a harlot.	۹۔ وہ فاحشہ ہے۔
10. Harlotry is not allowed in Islam.	۱۰۔ اسلام میں حرام کاری کی اجازت نہیں ہے۔

SET-28

1. You are well groomed today.	۱۔ آج تو تم بڑے بنے سنورے ہو۔
2. She is a haggler.	۲۔ وہ تکرار بڑی کرتی ہے۔
3. Just her luck.	۳۔ اس کی قسمت ہی ایسی ہے۔
4. It sleets.	۴۔ بارش کی جھڑی ہے۔
5. He laughs in his sleeves.	۵۔ وہ منہ چھپا کر ہنستا ہے۔
6. He'll bring her to his terms.	۶۔ وہ اس سے اپنی شرائط منوا لے گا۔
7. She didn't come to my terms.	۷۔ اس نے میری شرائط نہیں مانیں۔
8. Don't tell tales.	۸۔ افواہیں مت پھیلاؤ۔
9. I squatted there.	۹۔ میں آلتی پالتی مار کر وہاں بیٹھ گیا۔
10. I'll spy it out.	۱۰۔ میں اسے خفیہ طور پر معلوم کر لوں گا۔

SET-29

1. Roll up your sleeves.	۱۔ لڑنے کیلئے تیار ہو جاؤ۔
2. She had a broken sleep last night.	۲۔ پچھلی رات وہ بے چینی کی نیند سوئی۔
3. I'll slap you.	۳۔ میں تمہیں تھپڑ ماروں گا۔
4. She is a sleep walker.	۴۔ وہ نیند میں چلتی ہے۔
5. Show me the door.	۵۔ مجھے دروازے کا رستہ دکھاؤ۔
6. He'll give away your show.	۶۔ وہ تمہارا راز فاش کر دے گا۔
7. You are a shuffler.	۷۔ تم گرگٹ کی طرح رنگ بدلتے ہو۔
8. Don't spin a yarn.	۸۔ جھوٹی کہانی مت گھڑو۔
9. I'll see him further first.	۹۔ میں پہلے مزید اسے دیکھوں گا۔
10. We were getting ahead like fury.	۱۰۔ ہم بلا کے جوش سے آگے بڑھ رہے تھے۔

SET-30

1. It was my gaudy day.	۱۔ یہ میری دعوت کا دن تھا۔
2. People die on flosidity.	۲۔ لوگ چمک دمک پر مرتے ہیں۔
3. Evil times and dog's days are about to come.	۳۔ برے دن اور بری گھڑیاں آنے والی ہیں۔
4. He is faint hearted.	۴۔ وہ نامرد ہے۔
5. She dips into her purse.	۵۔ وہ دل کھول کر خرچ کرتی ہے۔
6. Talk of the devil and he'll appear.	۶۔ شیطان کی بات کرو اور وہ آگیا۔
7. He made his money lawful.	۷۔ اس نے اپنے پیسے حلال کیے۔

8. Wine is unlawful in Islam. — ۸۔ شراب اسلام میں حلال نہیں ہے۔
9. It's ill got wealth. — ۹۔ یہ حرام کی کمائی ہے۔
10. His aunt is a mid wife. — ۱۰۔ اس کی چچی دائی ہے۔

SET-31

1. She tipped me the wink. — ۱۔ اس نے مجھے آنکھ ماری۔
2. He has desponded. — ۲۔ وہ ہمت ہار بیٹھا ہے۔
3. You have taken my heart. — ۳۔ تم تو میرے دل میں گھر کر گئی ہو۔
4. He is tattling. — ۴۔ وہ بے تکی باتیں کر رہا ہے۔
5. Don't tantalize me. — ۵۔ مجھے دکھا دکھا کر مت ترساؤ۔
6. You draw a long bow. — ۶۔ تم لمبی چوڑی ہانکتے ہو۔
7. He is a tame cat. — ۷۔ وہ دوسروں پر گزارہ کرتا ہے۔
8. it is too good to be sure. — ۸۔ یہ اتنی اچھی خبر ہے کہ یقین نہیں آتا۔
9. He keeps on toiling for me. — ۹۔ یہ میرے لئے جان مارتا رہتا ہے۔
10. Why are you pinching me? — ۱۰۔ تم مجھے چٹکی کیوں کاٹ رہے ہو؟

SET - 32

1. He was armed to the teeth. — ۱۔ وہ سر سے لے کر پاؤں تک مسلح تھا۔
2. Now we are in deep waters. — ۲۔ اب پانی سر سے اونچا ہو گیا ہے۔
3. He is cutting his own throat. — ۳۔ وہ اپنے پاؤں پر کلہاڑی مار رہا ہے۔
4. Don't remind me anything. — ۴۔ مجھے کچھ یاد مت دلاؤ۔

5. You walk like a swell these days. — ۵۔ آج کل زمین پر تمہارے پاؤں نہیں ٹکتے۔
6. There is an orphanage in Lahore. — ۶۔ لاہور میں ایک یتیم خانہ ہے۔
7. Why do you play truant? — ۷۔ تم سکول سے کیوں بھاگ جاتے ہو؟
8. Asif is truant. — ۸۔ آصف بھگوڑا ہے۔
9. We'll stand no truck. — ۹۔ ہم گندی باتیں برداشت نہیں کریں گے۔
10. She cored him off. — ۱۰۔ اس نے اسے لاجواب کر دیا۔

SET - 33

1. Go and take air. — ۱۔ جاؤ جا کر ہوا کھاؤ۔
2. He has exalted her to the skies. — ۲۔ اس نے تو اسے آسمان پر چڑھا دیا ہے۔
3. Where is scab of this cloth? — ۳۔ اس کپڑے کی کترن کہاں ہے؟
4. You are in the wrong box. — ۴۔ نقصان میں تو تم ہو۔
5. Where is tea caddy? — ۵۔ چائے کا ڈبہ کہاں ہے؟
6. It was a storm in the tea cup. — ۶۔ یہ تو معمولی بات پر ہنگامہ تھا۔
7. Don't lose your temper. — ۷۔ آگ بگولہ نہ ہو۔
8. Don't show me temper. — ۸۔ مجھے بدمزاجی مت دکھاؤ۔
9. He is showing me his teeth. — ۹۔ وہ مجھے دھمکی دے رہا ہے۔
10. You have got on my nerves. — ۱۰۔ تم نے تو میری جان کھا لی ہے۔

SET - 34

English	Urdu
1. He'll tell the world.	۱۔ وہ توڈنکے کی چوٹ پر اعلان کرے گا۔
2. I've an artistic temperament.	۲۔ میں فنکارانہ مزاج آدمی ہوں۔
3. Think twice before doing.	۳۔ ایک بار کرنے سے پہلے سو بار سوچو۔
4. Go with stream.	۴۔ زمانے کے ساتھ ساتھ چلو۔
5. She walks strangely	۵۔ وہ عجیب طریقے سے چلتی ہے۔
6. They are cutting their own throat.	٦۔ وہ اپنی بربادی کا سامان پیدا کر رہے ہیں۔
7. She spends her money thriftily.	۷۔ وہ اپنے پیسے کفایت شعاری سے خرچتی ہے۔
8. A thrill of joy ran to his life.	۸۔ اس کی زندگی میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔
9. Take up the thread.	۹۔ جہاں سے چھوڑا تھا وہیں سے شروع کرو۔
10. He is thick skinned.	۱۰۔ وہ بے غیرت ہے۔

SET - 35

English	Urdu
1. I'll take you by the throat.	۱۔ میں تمہارا ٹینٹوا دبا دوں گا۔
2. He is a strapper man.	۲۔ وہ لمبا تڑنگا آدمی ہے۔
3. He was storm bound.	۳۔ وہ طوفان میں گھرا ہوا تھا۔
4. Strangle from here.	۴۔ یہاں سے تتر بتر ہو جاؤ۔
5. He is very stolid.	۵۔ وہ بہت اڑیل ہے۔
6. Lull the baby.	٦۔ بچے کو لوری دو۔

English	Urdu
7. Where have I fallen among thieves?	۷۔ میں کہاں چوروں میں پھنس گیا ہوں؟
8. Don't fall into rage.	۸۔ طیش میں مت آؤ۔
9. She sold it dog cheap.	۹۔ اس نے اسے کوڑیوں کے مول بیچ دیا۔
10. She does everything stolidly.	۱۰۔ وہ ہر چیز ضد سے کرتی ہے۔

SET - 36

English	Urdu
1. He is a fair weather friend.	۱۔ وہ مطلبی دوست ہے۔
2. Soft words cost nothing.	۲۔ زبان شیریں ملک گیری۔
3. She is very honey tongued.	۳۔ وہ زبان کی بڑی میٹھی ہے۔
4. It's our tongue that brings honour or dishonour.	۴۔ زبان ہی ہاتھی پر چڑھائے زبان ہی سر کٹائے۔
5. Don't talk much.	۵۔ زیادہ باتیں نہ کرو۔
6. She has found her tongue.	٦۔ اس کی زبان بہت کھل گئی ہے۔
7. His wounds are healing up now.	۷۔ اب اس کے زخم مندمل ہو رہے ہیں۔
8. Seeing sweets, I bring water to my mouth.	۸۔ مٹھائی دیکھ کر میرے منہ میں پانی بھر آتا ہے۔
9. You are enjoying to your heart content.	۹۔ تمہاری پانچوں انگلیاں گھی میں ہیں۔
10. Habit takes long to depart.	۱۰۔ عادت آسانی سے نہیں جاتی۔

SET - 37

1. Purse pride isn't good. ۱۔ روپے کا غرور اچھا نہیں ہوتا۔
2. All are not alike in this world. ۲۔ پانچوں انگلیاں برابر نہیں ہیں۔
3. He'll return my money little by little. ۳۔ وہ تھوڑے تھوڑے کر کے میرے پیسے واپس کردے گا۔
4. He is a treacherous friend. ۴۔ وہ میٹھی چھری ہے۔
5. Your wound is suppurating. ۵۔ تمہارا زخم پک رہا ہے۔
6. You have a long tongue. ۶۔ تم بڑی زبان دراز ہو۔
7. It stands to reason. ۷۔ یہ بات معقول ہے۔
8. Here is rolling pin. ۸۔ یہ لوبیلن۔
9. The meat is undone. ۹۔ یہ گوشت کچا ہے۔
10. It touched her home. ۱۰۔ یہ بات اسے تیر کی طرح لگی۔

SET - 38

1. She touched me to the quick. ۱۔ اس نے میرے زخموں پر نمک چھڑکا۔
2. She is a stalker. ۲۔ وہ اترا کر چلتی ہے۔
3. Who has stabbed me in the back? ۳۔ میری قیمت کس نے لگائی ہے؟
4. She is snipping. ۴۔ وہ قینچی سے کتر رہی ہے۔
5. Rats snipped the net. ۵۔ چوہوں نے جال کتر دیا۔
6. He snapped him from death's jaw. ۶۔ اس نے اسے موت کے منہ سے نکالا۔

7. Make it snappy. ۷۔ جلدی کرو۔
8. What is he sniffing? ۸۔ وہ کیا سوں سوں کر رہا ہے؟
9. Don't scrape your wound. ۹۔ اپنے زخم کو مت کھرچو۔
10. They are scrabbling in the water. ۱۰۔ وہ پانی میں ہاتھ مار رہے ہیں۔

SET - 39

1. Don't scribble on the wall. ۱۔ دیوار پر لکیریں مت لگاؤ۔
2. He is a shammer. ۲۔ وہ بہانے باز ہے۔
3. She is sham asleep. ۳۔ وہ جھوٹ موٹ سو رہی ہے۔
4. He is shatter brained. ۴۔ اس کا دماغ بڑا پریشان ہے۔
5. You have no value. ۵۔ تم تو نہ تین میں نہ تیرہ میں۔
6. You are stout and strong. ۶۔ تم ہٹے کٹے ہو۔
7. He did it at a dare devil. ۷۔ اس نے یہ ہتھیلی پر سر رکھ کر کیا۔
8. Why do you stammer? ۸۔ تم ہکلاتے کیوں ہو؟
9. He has fallen in love with her. ۹۔ اس کا اس پر دل آگیا ہے۔
10. I am highly pleased. ۱۰۔ میرا دل باغ باغ ہو گیا ہے۔

SET - 40

1. Don't take ill. ۱۔ دل برا نہ کرو۔
2. We are satiated. ۲۔ ہمارا دل بھر گیا ہے۔
3. It is our agreeable thing. ۳۔ یہ ہماری پسندیدہ شے ہے۔
4. I am dying for her. ۴۔ میرا اس کیلئے دل تڑپ رہا ہے۔

5. It tastes bitter.	۵۔ یہ کڑوی ہے۔
6. It's dwelling my heart.	۶۔ یہ میرے دل میں گھر کر رہی ہے۔
7. You have won my heart.	۷۔ تم نے میرا دل جیت لیا ہے۔
8. It was just a joking.	۸۔ یہ صرف دل لگی تھی۔
9. Don't hurt anyone's feelings.	۹۔ کسی کا دل مت دکھاؤ۔
10. She is lover of music.	۱۰۔ وہ موسیقی کی دلدادہ ہے۔

SET - 41

1. Do your bit.	۱۔ جو کر سکتے ہو کر لو۔
2. It is an upto hill task.	۲۔ یہ بڑا مشکل کام ہے۔
3. It was an unexpected blow.	۳۔ یہ ناگہانی آفت تھی۔
4. He blows hot and cold.	۴۔ وہ کبھی کچھ کہتا ہے کبھی کچھ۔
5. He is very base minded.	۵۔ وہ بہت گھٹیا ہے۔
6. This is the way of the world.	۶۔ دنیا کا یہی دستور ہے۔
7. He is watching his time.	۷۔ وہ مناسب موقع کا منتظر ہے۔
8. He always kicks down the ladder.	۸۔ وہ ہمیشہ جس تھالی میں کھاتا ہے اسی میں چھید کرتا ہے۔
9. He might prick my bubble.	۹۔ ہو سکتا ہے وہ میرا بھانڈا پھوڑ دے۔
10. Don't use bandy words with him.	۱۰۔ اس کے ساتھ تو تو میں میں نہ کرو۔

SET - 42

1. Your baloon will go bang.	۱۔ تمہارا غبارہ پھٹ جائے گا۔
2. It's a meatless day.	۲۔ آج گوشت کا ناغہ ہے۔
3. Do it roundly, otherwise I know obliquety.	۳۔ اسے سیدھی طرح کرو ورنہ مجھے دوسرا طریقہ بھی آتا ہے۔
4. He took oath.	۴۔ اس نے حلف اٹھایا۔
5. You are nosy.	۵۔ تمہاری ناک بہت بڑی ہے۔
6. He is a night man.	۶۔ وہ بھنگی ہے۔
7. She was night walking.	۷۔ وہ نیند میں چل رہی تھی۔
8. Newsagent has delivered the newspaper.	۸۔ اخبار فروش اخبار دے گیا ہے۔
9. We are like minded.	۹۔ ہم ہم خیال ہیں۔
10. He is a well off person.	۱۰۔ وہ کھاتا پیتا آدمی ہے۔

SET - 43

1. She was wearing nose pin and ear rings.	۱۔ اس نے کوکا اور بالیاں پہنی ہوئی تھیں۔
2. He is my near relative.	۲۔ وہ میرا نزدیک کا رشتہ دار ہے۔
3. He earns his living illegally.	۳۔ وہ اپنی روزی ناجائز طریقے سے کماتا ہے۔
4. All is over but shouting.	۴۔ سب کچھ ختم ہو گیا لیکن شور باقی ہے۔
5. She is looking blue.	۵۔ وہ اداس نظر آرہی ہے۔
6. When he had palmy days every body loved him.	۶۔ جب اس کی خوشحالی کا زمانہ تھا تو ہر آدمی اس سے پیار کرتا تھا۔

7. She pinched her fingers in the door.	۷۔ اس کی انگلیاں دروازے میں آ گئیں۔
8. This woman is our bond maid.	۸۔ یہ عورت ہماری لونڈی ہے۔
9. His word is as good as his bond.	۹۔ اس کا قول اتنا ہی پکا ہے جتنی اس کی تحریر۔
10. Don't make me goofy bewitchingly.	۱۰۔ مجھے دلربائی سے بیوقوف مت بناؤ۔

SET - 44

1. I'll give him a bit of my mind.	۱۔ میں اسے کھری کھری سناؤں گا۔
2. Keep the pot boiling.	۲۔ ابھی اس کے ساتھ کام چلاؤ۔
3. I can kill two birds with one stone.	۳۔ میں ایک تیر سے دو شکار کر سکتا ہوں۔
4. He beat her shockingly.	۴۔ اس نے اسے بری طرح مارا۔
5. You have round cheeks.	۵۔ تمہارے گال پھولے ہوئے ہیں۔
6. But me, no buts.	۶۔ اگر مگر نہ کرو۔
7. It is not a poor house.	۷۔ یہ محتاج خانہ نہیں ہے۔
8. Tell me, roundly where she is?	۸۔ مجھے صاف صاف بتاؤ وہ کہاں ہے؟
9. He is clean handed.	۹۔ وہ بے گناہ ہے۔
10. Screw up your courage.	۱۰۔ حوصلے سے کام لو۔

SET - 45

1. He'll carry you off your feet.	۱۔ وہ تمہارے پاؤں اکھاڑ دے گا۔
2. He's a queer fish.	۲۔ وہ سرپھرا آدمی ہے۔

3. Why do you flop?	۳۔ تم بھدے پن سے کیوں چلتے ہو؟
4. I'll marry her at all hazard.	۴۔ کچھ بھی ہو ہر قیمت پر میں اس سے شادی کروں گا۔
5. It heals all.	۵۔ یہ ہر مرض کی دوا ہے۔
6. Don't fling dirt on the others.	۶۔ دوسروں پر کیچڑ مت اچھالو۔
7. Being your friend, I advise you.	۷۔ دوست ہونے کی حیثیت سے میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں۔
8. Being what do you say so?	۸۔ ایسا تم کس حیثیت سے کہتے ہو؟
9. Have it your own way.	۹۔ تم جانو تمہارا کام۔
10. My shoes pinch me.	۱۰۔ میرے جوتے مجھے کاٹتے ہیں۔

SET - 46

1. Keep this secret to yourself.	۱۔ یہ راز اپنے تک رکھنا۔
2. He'll raze your respect to the ground.	۲۔ وہ تمہاری عزت خاک میں ملا دے گا۔
3. Why do you yawn in the class?	۳۔ تم جماعت میں جمائیاں کیوں لیتے ہو؟
4. They have recitation at home.	۴۔ ان کے گھر پر قرآن خانی ہے۔
5. They are getting the Holy Quran recited.	۵۔ وہ قرآن پاک ختم کروا رہے ہیں۔
6. They are distributing offering.	۶۔ وہ نیاز تقسیم کر رہے ہیں۔
7. You will have to eat your dirt.	۷۔ تمہیں اپنی توہین برداشت کرنا پڑے گی۔

8. He was beside himself.	۸۔ وہ آپے سے باہر ہو گیا۔
9. We had lunch to the top of our heart.	۹۔ ہم نے جی بھر کر دوپہر کا کھانا کھایا۔
10. First come, first served.	۱۰۔ پہلے آیئے پہلے پایئے۔

SET - 47

1. She'll twist you round her little finger.	۱۔ وہ تمہیں تگنی کا ناچ نچا دے گی۔
2. He is best abused.	۲۔ وہ سب سے زیادہ بدنام ہے۔
3. Bad is the best.	۳۔ جو ملے وہی غنیمت ہے۔
4. Don't persist.	۴۔ ضد مت کرو۔
5. No smoke without fire.	۵۔ جہاں آگ وہاں دھواں۔
6. We did it for the best.	۶۔ ہم نے یہ بہتری کیلئے کیا۔
7. You broke the pot to pieces.	۷۔ تم نے برتن چکنا چور کر دیا۔
8. For all that, we went there.	۸۔ اس کے باوجود ہم وہاں گئے۔
9. He did his best.	۹۔ اس نے اپنی جان لڑا دی۔
10. What is this bosh?	۱۰۔ یہ کیا بیہودہ گفتگو ہے؟

SET - 48

1. We consider your arrival more important.	۱۔ ہم آپ کی تشریف آوری کو مقدم سمجھتے ہیں۔
2. I want to stand on my own bottom.	۲۔ میں اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا چاہتا ہوں۔
3. He got low marks.	۳۔ اس نے کم نمبر حاصل کئے۔
4. I got high marks.	۴۔ میں نے زیادہ نمبر حاصل کئے۔

5. What will you have, grains or mild?	۵۔ تم کیا کھاؤ گے چھولے یا حلیم ؟
6. She is older than I am.	۶۔ وہ مجھ سے بڑی ہے۔
7. She is joyful.	۷۔ وہ خوش و خرم ہے۔
8. Pleasure is ours.	۸۔ ہمیں بڑی خوشی ہو گی۔
9. We are like traveller.	۹۔ ہم ہم سفر ہیں۔
10. You are light handed.	۱۰۔ تمہارا ہاتھ ہلکا ہے۔

SET - 49

1. He is heavy handed.	۱۔ اس کا ہاتھ بھاری ہے۔
2. They have decided it with a light heart.	۲۔ انہوں نے بغیر سوچے سمجھے یہ فیصلہ کر لیا ہے۔
3. She nudged me.	۳۔ اس نے مجھے کہنی ماری۔
4. You have indwelled my heart.	۴۔ تم میرے دل میں گھر کر گئی ہو۔
5. She is crying halves.	۵۔ وہ برابر کا حصہ مانگ رہی ہے۔
6. You do every thing by halves.	۶۔ تم ہر کام ادھورا کرتے ہو۔
7. He is wearing a vest.	۷۔ اس نے بنیان پہنی ہوئی ہے۔
8. Where is my string?	۸۔ میرا ناڑا کہاں ہے ؟
9. There's a ravine near his house.	۹۔ اس کے گھر کے قریب ایک گندہ نالہ ہے۔
10. We should go hand in hand.	۱۰۔ ہمیں اتفاق سے کام کرنا چاہیے۔

SET - 50

1. Don't hamper her way. ۱- اس کے رستے میں روڑے مت اٹکاؤ۔
2. Her cheeks are squeezed. اس کے گال پچکے ہوئے ہیں۔
3. He is sneezing over and over. ۳- وہ بار بار چھینک رہا ہے۔
4. I keep on turning my back in the bed. ۴- میں بستر پر کروٹیں بدلتا رہتا ہوں۔
5. What the hell has he done? ۵- اس نے کیا بیڑہ غرق کر دیا ہے؟
6. He's groom's man. ۶- وہ شہبالہ ہے۔
7. What is he grumbling? ۷- وہ کیا بڑبڑ کر رہا ہے؟
8. She went out grumbling. ۸- وہ بڑبڑاتے باہر چلی گئی۔
9. Let me have a little support. ۹- مجھے ذرا سا سہارا دو۔
10. She has sunken eyes. ۱۰- اس کی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی ہیں۔

SET - 51

1. Don't root out this plant. ۱- اس پودے کو جڑ سے مت اکھیڑو۔
2. Nip the evil in the bud. ۲- برائی کو شروع ہی میں دبا دو۔
3. He has no grouse with me. ۳- اسے مجھ سے کوئی شکوہ شکایت نہیں ہے۔
4. We came to grips. ۴- ہم ہاتھا پائی پر اتر آئے۔
5. Don't groan, my dear. ۵- میرے پیارے مت ہائے ہائے کرو۔
6. She groaned inwardly. ۶- اسے دلی صدمہ ہوا۔
7. He can do it glibly. ۷- وہ یہ بلا روک ٹوک کر سکتا ہے۔
8. You have gibed it. ۸- تم نے یہ طعنہ دیا ہے۔

9. She gigles. ۹- وہ کھسیانی ہنسی ہنستی ہے۔
10. Help him out. ۱۰- اسے مصیبت سے نجات دلاؤ۔

SET - 52

1. You harp on the same string. ۱- تم ایک ہی راگ الاپتے ہو۔
2. He'll take my life. ۲- وہ میری جان لے لے گا۔
3. If I get life's safety, I may say something. ۳- اگر جان کی امان پاؤں تو کچھ عرض کروں۔
4. He will have to suffer a loss. ۴- اسے نقصان اٹھانا پڑے گا۔
5. Leave my kite in the air. ۵- میری گڈی کو کنی دو۔
6. Bring my game bag. ۶- میرا شکار کا تھیلا لاؤ۔
7. We do everything honestly. ۷- ہم سب کچھ ایمانداری سے کرتے ہیں۔
8. Don't pick holes in others. ۸- دوسروں میں عیب تلاش مت کرو۔
9. It is a sham fight. ۹- یہ نقلی لڑائی ہے۔
10. She will be wishing you to be dead. ۱۰- وہ تمہاری جان کو رو رہی ہو گی۔

SET - 53

1. He is taking his interview. ۱- وہ اپنا انٹرویو دے رہا ہے۔
2. She is being given an interview. ۲- اس کا انٹرویو لیا جا رہا ہے۔
3. He can't make me do anything forcibly. ۳- وہ زبردستی مجھ سے کچھ نہیں کروا سکتا۔

4. Get work from her. — ۴۔ اس سے کام لو۔
5. He is back biter. — ۵۔ وہ چغل خور ہے۔
6. She has a dead sleep. — ۶۔ وہ مردے کی طرح سوتی ہے۔
7. They are daubing the wall. — ۷۔ وہ دیوار پر پلستر کر رہے ہیں۔
8. He was having no hope of life. — ۸۔ اسے جان کے لالے پڑے ہوئے تھے۔
9. He got rich over night. — ۹۔ وہ راتوں رات امیر ہو گیا۔
10. There are plenty of colleges in Lahore. — ۱۰۔ لاہور میں کالجوں کی بھرمار ہے۔

SET - 54

1. You are very abusive. — ۱۔ تم بہت زبان دراز ہو۔
2. I am a mason. — ۲۔ میں مستری ہوں۔
3. She dresses out. — ۳۔ وہ رنگ برنگے کپڑے پہنتی ہے۔
4. Take the dross away. — ۴۔ کوڑا کرکٹ دور لے جاؤ۔
5. Tip me your fin. — ۵۔ ہاتھ ملاؤ۔
6. This is our offering to God. — ۶۔ یہ ہماری قربانی اللہ کیلئے ہے۔
7. He is getting over much. — ۷۔ وہ حد سے زیادہ بڑھ رہا ہے۔
8. I overpass your mistakes. — ۸۔ میں تمہاری غلطیاں نظر انداز کر دیتا ہوں۔
9. He overpowered him. — ۹۔ اس نے اسے بے بس کر دیا۔
10. They were coming in flocks. — ۱۰۔ وہ جھنڈ کے جھنڈ آ رہے تھے۔

SET - 55

1. I stick at nothing. — ۱۔ میں کسی چیز کی پرواہ نہیں کرتا۔
2. He was sitting cross legged. — ۲۔ وہ ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھا ہوا تھا۔
3. She is a cry baby. — ۳۔ وہ بچوں کی طرح روتی ہے۔
4. Don't be cox-comb. — ۴۔ اکڑ خان مت بنو۔
5. You are over praising her. — ۵۔ تم ضرورت سے زیادہ اس کی تعریف کر رہے ہو۔
6. I did penance for my sin. — ۶۔ میں نے اپنے گناہ کا کفارہ ادا کیا۔
7. Song was out of tune. — ۷۔ گانا بے سرا تھا۔
8. So is he. — ۸۔ وہ بھی تو ایسا ہی ہے۔
9. Milk will turn. — ۹۔ دودھ پھٹ جائے۔
10. He did you a good turn. — ۱۰۔ اس نے تمہارے ساتھ اچھائی کی۔

SET - 56

1. You can't make an omlate without breaking eggs. — ۱۔ آپ کو حصول مقصد کیلئے توڑ پھوڑ کرنی پڑے گی۔
2. His lottery has poped out. — ۲۔ اس کی کمیٹی نکل آئی ہے۔
3. It all happened in a crack. — ۳۔ یہ سب دیکھتے ہی دیکھتے ہو گیا۔
4. He is crack brained. — ۴۔ وہ من چلا ہے۔
5. They are on visiting terms. — ۵۔ ان میں گھر آنے جانے کے تعلقات ہیں۔
6. You are doing me a bad turn. — ۶۔ تم میرے ساتھ برائی کر رہے ہو۔

English	Urdu
7. Do listen my bill and coo.	۷۔ کبھی میری پیار محبت کی باتیں بھی سن لیا کرو۔
8. How much would it cost you?	۸۔ یہ آپ کو کتنے کی پڑے گی؟
9. Go straight ahead.	۹۔ ناک کی سیدھ میں جاؤ۔
10. All of us are in the same boat.	۱۰۔ ہم سب ایک ہی مصیبت میں گرفتار ہیں۔

SET - 57

English	Urdu
1. My hand is senseless.	۱۔ میرا ہاتھ سویا ہوا ہے۔
2. He tails after her.	۲۔ وہ اس کے پیچھے پیچھے لگا رہتا ہے۔
3. What can I say in this context?	۳۔ میں اس سلسلے میں کیا کہہ سکتا ہوں؟
4. I never miss my mark.	۴۔ میرا نشانہ کبھی نہیں چوکتا۔
5. We had a sweet going.	۵۔ ہم نے مزے کا سفر کیا۔
6. The time hasn't run out yet.	۶۔ ابھی بھی وقت ہے۔
7. He got into marsh.	۷۔ وہ دلدل میں پھنس گیا۔
8. My blood boils all the time.	۸۔ ہر وقت غصے سے میرا خون کھولتا ہے۔
9. Tell it to the jews.	۹۔ یہ دھمکی کسی اور کو دینا۔
10. It was a tiring job.	۱۰۔ یہ تھکا دینے والی نوکری تھی۔

SET - 58

English	Urdu
1. She is busy with her work.	۱۔ وہ اپنے کام میں مصروف ہے۔
2. Just stay. I'm coming.	۲۔ ذرا ٹھہرو میں آ رہا ہوں۔

English	Urdu
3. She has an open hand.	۳۔ وہ سخی ہے۔
4. Don't grapple.	۴۔ ہاتھا پائی مت کرو۔
5. She was apple of discord.	۵۔ فساد کی جڑ وہ تھی۔
6. I want to speak aside.	۶۔ میں علیحدہ بات کرنا چاہتا ہوں۔
7. Confound it!	۷۔ اس کا ستیاناس ہو۔
8. He is a doctor, on the contrary I am a nurse.	۸۔ وہ ڈاکٹر ہے اس کے برعکس میں نرس ہوں۔
9. Cast your bread upon the water.	۹۔ نیکی کر دریا میں ڈال
10. Still water runs deep.	۱۰۔ خاموش ندی گہری، تم ہوتے ہیں۔

SET - 59

English	Urdu
1. Have you seen a waterfall?	۱۔ کیا تم نے آبشار دیکھی ہے؟
2. Clear the way.	۲۔ راستہ صاف کرو۔
3. Why do you look the other way?	۳۔ تم کنی کیوں کتراتے ہو؟
4. He is a way worn.	۴۔ وہ سفر کا تھکا ماندہ ہے۔
5. You stand way side.	۵۔ تم سر راہ کھڑے ہو جاتے ہو۔
6. They gave us warm welcome.	۶۔ انہوں نے ہمارا گرمجوشی سے استقبال کیا۔
7. I am well intended.	۷۔ میری نیت صحیح ہے۔
8. Your are bad intended.	۸۔ تمہاری نیت خراب ہے۔
9. Blow your nose.	۹۔ اپنا ناک صاف کرو۔
10. Take fresh air.	۱۰۔ تازہ ہوا کھاؤ۔

SET - 60

1. My eyes are sore. ۱۔ میری آنکھیں دکھتی ہیں۔
2. Do as your parents say. ۲۔ اپنے والدین کا کہا مانو۔
3. I'm sorry to hear that. ۳۔ مجھے یہ سن کر دکھ ہوا۔
4. Riches change hands. ۴۔ دولت آنی جانی شے ہے۔
5. Unlace your shoes. ۵۔ اپنے جوتوں کے تسمے کھولو۔
6. Don't whimper. ۶۔ ریں ریں نہ کرو۔
7. Don't replenish my glass. ۷۔ میرا گلاس دوبارہ مت بھرو۔
8. It's not worth your while. ۸۔ یہ تمہاری محنت کا معاوضہ نہیں ہے۔
9. The baby slept whimperingly. ۹۔ بچہ ریں ریں کرتا سو گیا۔
10. A man should keep up his confidence. ۱۰۔ انسان کو اپنا اعتماد برقرار رکھنا چاہیے۔

SET - 61

1. His nose is running. ۱۔ اس کی ناک بہہ رہی ہے۔
2. The front wheel needs pumping. ۲۔ اگلے پہیے میں ہوا بھرنے والی ہے۔
3. Education is getting common now a days. ۳۔ تعلیم آج کل عام ہو رہی ہے۔
4. Don't cry at the top of your voice. ۴۔ اپنا گلہ مت پھاڑو۔
5. I was standing head long. ۵۔ میں سر کے بل کھڑا تھا۔

6. They are duckling with water. ۶۔ وہ پانی میں غوطے کھا رہے ہیں۔
7. She is brazen faced. ۷۔ وہ بے حیا ہے۔
8. It's very tight to me. ۸۔ یہ مجھے بڑی تنگ ہے۔
9. It's very loose to me. ۹۔ یہ مجھے بہت ڈھیلی ہے۔
10. This note doesn't pass here. ۱۰۔ یہ نوٹ یہاں نہیں چلتا۔

SET - 62

1. Fire the gun. ۱۔ بندوق چلا دو۔
2. He is your well wisher. ۲۔ وہ تمہارا خیر خواہ ہے۔
3. They are my sworn enemy. ۳۔ وہ میرے جانی دشمن ہیں۔
4. You are a howlet. ۴۔ تم الو کے پٹھے ہو۔
5. He is very haughty. ۵۔ وہ بہت ڈھیٹ ہے۔
6. He is suspiring. ۶۔ وہ ٹھنڈی آہیں بھر رہا ہے۔
7. He was snoring. ۷۔ وہ خراٹے لے رہا تھا۔
8. What is he creaking? ۸۔ اس نے کیا کھڑ کھڑ لگائی ہوئی ہے؟
9. Don't dig a pit for me. ۹۔ مجھے پھانسنے کیلئے جال مت بچھاؤ۔
10. He is out of his breath. ۱۰۔ اس کا سانس پھولا ہوا ہے۔

SET - 63

1. We'll sweep the board. ۱۔ ہم سب کچھ جیت لیں گے۔
2. You have a block head. ۲۔ تم بے مغز آدمی ہو۔
3. What are you bleating? ۳۔ تم کیا میں میں کر رہے ہو ؟

4. This cut is out of fashion. ۴۔ یہ سٹائل نہیں چلتا۔
5. It's close today. ۵۔ آج حبس ہے۔
6. What ails you? ۶۔ تمہیں کیا تکلیف ہے؟
7. What disturbs you? ۷۔ تمہیں کیا کھانے نہیں دیتا؟
8. Hands off. ۸۔ خبردار نہ ہاتھ لگاؤ۔
9. Don't shake his sides. ۹۔ اس کی طرف داری مت کرو۔
10. I got sick. ۱۰۔ میں بیمار ہو گیا۔

SET - 64

1. I am out of sorts. ۱۔ میری طبیعت خراب ہے۔
2. Quarrel is settled. ۲۔ جھگڑے کا فیصلہ ہو گیا ہے۔
3. Now be friends. ۳۔ اب ایک دوسرے سے مل لو۔
4. You can't get away like this. ۴۔ تم اس طرح نہیں بچ سکتے۔
5. She always finds fault with others. ۵۔ وہ ہمیشہ دوسروں میں کیڑے نکالتی ہے۔
6. You can fully trust me. ۶۔ تم مجھ پر پورا اعتماد کر سکتے ہو۔
7. I made a flat denial. ۷۔ میں نے صاف انکار کر دیا۔
8. He is teaching his grand mother to suck eggs. ۸۔ وہ اپنے ہی استاد کو لکھنا پڑھنا سکھا رہا ہے۔
9. He'll die in the last ditch. ۹۔ وہ مرتے دم تک لڑے گا۔
10. Now 'dish up.' ۱۰۔ اب کھانا دستر خواں پر رکھو۔

SET - 65

1. Never say die. ۱۔ ہمت نہ ہارنا۔
2. She took away my breath. ۲۔ اس نے مجھے حیرت میں ڈال دیا۔
3. I brought him to his senses. ۳۔ میں اسے ہوش میں لے آیا۔
4. Call a spade a spade. ۴۔ برے کو برا کہو۔ چور کو چور
5. You are haggish. ۵۔ تم بہت بد صورت ہو۔
6. Hag, she is. ۶۔ وہ چڑیل ہے۔
7. He is lazy bones. ۷۔ وہ کام چور ہے۔
8. You are ready witted. ۸۔ تم حاضر جواب ہو۔
9. Don't infringe the law. ۹۔ قانون کی خلاف ورزی نہ کرو۔
10. He accepted it to the best of his knowledge. ۱۰۔ اس نے اسے پورے یقین کے ساتھ قبول کیا۔

SET - 66

1. He looked at her leeringly. ۱۔ اس نے اس کی طرف بری نظر سے دیکھا۔
2. Don't be longer than you can help. ۲۔ جہاں تک ہو دیر نہ لگانا۔
3. Be off. ۳۔ دفع ہو جاؤ۔
4. Wash your dirty linen at home. ۴۔ گھر کے جھگڑے گھر ہی میں ختم کرو۔
5. Throw off your mask. ۵۔ اپنے اصل روپ میں آؤ۔
6. He is tummy. ۶۔ وہ موٹے پیٹ والا ہے۔
7. Bring me green meat. ۷۔ مجھے سبزی لا دو۔

8. Moths are dancing about the candle.	۸۔ پروانے شمع کے گرد ناچ رہے ہیں۔
9. Don't cut me in.	۹۔ میری بات مت کاٹو۔
10. He doesn't keep promise.	۱۰۔ وہ وعدے کا پکا نہیں ہے۔

SET - 67

1. I'll follow your advice.	۱۔ میں تمہاری مرضی کے مطابق کام کروں گا۔
2. Cover your mouth.	۲۔ اپنے منہ پر ہاتھ رکھو۔
3. I am belching.	۳۔ میں ڈکار لے رہا ہوں۔
4. Why are you sobbing?	۴۔ تم سب سسکیاں کیوں بھر رہے ہو؟
5. My food is not digested.	۵۔ میرا کھانا ہضم نہیں ہوتا۔
6. He has got a hiccup.	۶۔ اسے ہچکی لگی ہوئی ہے۔
7. We are taking food.	۷۔ ہم کھانا کھا رہے ہیں۔
8. Song was in tune.	۸۔ گانا بہت سریلا تھا۔
9. Wring the clothes.	۹۔ کپڑے نچوڑو۔
10. Pack off.	۱۰۔ چلتے بنو۔

SET - 68

1. Are you in senses?	۱۔ کیا تم ہوش میں ہو؟
2. Now hush up this matter.	۲۔ اب اس بات پر مٹی ڈالو۔
3. Don't get excited.	۳۔ جوش میں مت آؤ۔
4. Hope for good times.	۴۔ اچھے وقت کی امید رکھو۔
5. Have patience.	۵۔ ذرا صبر کرو۔
6. Flowers were tossing.	۶۔ پھول لہرا رہے تھے۔
7. Note it.	۷۔ اسے لکھ لو۔

8. Walk cautiously.	۸۔ سنبھل کر چلو۔
9. Keep pace with me.	۹۔ میرے ساتھ قدم ملا کر چلو۔
10. Feed the baby.	۱۰۔ بچے کو کھلاؤ۔

SET - 69

1. It's a pity.	۱۔ بڑے افسوس کی بات ہے۔
2. Console her.	۲۔ اسے دلاسا دو۔
3. We're deeply grieved.	۳۔ ہمیں بڑا گہرا دکھ ہے۔
4. Don't be nervous.	۴۔ گھبراؤ مت۔
5. He has defined everything.	۵۔ اس نے ہر چیز واضح کر دی ہے۔
6. Don't be scared.	۶۔ ڈرو مت۔
7. It can't afford so much.	۷۔ اس میں اتنی زیادہ گنجائش نہیں ہے۔
8. There was nothing to fear.	۸۔ ڈرنے کی کوئی بات نہیں تھی۔
9. Rest assured. I'll help you.	۹۔ یقین رکھیے میں آپ کی مدد کروں گا۔
10. Light the fire.	۱۰۔ آگ جلاؤ۔

SET - 70

1. She has spoken of my heart.	۱۔ اس نے تو میرے دل کی بات کہہ دی۔
2. Make my apologize.	۲۔ میری طرف سے معذرت کر لینا۔
3. Don't lose your temper.	۳۔ غصے میں مت آؤ۔
4. Move aside.	۴۔ ایک طرف ہو جاؤ۔
5. What wrong has he done to you?	۵۔ اس نے تمہارا کیا بگاڑا ہے؟

6. This is the way things are.	۶۔ دنیا کا یہی دستور ہے۔
7. It will do.	۷۔ اس سے گزارہ ہو جائے گا۔
8. I am sorry if there has been any mistake.	۸۔ اگر کوئی غلطی ہو گئی ہو تو میں معذرت چاہتا ہوں۔
9. It's all his doing.	۹۔ یہ سب اس کی کرتوت ہے۔
10. Don't make me lose my temper.	۱۰۔ مجھے غصہ مت دلاؤ۔

SET - 71

1. My watch gains the time.	۱۔ میری گھڑی آگے جاتی ہے۔
2. My watch loses the time.	۲۔ میری گھڑی پیچھے رہ جاتی ہے۔
3. His watch is ten minutes fast.	۳۔ اس کی گھڑی دس منٹ آگے ہے۔
4. Your watch is six minutes slow.	۴۔ تمہاری گھڑی چھ منٹ پیچھے ہے۔
5. I make her apologize.	۵۔ میں اس کی طرف سے معافی چاہتا ہوں۔
6. Avoid repetition.	۶۔ تکرار سے پرہیز کریں۔
7. Set the alarm at 2 o'clock.	۷۔ دو بجے کا الارم لگا دو۔
8. Set the watch going.	۸۔ گھڑی چلا دو۔
9. May you have the best of both worlds.	۹۔ خدا کرے آپ دونوں جہانوں میں کامیاب ہوں۔
10. May you always be lucky.	۱۰۔ خدا کرے قسمت ہمیشہ آپ پر مہربان رہے۔

SET - 72

1. May you flourish.	۱۔ خدا کرے آپ پھلیں پھولیں۔
2. He can't do as you wish.	۲۔ وہ تمہاری خواہش پوری نہیں کر سکتا۔
3. I'm sorry to refuse.	۳۔ مجھے انکار کرنے کا افسوس ہے۔
4. It can be arranged.	۴۔ اس کا انتظام ہو سکتا ہے۔
5. What was the quarrel?	۵۔ کیا جھگڑا تھا؟
6. I'll try it on.	۶۔ میں اسے پہن کر دیکھوں گا۔
7. He doesn't work whole heartedly.	۷۔ وہ دل لگا کر کام نہیں کرتا۔
8. Speak gently.	۸۔ نرمی سے بات کرو۔
9. She was standing at the bus stand.	۹۔ وہ بس کے اڈے پر کھڑی تھی۔
10. Mend your ways.	۱۰۔ اپنے اطوار سنوارو۔

SET - 73

1. Take me round this factory.	۱۔ مجھے اس فیکٹری کی سیر کراؤ۔
2. After you.	۲۔ پہلے آپ۔
3. How joyful it is!	۳۔ کتنی خوشی کی بات ہے۔
4. What's going on these days?	۴۔ آج کل کیا ہو رہا ہے ؟
5. Nothing special.	۵۔ کچھ خاص نہیں۔
6. Just killing the time.	۶۔ بس وقت گزار رہا ہوں۔
7. Where are you going?	۷۔ تم کہاں جا رہے ہو؟
8. Just the market.	۸۔ ذرا مارکیٹ تک۔۔
9. I am jobless these days.	۹۔ آج کل میں بے کار ہوں۔

10. Strike the match. ۱۰۔ ماچس جلاؤ۔

SET - 74

1. Spare my room. ۱۔ میرا کمرہ خالی کردو۔
2. Put the T.V. on. ۲۔ ٹی وی چلا دو۔
3. Put the radio off. ۳۔ ریڈیو بند کردو۔
4. Be a man. ۴۔ انسان بنو۔
5. Where is the flask? ۵۔ چائے کی بوتل کہاں ہے؟
6. He is a big wig. ۶۔ وہ بڑا آدمی ہے۔
7. So and so came to the party. ۷۔ فلاں فلاں پارٹی میں آئے تھے۔
8. It all happened in a jiffy. ۸۔ یہ سب چٹکی میں ہوا۔
9. I feel played out. ۹۔ میں بے دم ہو رہا ہوں۔
10. It's not a child's play. ۱۰۔ یہ بچوں کا کھیل نہیں۔

SET - 75

1. I was over joyed. ۱۔ میرا دل خوشی سے باغ باغ ہو گیا۔
2. Square up my accounts. ۲۔ میرا حساب چکا دو۔
3. He is lost to all senses of shame. ۳۔ اس نے تو شرم گھول کر پی لی ہے۔
4. Let's try our luck. ۴۔ آؤ اپنی قسمت آزمائیں۔
5. Is he in your good books? ۵۔ کیا وہ تمہارا چہیتا ہے؟
6. It happened a long ago. ۶۔ یہ بہت عرصہ کی بات ہے۔
7. I heaved a sigh of relief. ۷۔ میری جان میں جان آگئی۔
8. It's biting cold today. ۸۔ آج کڑاکے کی سردی پڑ رہی ہے۔

9. I was strolling on the Mall. ۹۔ میں مال پر چہل قدمی کر رہا تھا۔
10. Don't be taken in by her. ۱۰۔ اس کے فریب میں مت آنا۔

SET - 76

1. Time flies fast. ۱۔ وقت گزرتے دیر نہیں لگتی۔
2. You have made my life hell. ۲۔ تم نے تو میری زندگی عذاب بنا دی ہے۔
3. He disappeared in the twinkling of an eye. ۳۔ وہ آنکھ جھپکنے میں غائب ہو گیا۔
4. It's all tall talks. ۴۔ یہ سب دکھاوے کی باتیں ہیں۔
5. I had this word on the tip of my tongue. ۵۔ یہ لفظ میری زبان پر ہی تھا۔
6. The thief took to his heels. ۶۔ چور دم دبا کر بھاگ گیا۔
7. I was at my wit's end. ۷۔ میرے ہاتھوں کے طوطے اڑ گئے۔
8. I slapped him in his face. ۸۔ میں نے اس کے منہ پر تھپڑ مارا۔
9. He saw through our trick. ۹۔ وہ ہماری چال تاڑ گیا۔
10. His hopes were dashed to the ground. ۱۰۔ اس کی امیدیں خاک میں مل گئیں۔

SET - 77

1. It doesn't become you to sweep. ۱۔ جھاڑو دینا آپ کو زیب نہیں دیتا۔
2. Is he growing a beard? ۲۔ کیا وہ داڑھی رکھ رہا ہے؟
3. I am very sick for my mother. ۳۔ میں اپنی امی کیلئے بڑا اداس ہوں۔

4. He is at his wife's beck and call. — ۴۔ وہ اپنی بیوی کے اشارے پر ناچتا ہے۔
5. She's at the death's door. — ۵۔ وہ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھی ہے۔
6. In at one ear, out at the other. — ۶۔ ایک کان سے سننا دوسرے سے اڑا دینا۔
7. Lend me your ears. — ۷۔ ذرا کان تو ادھر کرو۔
8. I hailed a taxi driver. — ۸۔ میں نے ٹیکسی والے کو آواز دی۔
9. It's not a child's play. — ۹۔ یہ خالہ جی کا گھر نہیں۔
10. On hearing this news, my hair stood on ends. — ۱۰۔ یہ خبر سن کر میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔

SET - 78

1. Remember me kindly to her. — ۱۔ میری طرف سے اسے بہت بہت سلام کہنا۔
2. Pay my compliments to her. — ۲۔ اسے میرا سلام کہنا۔
3. I've fallen on evil times. — ۳۔ میری تو قسمت پھوٹ گئی ہے۔
4. He has sprained his foot. — ۴۔ اس کے پاؤں میں موچ آگئی ہے۔
5. The thief threatens the constable. — ۵۔ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔
6. Take the leaf out my book. — ۶۔ میری زندگی سے سبق سیکھو۔
7. How long can you escape from inevitable? — ۷۔ بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی؟
8. You are between two fires. — ۸۔ آگے کنواں پیچھے کھائی۔

9. One does the blame, another bears, the shame. — ۹۔ کرے کوئی بھرے کوئی۔
10. A man is honoured after his death. — ۱۰۔ آدمی کی قدر مرنے کے بعد ہوتی ہے۔

SET - 79

1. Withdraw your words. — ۱۔ اپنے الفاظ واپس لو۔
2. Why is my love an eye sore to you? — ۲۔ میرا پیار تمہاری آنکھوں میں کیوں کھٹکتا ہے۔
3. Every Spring is followed by Autumn. — ۳۔ چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات۔
4. She is very strange in her manners. — ۴۔ وہ بڑی عجیب عجیب حرکتیں کرتی ہے۔
5. Gird up you loin. — ۵۔ اپنی کمر کس لو۔
6. She is so so. — ۶۔ وہ تو ایسے ہی ہے۔
7. That's what we wanted. — ۷۔ یہی تو ہم چاہتے تھے۔
8. So that's that. — ۸۔ بس یہ بات ہے۔
9. You are a strange to me. — ۹۔ تم میرے لئے اجنبی ہو۔
10. Go to rack. — ۱۰۔ غارت ہو جاؤ۔

SET - 80

1. At this noise, he woke up. — ۱۔ اس شور پر وہ جاگ گیا۔
2. There is no hiding place. — ۲۔ یہاں چھپنے کی کوئی جگہ نہیں ہے۔
3. Don't get my shirt off. — ۳۔ مجھے غصہ دلانے والی باتیں نہ کرو۔
4. We serve everybody with the same sense. — ۴۔ ہم سب کو برابر کا سمجھتے ہیں۔

English	Urdu
5. Hunger a best sauce.	۵۔ بھوک میں ہر شے لذیز لگتی ہے۔
6. Don't kill her joy.	۶۔ اس کے رنگ میں بھنگ نہ ڈالو۔
7. Quite so.	۷۔ بالکل صحیح۔
8. Don't talk away.	۸۔ باتوں میں وقت ضائع نہ کرو۔
9. What side is he on?	۹۔ وہ کس طرف ہے؟
10. I don't wanna run a risk.	۱۰۔ میں خطرے کا سامنا نہیں کرنا چاہتا۔

SET - 81

English	Urdu
1. He was born in a purple.	۱۔ وہ امیر گھرانے میں پیدا ہوا۔
2. Keep your breath to cool your porridge.	۲۔ اپنی نصیحت سنبھال کر رکھو آپ کے کام آئے گی۔
3. It wouldn't do.	۳۔ اس سے کام نہیں چلے گا۔
4. I told her plump.	۴۔ میں نے اسے صاف صاف بتا دیا۔
5. She is a swift footed.	۵۔ وہ تو چھلاوہ ہے۔
6. These places are sight worthy.	۶۔ یہ مقامات دیکھنے کے قابل ہیں۔
7. It's a smirk.	۷۔ یہ بناوٹی مسکراہٹ ہے۔
8. I'll try it on.	۸۔ میں اسے پہن کر دیکھوں گا۔
9. It doesn't go with your dress.	۹۔ یہ تمہارے لباس سے نہیں ملتی۔
10. Hold this noise.	۱۰۔ اس شور کو روکو۔

SET - 82

English	Urdu
1. She called me in a low voice.	۱۔ اس نے مجھے ہلکی آواز سے پکارا۔
2. I haven't given up hope.	۲۔ میں نے امید نہیں چھوڑی ہے۔

English	Urdu
3. Fulfil his wishes.	۳۔ اس کی خواہشات پوری کرو۔
4. Never make the mistake of going there.	۴۔ وہاں جانے کی کبھی غلطی نہ کرنا۔
5. If he fills my need I'll fill his.	۵۔ اگر وہ میری ضرورت پوری کرے گا تو میں اس کی کروں گا۔
6. An example will make it clear.	۶۔ ایک ہی مثال اس کو واضح کرے گی۔
7. The wounded were rushed to the hospital.	۷۔ زخمیوں کو ہسپتال داخل کروا دیا گیا۔
8. It doesn't fit me.	۸۔ یہ مجھے پوری نہیں ہے۔
9. His mind is unbalanced.	۹۔ اس کا دماغ بگڑا ہوا ہے۔
10. Keep still.	۱۰۔ اپنی جگہ پر رہو۔

SET - 83

English	Urdu
1. Don't order me about.	۱۔ مجھ پر حکومت نہ جتاؤ۔
2. As far as I understand.	۲۔ جہاں تک میں سمجھتا ہوں۔
3. What does he understand by it?	۳۔ وہ اس سے کیا سمجھتا ہے؟
4. There's something missing.	۴۔ کوئی چیز کم ہے۔
5. I can't stand him any longer.	۵۔ میں اسے زیادہ دیر تک برداشت نہیں کر سکتا۔
6. Was there any striking news in the newspaper?	۶۔ کیا اخبار میں کوئی دھماکہ خیز خبر تھی؟
7. She doesn't fear to go.	۷۔ وہ جانے سے نہیں ڈرتی۔
8. Why are you running to and fro?	۸۔ تم ادھر ادھر کیوں دوڑ رہے ہو؟

9. You didn't catch what I said.
۹۔ تم میری بات سمجھے نہیں۔

10. This thing is certain.
۱۰۔ یہ بات یقینی ہے۔

SET - 84

1. Nobody move.
۱۔ کوئی نہ ہلے۔

2. What has come over you?
۲۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟

3. It pinches my toes.
۳۔ یہ میرے پاؤں کی انگلیاں کاٹتی ہے۔

4. He pinched his fingers in the door.
۴۔ دروازے میں اس کی انگلیاں آگئیں۔

5. Write in ink.
۵۔ سیاہی سے لکھو۔

6. Don't hold it by the middle.
۶۔ اسے درمیان سے نہ پکڑو۔

7. Count me in.
۷۔ مجھے بھی شامل کر لو۔

8. He can speak Urdu very little.
۸۔ وہ اردو بہت کم جانتا ہے۔

9. It's no shock to me.
۹۔ یہ میرے لئے کوئی صدمے کی بات نہیں ہے۔

10. How silly of me?
۱۰۔ میں بھی کتنا بیوقوف ہوں ؟

SET - 85

1. Heat the frying pan.
۱۔ فرائی پین گرم کرو۔

2. His ball point writes in four colours.
۲۔ اس کا بال پوائنٹ چار رنگوں میں لکھتا ہے۔

3. Thank Goodness.
۳۔ خدا کا شکر ہے۔

4. Help us out.
۴۔ ہمیں مشکل سے نجات دلاؤ۔

5. Do it without further delay.
۵۔ بغیر مزید دیر کئے اسے کرو۔

6. If I were you, I would marry her.
۶۔ اگر تمہاری جگہ میں ہوتا تو اس سے شادی کر لیتا۔

7. Why don't you lay me off?
۷۔ تم میرا پیچھا کیوں نہیں چھوڑتے ؟

8. I'm over the moon today.
۸۔ آج میں بہت خوش ہوں۔

9. Good rest his soul.
۹۔ خدا اس کو جنت نصیب کرے۔

10. You've made your point.
۱۰۔ تم نے اپنی بات کہہ دی ہے۔

SET - 86

1. He has recovered from cough.
۱۔ وہ کھانسی سے صحت یاب ہوا ہے۔

2. It's much better.
۲۔ یہ زیادہ بہتر ہے۔

3. That's too bad.
۳۔ بڑے افسوس کی بات ہے۔

4. She'll still be at home.
۴۔ وہ ابھی تک گھر ہی میں ہو گی۔

5. You are far better than the others.
۵۔ تم دوسروں سے کہیں زیادہ بہتر ہو۔

6. Tickets are ten rupees for adults.
۶۔ بڑوں کیلئے ٹکٹ دس روپے کی ہے۔

7. Children tickets are half price.
۷۔ بچوں کیلئے ٹکٹ کی آدھی قیمت ہے۔

8. What's written on the tag?
۸۔ چٹ پر کیا لکھا ہوا ہے؟

9. I want to know an estimate before you repair the T.V.
۹۔ ٹی وی مرمت کرنے سے پہلے مجھے اس کا اندازہ بتا دو۔

10. I got the oil filled up in the motor bike.	۱۰۔ میں نے موٹر سائیکل میں تیل ڈلوایا۔

SET - 87

1. It looks heavy. May I help you?	۱۔ یہ بھاری لگتا ہے کیا میں آپ کی مدد کروں؟
2. That's very kind of you.	۲۔ آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔
3. No, It's my pleasure.	۳۔ نہیں یہ تو خوشی کی بات ہے۔
4. I'm certain of that.	۴۔ مجھے اس کا یقین ہے۔
5. Make certain first.	۵۔ پہلے دیکھ لو۔
6. He is stranger here himself.	۶۔ وہ یہاں خود اجنبی ہے۔
7. Can't you walk a little faster?	۷۔ کیا تم ذرا تیز نہیں چل سکتے؟
8. My legs aren't so long as yours.	۸۔ میری ٹانگیں اتنی لمبی نہیں ہیں جتنی کہ تمہاری۔
9. You are bigger than I am.	۹۔ تم مجھ سے بڑے ہو۔
10. He jumped off the bus.	۱۰۔ اس نے بس سے چھلانگ لگا دی۔

SET - 88

1. Can't it happen so?	۱۔ کیا ایسا نہیں ہو سکتا؟
2. What time is the play?	۲۔ ڈرامے کا وقت کیا ہے؟
3. Who are you speaking?	۳۔ آپ کون بول رہے ہیں؟
4. What time is the work?	۴۔ کام کا وقت کیا ہے؟
5. May I pass you any thing?	۵۔ کیا میں آپ کو کچھ دوں؟

6. She comes here, so do I.	۶۔ وہ یہاں آتی ہے اس لئے میں بھی آتا ہوں۔
7. It served you right.	۷۔ تمہیں اچھی سزا ملی۔
8. What communion has light with darkness?	۸۔ اندھیرے کا اجالے سے کیا میل ہے؟
9. He is a conical fellow.	۹۔ وہ بھی ایک عجوبہ ہے۔
10. Such commission I have received from above.	۱۰۔ مجھے خدا کی طرف سے یہ اختیار ملا ہے۔

SET - 89

1. What size is your shirt?	۱۔ تمہاری شرٹ کا سائز کیا ہے؟
2. It's guaranteed that it'd not shrink.	۲۔ اس کے نہ سکڑنے کی گارنٹی ہے۔
3. It seems very reasonable.	۳۔ یہ بڑی معقول لگتی ہے۔
4. I wrap it up for you.	۴۔ میں آپ کو یہ لپیٹ دیتا ہوں۔
5. For God's sake, do something.	۵۔ خدا کیلئے کچھ کرو۔
6. You didn't wait to go there.	۶۔ تم نے وہاں جانے کا انتظار نہیں کیا۔
7. You come to me at midnight today.	۷۔ تم آج آدھی رات کو میری طرف آنا۔
8. He can't lift you.	۸۔ وہ تمہیں نہیں اٹھا سکتا۔
9. Our confidence is growing now.	۹۔ ہمارا اعتبار اب بڑھ رہا ہے۔
10. He's pulling my leg.	۱۰۔ وہ مجھے الو بنا رہا ہے۔

SET - 90

1. He is feather headed.	۱۔ وہ احمق ہے۔

2. He is very disturbed by you. — ۲۔ وہ تم سے بہت تنگ ہے۔
3. I think that you'll get a seat soon. — ۳۔ میرا خیال ہے کہ تمہیں جلد ہی کوئی سیٹ مل جائے گی۔
4. He told you rising from the chair. — ۴۔ اس نے تمہیں کرسی سے اٹھتے ہوئے بتایا
5. It's better than walking. — ۵۔ یہ چلنے سے بہتر ہے۔
6. You can run faster than I can. — ۶۔ تم مجھ سے تیز دوڑ سکتے ہو۔
7. Take tea sip by sip. — ۷۔ چائے گھونٹ گھونٹ پیو۔
8. Does it include lunch? — ۸۔ کیا اس میں دوپہر کا کھانا شامل ہے؟
9. What floor is it on? — ۹۔ یہ کس منزل پر ہے؟
10. How much is a cup of tea here? — ۱۰۔ یہاں چائے کا کپ کتنے کا ہے؟

SET - 91

1. You are kidding me. — ۱۔ تم مجھے بے وقوف بنا رہے ہو۔
2. How much do I owe you? — ۲۔ میں نے تمہارے کتنے پیسے دینے ہیں۔
3. Don't take the law in your hands. — ۳۔ قانون کو اپنے ہاتھوں میں مت لو۔
4. He is millionaire. — ۴۔ وہ لاکھوں کا مالک ہے۔
5. You didn't take shower today. — ۵۔ آج تم نہیں نہائے۔
6. Come just before night. — ۶۔ رات سے ذرا پہلے آجانا۔
7. That's settled. — ۷۔ ہاں یہ تو طے ہے۔
8. He looked at me angrily. — ۸۔ اس نے میری طرف غصے سے دیکھا۔

9. I like coy and furtive graces. — ۹۔ مجھے حیادار اور شرمسار ادائیں پسند ہیں۔
10. Far from court, far from care. — ۱۰۔ کچہری سے دور سوچ سے دور۔

SET - 92

1. How much is the piece of cake? — ۱۔ کیک پیس کتنے کا ہے؟
2. She passed behind me. — ۲۔ وہ میرے پیچھے سے گزری۔
3. Get a move on. — ۳۔ جلدی کرو چلو۔
4. You wear a lot of make up. — ۴۔ تم بڑا میک اپ کرتی ہو۔
5. My motor bike is ten years old. — ۵۔ میری موٹر سائیکل دس سال پرانی ہے۔
6. She is the same age as mine. — ۶۔ اس کی عمر میری جتنی ہے۔
7. It's a matter cf life and death. — ۷۔ یہ زندگی اور موت کا سوال ہے۔
8. We don't take a delight in watching a play. — ۸۔ ہمیں ڈرامہ دیکھنے کا مزہ نہیں آتا۔
9. How deep is it? — ۹۔ یہ کتنا گہرا ہے۔
10. You are in luck but she's out of luck. — ۱۰۔ تم خوش قسمت ہو لیکن وہ بد قسمت ہے۔

SET - 93

1. He didn't know anything at first. — ۱۔ شروع میں اسے کچھ نہیں پتا تھا۔
2. Patch up my shirt. — ۲۔ میری قمیض میں پیوند لگاؤ۔

3. The police are coming. ۳۔ پولیس آرہی ہے۔
4. Where are your glasses? ۴۔ تمہاری عینک کہاں ہے؟
5. Don't go out of clothes. ۵۔ آپے سے باہر مت ہو۔
6. They do every thing for sake of appearance. ۶۔ وہ نمود و نمائش کی خاطر سب کچھ کرتے ہیں۔
7. Shoot him at once. ۷۔ اسے فوراً گولی مار دو۔
8. Cram it with water. ۸۔ اسے پانی سے لبالب بھر دو۔
9. This bus is cramed with the people. ۹۔ یہ بس لوگوں سے کھچا کھچ بھری ہوئی ہے۔
10. In this process I got here. ۱۰۔ اسی دوران میں یہاں پہنچ گیا۔

SET - 94

1. I have dropped my one rupee somewhere. ۱۔ میرا ایک روپیہ کہیں گر گیا ہے۔
2. He should be given a good beating. ۲۔ اسے اچھی طرح مار پڑنی چاہیے۔
3. Help yourself. ۳۔ خود ہی لے لو۔
4. Have you run out of money? ۴۔ کیا تمہارے پاس پیسے ختم ہو گئے ہیں؟
5. He is a chain smoker. ۵۔ وہ ایک سگریٹ کے بعد دوسرا سگریٹ لگا لیتا ہے۔
6. He is a non smoker. ۶۔ وہ سگریٹ نہیں پیتا۔
7. I can't have any thing in a mess. ۷۔ میں گندگی میں کچھ نہیں کھا سکتا۔
8. Their house has caught fire. ۸۔ ان کے گھر کو آگ لگ گئی ہے۔
9. He was down stairs. ۹۔ وہ نیچے تھا۔

10. We were up stairs. ۱۰۔ ہم اوپر تھے۔

SET - 95

1. I am taking the shortest way. ۱۔ میں تو چھوٹے رستے سے جا رہا ہوں۔
2. Drive me round the city. ۲۔ مجھے شہر بھر میں پھراؤ۔
3. Where's the dinning room? ۳۔ کھانے کا کمرہ کہاں ہے؟
4. Tyre is flat. ۴۔ ٹائر پھٹ گیا ہے۔
5. Are these rooms for rent? ۵۔ کیا یہ کمرے کرائے کے لیے ہیں؟
6. I want a living room. ۶۔ مجھے رہنے کا کمرہ چاہیے۔
7. How much a day? ۷۔ ایک دن کے کتنے پیسے؟
8. Out let is blocked. ۸۔ نالی بند ہو گئی ہے۔
9. Do you have a mosquito net? ۹۔ کیا تمہارے پاس مچھر دانی ہے؟
10. Here's pillow case. ۱۰۔ تکیے کا غلاف یہ ہے۔

SET - 96

1. Seeing the lion, I fainted. ۱۔ شیر کو دیکھ کر میں بے ہوش ہو گیا۔
2. He made a feint of loving me. ۲۔ اس نے مجھ سے پیار کرنے کا دھوکہ کیا۔
3. He is my intimate. ۳۔ میرا اس کے ساتھ بڑا گہرا تعلق ہے۔
4. Have you ever seen the Sikh temple? ۴۔ کیا تم نے کبھی گردوارہ دیکھا ہے؟
5. You'll have to escape from here. ۵۔ تمہیں یہاں سے فرار ہونا پڑے گا۔

6. He sat on the brick floor.	٦۔ وہ اینٹوں کے فرش پر بیٹھ گیا۔
7. This flour is not good for you.	۷۔ یہ آٹا تمہارے لیے اچھا نہیں ہے۔
8. Do not use foul language.	۸۔ گندی زبان استعمال مت کرو۔
9. His funeral was full of people.	۹۔ اس کے جنازے میں بہت زیادہ لوگ تھے۔
10. There is a coop for hens at home.	۱۰۔ گھر پر مرغیوں کیلئے ایک ٹوکرہ ہے۔

SET - 97

1. Why do you walk awkwardly?	۱۔ تم بھدے پن سے کیوں چلتے ہو؟
2. He gambled away all his money.	۲۔ اس نے اپنے سارے پیسے جوئے میں اڑا دیے۔
3. Do not gambol here.	۳۔ یہاں مت اچھلو کودو۔
4. I lost my senses.	۴۔ میں نے اپنے ہوش و حواس کھو دیے۔
5. There was a ghostly thing in the dark.	۵۔ اندھیرے میں بھوت کی سی کوئی چیز تھی۔
6. Do not spoil the gloss of my shoes.	٦۔ میرے جوتوں کی چمک خراب نہ کرو۔
7. He is hale and hearty.	۷۔ وہ تندرست و توانا ہے۔
8. My shoes are worn out.	۸۔ میرے جوتے خستہ حال ہیں۔
9. Do not hoard the goods.	۹۔ چیزوں کی ذخیرہ اندوزی نہ کرو۔
10. He has an ideal character.	۱۰۔ اس کا ایک مثالی کردار ہے۔

SET - 98

1. He stayed with me from childhood to maturity.	۱۔ وہ بچپن سے جوانی تک میرے ساتھ رہا۔
2. You doubt my allegiance.	۲۔ تم میری وفاداری پر شک کرتے ہو۔
3. I am amateur.	۳۔ میں شوقیہ کھلاڑی ہوں۔
4. He is an anonymous boy.	۴۔ وہ گمنام لڑکا ہے۔
5. I feel tears on your apathy.	۵۔ مجھے تمہاری بے حسی پر رونا آتا ہے۔
6. They are broad minded people.	٦۔ وہ کھلے ذہن والے لوگ ہیں۔
7. The capitalist rule in Pakistan.	۷۔ پاکستان میں سرمایہ دار حکومت کرتے ہیں۔
8. He is very despot.	۸۔ وہ بڑا ظالم اور جابر آدمی ہے۔
9. You are a chatterbox.	۹۔ تم چپڑ چپڑ باتیں کرتے ہو۔
10. He is versatile.	۱۰۔ اسے ہر طرح کا کام کرنا آتا ہے۔

SET - 99

1. He was exonerated.	۱۔ اسے باعزت بری کر دیا گیا۔
2. He is a pacifist man.	۲۔ وہ امن پسند آدمی ہے۔
3. You seem to be a slightly mad.	۳۔ تم ذرا سے پاگل لگتے ہو۔
4. So mean of you.	۴۔ تم بڑے کمینے ہو۔
5. Some books are sold like hot cakes.	۵۔ چند کتابیں ہاتھوں ہاتھ بکتی ہیں۔

6. He wants to make peace with me.	۶۔ وہ میرے ساتھ صلح کرنا چاہتا ہے۔
7. Are they at daggers drawn with each other?	۷۔ کیا ان کی آپس میں ناچاقی ہے؟
8. He came here for the purpose of money.	۸۔ وہ یہاں پیسے کی غرض سے آیا تھا۔
9. A stich in time saves nine.	۹۔ وقت کا ایک ٹانکا بے وقت دس ٹانکوں سے بچاتا ہے۔
10. Nothing venture, nothing have.	۱۰۔ ہمت کے بغیر کچھ نہیں بنتا۔

SET - 100

1. The plants drooped for want of water.	۱۔ پودے پانی کی کمی کی وجہ سے جھک گئے۔
2. A cup dropped from his hand.	۲۔ اس کے ہاتھ سے کپ چھوٹ گیا۔
3. You should rectify the mistakes.	۳۔ تمہیں غلطیوں کی اصلاح کرنی چاہیے۔
4. I'm not your dependent.	۴۔ میں تمہارا محتاج نہیں ہوں۔
5. You are an eye witness.	۵۔ تم چشم دید گواہ ہو۔
6. We differ with you on this matter.	۶۔ ہم اس بات پر آپ سے اختلاف کرتے ہیں۔
7. A diseased body has a diseased mind.	۷۔ بیمار جسم میں بیمار ذہن ہوتا ہے۔
8. A sound body has a sound mind.	۸۔ تندرست بندے کا دماغ بھی تندرست ہوتا ہے۔
9. Every society has its own customs.	۹۔ ہر معاشرے کے اپنے رواجات ہوتے ہیں۔

10. Your wound will heal by and by.	۱۰۔ تمہارا زخم آہستہ آہستہ مندمل ہو جائے گا۔

SET - 101

1. He has been cured of malaria.	۱۔ وہ ملیریا سے صحت یاب ہو گیا۔
2. I have to stand in a long queue.	۲۔ مجھے لمبی قطار میں کھڑا ہونا پڑتا ہے۔
3. She didn't get my cue.	۳۔ وہ میرا اشارہ نہیں سمجھی۔
4. Your efforts are creditable.	۴۔ تمہاری کوششیں قابل تعریف ہیں۔
5. He is an incredible person.	۵۔ وہ ناقابل اعتبار شخص ہے۔
6. I wasn't born yesterday.	۶۔ میں بچہ تو نہیں۔
7. Corporal punishment is not allowed here.	۷۔ یہاں جسمانی سزا کی اجازت نہیں۔
8. Your continual coming isn't good.	۸۔ تمہارا بار بار آنا اچھا نہیں ہے۔
9. He isn't contemptible.	۹۔ وہ قابل نفرت آدمی نہیں ہے۔
10. Plaque is a contagious disease.	۱۰۔ طاعون ایک وبائی مرض ہے۔

SET - 102

1. She isn't my confidant.	۱۔ وہ میری ہم راز نہیں ہے۔
2. Friendship does two	۲۔ دوستی دو جان کو ایک کر دیتی ہے۔
3. Souls in one comprise.	

4. Keep your chin up. ۴۔ ہمت کرو۔

5. Big deal. ۵۔ کوئی بڑی بات نہیں۔

6. Enough is enough. ۶۔ کافی ہو گیا ہے۔

7. That's what you always say. ۷۔ تم ہمیشہ یہی کہتے ہو۔

8. She has spoken of her heart to you. ۸۔ اس نے تم سے اپنی دل کی بات کہہ دی ہے۔

9. We bought some fruit from the market. ۹۔ ہم نے مارکیٹ سے کچھ پھل خریدا۔

10. He likes coarse clothes. ۱۰۔ اسے کھردرے کپڑے پسند ہیں۔

SET - 103

1. He is in a state of coma. ۱۔ وہ سکتے کی حالت میں ہے۔

2. All the best. ۲۔ اللہ خیر کرے۔

3. Russia is at worst now. ۳۔ روس اب بدترین حالت میں ہے۔

4. He'll go astray. ۴۔ وہ بھٹک جائے گا۔

5. The chairman gave his assent to our plan. ۵۔ چیئرمین نے ہمارے منصوبے کے متعلق اپنی منظوری دے دی۔

6. We are against bloodshed. ۶۔ ہم خون خرابے کے خلاف ہیں۔

7. What's this tosh? ۷۔ یہ کیا بکواس ہے ؟

8. There's no accounting for the taste. ۸۔ شوق کی کوئی قیمت نہیں۔

9. The ball is in your court. ۹۔ معاملہ تمہارے ہاتھ میں ہے۔

10. This child is a positive torment. ۱۰۔ یہ بچہ تو عذاب جان ہے۔

SET - 104

1. We are making our money in a lawful way. ۱۔ ہم اپنے پیسے حلال طریقے سے کما رہے ہیں۔

2. Are you well and happy? ۲۔ کیا تم راضی خوشی ہو؟

3. It's home production. ۳۔ یہ تو گھر کی کھیتی ہے۔

4. She keeps on weeping hold and corner. ۴۔ وہ اندر ہی اندر روتی ہے۔

5. The thrust went home. ۵۔ تیر نشانے پر لگا۔

6. His hoity toity. ۶۔ اس کی ایسی کی تیسی۔

7. Give me a bite. ۷۔ مجھے لقمہ دو۔

8. He is given everything seated at home. ۸۔ اسے ہر چیز گھر بیٹھے ملتی ہے۔

9. She doesn't know house keeping. ۹۔ اسے گھرداری نہیں آتی۔

10. Don't make a great hue and cry. ۱۰۔ گھر سر پر مت اٹھاؤ۔

SET - 105

1. He was engaged in talking to her. ۱۔ وہ اس سے باتیں کرنے میں مصروف تھا۔

2. My presence isn't necessary. ۲۔ میری موجودگی لازمی نہیں۔

3. They were caught in an objectionable condition. ۳۔ انہیں قابل اعتراض حالت میں پکڑا گیا۔

4. You have facilities. ۴۔ تمہیں سہولتیں حاصل ہیں۔

5. We have many factions among us. ۵۔ ہمارے درمیان کئی گروہ ہیں۔

6. He is in felicity. ۶۔ وہ آسودگی میں ہے۔
7. She feigned madness. ۷۔ اس نے پاگل پن کا بہانہ کیا۔
8. Our house is vacant. ۸۔ ہمارا گھر خالی ہے۔
9. My glass is empty. ۹۔ میرا گلاس خالی ہے۔
10. You should be frugal in what you spend. ۱۰۔ تم جو خرچ کرتے ہو تمہیں اس میں کفایت شعار ہونا چاہیے۔

SET - 106

1. You'll have a double benefit. ۱۔ تمہیں دوہرا فائدہ ہوگا۔
2. Those days are over now. ۲۔ اب وہ دن ختم ہو گئے ہیں۔
3. We should improve our economic condition. ۳۔ ہمیں اپنی معاشی حالت کو بہتر بنانا چاہیے۔
4. He is a right thinking man. ۴۔ وہ صحیح سوچتا ہے۔
5. She has no device to take me in. ۵۔ اس کے پاس مجھے دھوکا دینے کیلئے کوئی ترکیب نہیں ہے۔
6. Dye your hair. ۶۔ اپنے بال رنگو۔
7. The crowd has dispersed. ۷۔ ہجوم منتشر ہو چکا ہے۔
8. I'm uninterested in movies. ۸۔ مجھے فلموں کا شوق نہیں۔
9. Take a draught of chilled water. ۹۔ ٹھنڈے پانی کا گھونٹ پیو۔
10. He is very cool headed. ۱۰۔ وہ بڑا بے شرم ہے۔

SET - 107

1. Those who blow into dust fill their own eyes. ۱۔ آسمان کا تھوکا منہ پر گرتا ہے۔
2. One flower makes no garland. ۲۔ اکیلا آدمی کیا کر سکتا ہے۔
3. Christmas comes but once a year. ۳۔ ہر روز تو خوشیاں نہیں آتیں۔
4. A healthy man is a wealthy man. ۴۔ جس کے پاس صحت ہے اس کے پاس سب کچھ ہے۔
5. You have got an illusion. ۵۔ تمہیں تو وہم ہو گیا ہے۔
6. The whole world knows. ۶۔ ساری دنیا جانتی ہے۔
7. His attitude implies that he doesn't trust us. ۷۔ اس کے رویے کا مطلب ہے کہ وہ ہم پر اعتبار نہیں کرتا۔
8. What result did you infer from it? ۸۔ تم نے اس سے کیا نتیجہ اخذ کیا۔
9. Pakistan should be ahead in industrial field. ۹۔ پاکستان کو صنعتی میدان میں آگے ہونا چاہیے۔
10. I'd fain go there. ۱۰۔ میں بخوشی وہاں جاؤں گا۔

SET - 108

1. Their bus turned turtle. ۱۔ ان کی بس الٹ گئی۔
2. He ran against a bus yester-day. ۲۔ کل وہ ایک بس سے ٹکرا گیا۔
3. Turn the T.V. into P.T.N. ۳۔ ٹی وی پی ٹی این پر لگا دو۔
4. The policeman has challaned us. ۴۔ سپاہی نے ہمارا چالان کر دیا ہے۔

English	Urdu
5. The thief got off scot free.	۵۔ چور صاف بچ گیا۔
6. You cry before you are hurt.	۶۔ پانچ کوس دور دریا جوتے پہلے ہاتھ میں۔
7. Our children thrive on this diet.	۷۔ ہمارے بچے اس خوراک پر پھلتے پھولتے ہیں۔
8. Evil cannot thrive for ever.	۸۔ سو دن چور کا ایک دن سادھ کا۔
9. Business is business.	۹۔ کام میں شرم کیا۔
10. Friends are plenty when the purse is full.	۱۰۔ پیسے کے سب یار ہیں۔

SET - 109

English	Urdu
1. No remedy but patience.	۱۔ صبر کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔
2. Those who render evil for good are my enemies.	۲۔ جو بھلائی کے بدلے برائی کرتے ہیں میرے دشمن ہیں۔
3. A mole fell into my eye.	۳۔ میری آنکھ میں ایک ذرہ گر گیا۔
4. Meat is under done.	۴۔ گوشت نہیں گلا ہے۔
5. How did you all fare?	۵۔ آپ سب کس طرح رہے۔
6. We don't like humble fare.	۶۔ ہمیں روکھی سوکھی کھانا پسند نہیں ہے۔
7. The watch has run down.	۷۔ گھڑی کی چابی ختم ہو گئی ہے۔
8. Wind it up.	۸۔ اس کو چابی دو۔
9. Can you read the time?	۹۔ کیا تمہیں وقت دیکھنا آتا ہے۔ ؟
10. Your card is forged.	۱۰۔ تمہارا کارڈ جعلی ہے۔

SET - 110

English	Urdu
1. Love me, love my dogs.	۱۔ مجھے چاہو تو میرے چاہنے والوں کو بھی چاہو۔
2. He was murdered in cold blood.	۲۔ اسے بے دردی سے قتل کر دیا گیا۔
3. He boarded a wrong train.	۳۔ وہ غلط گاڑی پر سوار ہو گیا۔
4. Let me feel your pulse.	۴۔ مجھے اپنی نبض دکھاؤ۔
5. I have got chronic constipation.	۵۔ مجھے دائمی قبض کی شکایت ہے۔
6. He has dislocated his arm.	۶۔ اس کا بازو نکل گیا ہے۔
7. Shuffle the cards well.	۷۔ پتوں کو خوب ملاؤ۔
8. We both are well balanced.	۸۔ ہم دونوں ایک جیسے ہیں۔
9. It is very appetizing.	۹۔ اس سے بہت بھوک لگتی ہے۔
10. Abstain from intemperance.	۱۰۔ بھری ہرنی سے بچو۔

SET - 111

English	Urdu
1. Whose descriptions are being made?	۱۔ کس کے تذکرے ہو رہے ہیں؟
2. Give it to the needy.	۲۔ یہ ضرورت مندوں کو دے دو۔
3. Sweep the soot out of kitchen.	۳۔ باورچی خانے سے دھوئیں کی سیاہی جھاڑ دو۔
4. I don't have any shirt.	۴۔ میرے پاس کوئی شرٹ نہیں ہے۔
5. I'm the only son of my parents.	۵۔ میں اپنے والدین کا اکلوتا بیٹا ہوں۔

6. Apparently it is O.K. but. ٦۔ بظاہر یہ صحیح ہے لیکن
7. This road straight leads to our house. ۷۔ یہ سڑک سیدھی ہمارے گھر کو جاتی ہے۔
8. He does not know the tenor. ۸۔ اسے زندگی گزارنے کا ڈھنگ نہیں آتا۔
9. He tried his best but in vain. ۹۔ اس نے اپنی پوری کوشش کی لیکن بے سود۔
10. Cover your face with a veil. ۱۰۔ اپنا منہ نقاب کے ساتھ ڈھانپ لو۔

SET - 112

1. There's no veracity in your affidavit. ۱۔ تمہارے حلفیہ بیان میں کوئی صداقت نہیں۔
2. His voracity for wealth is insatiable. ۲۔ اس کا پیسے کا لالچ کبھی ختم نہیں ہو گا۔
3. Do it vitual. ۳۔ اسے عملی طور پر کرو۔
4. He is very virtuous. ۴۔ وہ بڑا پرہیز گار آدمی ہے۔
5. There's no easy way to success. ۵۔ کامیابی کا کوئی آسان راستہ نہیں ہے۔
6. Weigh your goods on scale. ٦۔ ترازو پر اپنی چیزیں تول لو۔
7. You can replace your book. ۷۔ آپ اپنی کتاب بدل سکتے ہیں۔
8. We are respectful to our elders. ۸۔ ہم اپنے بڑوں کی عزت کرتے ہیں۔
9. The teacher is going to take the roll call. ۹۔ استاد حاضری لگانے لگا ہے۔

10. Do buses ply on this route? ۱۰۔ کیا اس سڑک پر بسیں چلتی ہیں؟

SET - 113

1. He gave me a sensible opinion. ۱۔ اس نے مجھے صحیح رائے دی۔
2. He is very sensitive to hot and cold. ۲۔ وہ گرمی اور سردی سے بڑا حساس ہے۔
3. He will bring you to the right way. ۳۔ وہ تمہیں سیدھے راستے پر لائے گا۔
4. It's filled with water. ۴۔ یہ پانی سے بھر گیا۔
5. Lahore is very populous city. ۵۔ لاہور بڑا گنجان آباد شہر ہے۔
6. We don't lose heart in the face of difficulties. ٦۔ ہم مشکلات کے مقابلے میں ہمت نہیں ہارتے۔
7. Proceed to the next thing. ۷۔ اگلی چیز کے بارے میں بتائیے۔
8. He could not come because of heavy rain. ۸۔ وہ بارش کی وجہ سے نہ آسکا۔
9. Would you like to be our patron? ۹۔ کیا آپ ہمارا سرپرست بننا پسند کریں گے؟
10. The watch man patrols. ۱۰۔ چوکیدار پہرے داری کرتا ہے۔

SET - 114

1. There is no ordnance factory in this area. ۱۔ اس علاقے میں کوئی اسلحہ فیکٹری نہیں ہے۔
2. He will oppose you in election. ۲۔ وہ انتخابات میں تمہاری مخالفت کرے گا۔
3. He is very notable. ۳۔ وہ بڑا معزز شخص ہے۔

4. His wishes are increasing day by day.
۴۔ اس کی خواہشات دن بدن بڑھ رہی ہیں۔

5. It is just momentary remedy.
۵۔ یہ تو صرف عارضی آرام ہے۔

6. I hate the company of those people who say one thing and do another.
۶۔ مجھے ان لوگوں کی صحبت سے نفرت ہے جو کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ۔

7. Some people are luxurious.
۷۔ کچھ لوگ عیش پرست ہیں۔

8. He tried to lessen my pain.
۸۔ اس نے میرا درد کم کرنے کی کوشش کی۔

9. You got much with less efforts.
۹۔ تم نے تھوڑی سی کوشش کر کے بہت کچھ پایا۔

10. You will have to face this juncture.
۱۰۔ تجھے اس صورت حال سے نمٹنا پڑے گا۔

SET - 115

1. We live well.
۱۔ ہم اچھا کھاتے ہیں اچھا پہنتے ہیں۔

2. He was unscathed.
۲۔ وہ صحیح سالم تھا۔

3. He has a scatter brain.
۳۔ اس کا دماغ گندہ ہے۔

4. We are giving it to you merrily.
۴۔ ہم یہ تمہیں خوشی سے دے رہے ہیں۔

5. What do you do for your bread and butter?
۵۔ تم اپنی دال روٹی کیلئے کیا کرتے ہو؟

6. Eat, drink and be merry.
۶۔ کھاؤ پیو اور مزے اڑاؤ۔

7. Don't cock her eye.
۷۔ اسے آنکھ مت مارو۔

8. When is pudding time?
۸۔ کھانے کا وقت کب ہے؟

9. She is very prudish.
۹۔ وہ بڑی شرمیلی ہے۔

10. You'll split your sides to see that play.
۱۰۔ وہ ڈرامہ دیکھ کر ہنستے ہنستے آپ کے پیٹ میں بل پڑ جائیں گے۔

SET - 116

1. You are very fretful.
۱۔ تم بہت چڑچڑے ہو۔

2. What's this squabble?
۲۔ یہ کیا کل کل ہے۔

3. My friend is dwarf.
۳۔ میرا دوست بونا ہے۔

4. He is a dutiful man.
۴۔ وہ بڑا فرض شناس آدمی ہے۔

5. He is expiring and you are in a joking mood.
۵۔ اس کا دم نکل رہا ہے اور تم مذاق کے موڈ میں ہو۔

6. Have you seen a flash of hope?
۶۔ کیا تم نے امید کی جھلک دیکھی ہے؟

7. Market is flat now a days.
۷۔ آج کل کاروبار مندا ہے۔

8. I'll wring water from a flint.
۸۔ میں تو وہ کام کر دکھاؤں گا جو کسی نے نہ کیا ہو۔

9. You should follow their footstep.
۹۔ تمہیں ان کے نقش قدم پر چلنا چاہیے۔

10. He is having his feet in grave.
۱۰۔ اس کے پاؤں قبر میں لٹکے ہوئے ہیں۔

SET - 117

1. He is not paying you money out of his pocket.
۱۔ وہ تمہیں اپنے پاس سے پیسے نہیں دے رہا ہے۔

2. You are a familiar person.
۲۔ تم گھر کے آدمی ہو۔

3. He is very lardy dardy.
۳۔ وہ بڑا بنا ٹھنا ہوا ہے۔

4. You do every thing lightly.	۴۔ تم ہر کام بڑی بے فکری سے کرتے ہو۔
5. What are you whispering?	۵۔ تم کیا کھسر پھسر کر رہے ہو؟
6. When sweet words succeed, why resort to harsh ones?	۶۔ جو گڑ سے مر جائے اسے زہر دینے کی کیا ضرورت ہے۔
7. You should pass over the mistakes of others?	۷۔ تمہیں دوسروں کی غلطیوں کو درگزر کرنا چاہیے۔
8. He is very cheerful.	۸۔ وہ تو خوش باش ہے۔
9. Is he not blood thirsty?	۹۔ کیا وہ خون کا پیاسا نہیں ہے؟
10. We don't wanna run a risks.	۱۰۔ ہم خطرہ مول نہیں لینا چاہتے۔

SET - 118

1. Child is being circumcised.	۱۔ بچے کے ختنے ہو رہے ہیں۔
2. Don't snore here.	۲۔ یہاں خراٹے مت لو۔
3. Keep account of his money.	۳۔ اس کے پیسے کا حساب رکھنا۔
4. A rolling stone gathers no mass.	۴۔ دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا۔
5. Without one's love the world seems dark.	۵۔ یار اور پیار کے بغیر دنیا تاریک ہے۔
6. He dances well to whom fortune pipes.	۶۔ ہے ناچ انہی کا سچا ہے بخت جن کا اچھا۔
7. Dangers are over come by dangers.	۷۔ خطرے کو خطرہ بھگاتا ہے۔
8. I am out of with you.	۸۔ تیری میری کٹی۔

9. He was out in his calculation.	۹۔ اس کا اندازہ غلط نکلا۔
10. Nobody can peg me down.	۱۰۔ مجھے کوئی پابند نہیں کر سکتا۔

SET - 119

1. He has a pressing need for it.	۱۔ اسے اس کی شدید ضرورت ہے۔
2. Time presses.	۲۔ وقت کا یہی تقاضا ہے۔
3. You can't rise to the occasion.	۳۔ تم موقع پر جرات نہیں دکھا سکتے۔
4. Do you believe in exorcism?	۴۔ کیا آپ جنتر منتر تعویز گنڈے پر یقین رکھتے ہیں۔
5. I opened it frankly.	۵۔ میں نے صاف دلی سے سب کو بتایا۔
6. He has frozen my blood.	۶۔ اس نے میرا خون ہی خشک کر دیا ہے۔
7. The gala days are gone.	۷۔ خوشی کے دن گزر گئے ہیں۔
8. It is gala night today.	۸۔ آج جشن کی رات ہے۔
9. He is living in luxury.	۹۔ وہ عیش و عشرت کی زندگی گزار رہا ہے۔
10. Hit out.	۱۰۔ جلدی جلدی ہاتھ چلاؤ۔

SET - 120

1. You are giving me a stone for bread.	۱۔ تم میری مدد کرنے کی بجائے مجھ پر ہنس رہے ہو۔
2. I'll give him a trial first.	۲۔ میں پہلے اس کا امتحان لوں گا۔
3. Don't tread on any one's toes.	۳۔ کسی کی دل آزاری نہ کرو۔
4. There's no foot hold here.	۴۔ یہاں تو کوئی پاؤں رکھنے کی جگہ نہیں ہے۔

English	Urdu
5. Who'll foot the bill?	۵۔ خرچہ کون برداشت کرے گا۔
6. We foot it all the way.	۶۔ ہم سارا رستہ پیدل چلتے ہیں۔
7. We sleep small hours.	۷۔ ہم رات کے ایک دو بجے سوتے ہیں۔
8. He took me there treacherously.	۸۔ وہ مجھے دھوکے سے وہاں لے گیا۔
9. Always travel light.	۹۔ ہمیشہ کم سامان کے ساتھ سفر کرو۔
10. It's the light of your countenance.	۱۰۔ یہ تو آپ کی نظر عنایت ہے۔

SET - 121

English	Urdu
1. God will lighten my darkness.	۱۔ خدا میرے اندھیرے کو روشنی میں بدل دے گا۔
2. Are you cripple?	۲۔ کیا تم لولے لنگڑے ہو؟
3. His means were crippled.	۳۔ اس کی آمدنی کم ہو گئی۔
4. He is one eyed.	۴۔ وہ کانا ہے۔
5. Are you one handed?	۵۔ کیا تم لولے ہو؟
6. He is hunch back.	۶۔ وہ کبڑا ہے۔
7. We are not handicap.	۷۔ ہم معذور نہیں ہیں۔
8. Make his button hole.	۸۔ اس کا کاج نکال دو۔
9. I have a rocking chair.	۹۔ میرے پاس گھومنے والی کرسی ہے۔
10. Where is your bowl?	۱۰۔ تمہارا پیالہ کہاں ہے؟

SET - 122

English	Urdu
1. Can you look in my face?	۱۔ کیا تم میرے ساتھ آنکھیں ملا سکتے ہو؟
2. Mind your P's and Q's.	۲۔ سوچ سمجھ کر بات کرو۔

English	Urdu
3. In face a lion, in heart a deer.	۳۔ اوپر سے شیر اندر سے بھیڑ
4. Take it easy.	۴۔ گھبراؤ نہیں۔
5. She eats her heart out.	۵۔ وہ دل ہی دل میں کڑھتی رہتی ہے۔
6. A yound girl was raped.	۶۔ جوان لڑکی کی عزت لوٹ لی گئی۔
7. He deflowered her.	۷۔ اس نے اس کو بے آبرو کر دیا۔
8. There was no room to swing a cat.	۸۔ وہاں تو تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔
9. She is flat nosed.	۹۔ اس کی ناک چپٹی ہے۔
10. Can he walk on side walks?	۱۰۔ کیا وہ پگڈنڈی پر چل سکتا ہے؟

SET - 123

English	Urdu
1. His nose is swollen.	۱۔ اس کا ناک سوجا ہوا ہے۔
2. Don't cut it to short.	۲۔ اسے زیادہ چھوٹا نہ کرو۔
3. Give me a shave.	۳۔ میری شیو کرو۔
4. Don't cut at the top.	۴۔ اوپر سے مت کاٹو۔
5. What does he do himself?	۵۔ وہ اپنے طور پر کیا کرتا ہے؟
6. I have hurt my hand.	۶۔ میرے ہاتھ پر چوٹ لگی ہے۔
7. It's not thoroughfare.	۷۔ یہ شارع عام نہیں ہے۔
8. You should care for the Pedestrians.	۸۔ تمہیں پیدل چلنے والوں کا خیال کرنا چاہیے۔
9. It's forbidden area .	۹۔ یہ ممنوعہ علاقہ ہے۔
10. It's a great crossing.	۱۰۔ یہ بڑا چوراہا ہے۔

SET - 124

1. You are what you are. — ۱۔ تم جو ہو سو ہو۔
2. Stay with in your limits. — ۲۔ اپنے آپ میں رہو۔
3. Talk sense. — ۳۔ ہوش کی بات کرو۔
4. Will you take a row? — ۴۔ کیا تم کشتی کی سیر کرو گے؟
5. We are dead tired. — ۵۔ ہم تھک کر چور ہو گئے ہیں۔
6. Badshahi mosque is worth seeing. — ۶۔ بادشاہی مسجد قابل دید ہے۔
7. What's the rent? — ۷۔ کرایہ کیا ہے؟
8. Where is mail box? — ۸۔ ڈاک کا ڈبہ کہاں ہے؟
9. My sweater is made of wool. — ۹۔ میرا سویٹر اونی ہے۔
10. My shirt is made of cotton. — ۱۰۔ میری قمیض سوتی ہے۔

SET - 125

1. Appearance is deceptive. — ۱۔ ظاہری صورت پر مت جاؤ۔
2. Strike the iron when it is red. — ۲۔ موقع ہاتھ سے نہ جانے دو۔
3. Haste makes waste. — ۳۔ جلدی میں کام خراب ہوتا ہے۔
4. Expect no good in return. — ۴۔ نیکی کر دریا میں ڈال۔
5. Easy come, easy go. — ۵۔ مفت کا مال ہو تو لٹانے کو دل کرتا ہی ہے۔
6. The bus is in motion. — ۶۔ بس چل رہی ہے۔
7. Don't thread the needle. — ۷۔ سوئی میں دھاگہ نہ ڈالو۔
8. He gives himself airs. — ۸۔ وہ اپنے آپ کو تیس مار خاں سمجھتا ہے۔

9. It's not too late to mend. — ۹۔ ابھی بھی کچھ نہیں بگڑا ہے۔
10. Don't mend the fire more. — ۱۰۔ آگ کو اور تیز نہ کرو۔

SET - 126

1. We made it to your order. — ۱۔ ہم نے اس کو آپ کی فرمائش پر بنایا۔
2. He is always after money. — ۲۔ اس پر ہر وقت پیسے کی دھن سوار رہتی ہے۔
3. She turns a deaf ear to me. — ۳۔ وہ میری ایک نہیں سنتی۔
4. This cloth will wear long. — ۴۔ یہ کپڑا دیر تک چلے گا۔
5. We live from hand to mouth. — ۵۔ ہمارا گزارہ بڑی مشکل سے ہوتا ہے۔
6. You are very fickle minded. — ۶۔ تم پل میں ماشہ اور پل میں تولہ ہوتے ہو۔
7. His days are numbered. — ۷۔ وہ تو چند دن کا مہمان ہے۔
8. You are in great demand. — ۸۔ تمہاری تو بہت مانگ ہے۔
9. He is hard up these days. — ۹۔ آجکل اس کا ہاتھ تنگ ہے۔
10. They will be quite thick with each other. — ۱۰۔ ان کی آپس میں خوب گزرے گی۔

SET - 127

1. First make good for my loss. — ۱۔ پہلے میرا نقصان پورا کرو۔
2. What has run into his foot? — ۲۔ اس کے پاؤں میں کیا چبھ گیا ہے؟

3. Now I have lost appetite. ۳۔ اب میری بھوک مر گئی ہے۔

4. Time hangs heavy in trouble. ۴۔ مشکل میں وقت مشکل سے کٹتا ہے۔

5. Today your throat is hoarse. ۵۔ آج تمہارا گلا بیٹھا ہوا ہے۔

6. I stumbled over a stone. ۶۔ میں پتھر سے ٹھوکر کھا کر گر گیا۔

7. You can't gain any ground here. ۷۔ تمہاری دال یہاں گلتی نظر نہیں آتی۔

8. He fell down with a thud. ۸۔ وہ دھڑام سے نیچے گر گیا۔

9. Why do you pay in the same coin? ۹۔ تم ترکی بہ ترکی کیوں جواب دیتے ہو؟

10. It was an eye opener incident. ۱۰۔ یہ آنکھیں کھول دینے والا واقعہ تھا۔

SET - 128

1. His father died by inches. ۱۔ اس کا باپ گھل گھل کر مر گیا۔

2. Why are you out of temper today? ۲۔ آج تمہارا مزاج کیوں بگڑا ہوا ہے؟

3. Add sugar to your taste. ۳۔ حسب خواہش چینی ملا لیجئے۔

4. I miss my family. ۴۔ میرا دل اپنے گھر والوں کیلئے اداس ہے۔

5. He is over head and ears in trouble. ۵۔ اس کا بال بال مصیبتوں میں پھنسا ہوا ہے۔

6. You save your own skin. ۶۔ تم اپنی خیر مناؤ

7. I will not spare you to the last. ۷۔ میں تو تجھے آخری دم تک نہیں چھوڑوں گا۔

8. Patience bears fruit. ۸۔ صبر کا پھل ضرور ملتا ہے۔

9. I keep him at arm's length. ۹۔ میں اسے منہ نہیں لگاتا۔

10. He was beside himself with joy. ۱۰۔ وہ خوشی سے پھولے نہیں سمایا۔

SET - 129

1. He is attached to him. ۱۔ وہ اس سے گھل مل گیا۔

2. It doesn't matter to me. ۲۔ میرے لئے یہ کوئی بات ہی نہیں۔

3. She is a match maker. ۳۔ وہ رشتے کروانے والی ہے۔

4. I regret the error. ۴۔ مجھے غلطی کا افسوس ہے۔

5. Why don't you speak well for him? ۵۔ تم اس کی سفارش کیوں نہیں کرتے؟

6. Enjoy the present day. ۶۔ آج کے دور کا مزہ لو۔

7. This is a strong language. ۷۔ یہ ہتک آمیز الفاظ ہیں۔

8. He spoke highly about you. ۸۔ اس نے آپ کی بہت تعریف کی۔

9. I didn't remember in helter skelter. ۹۔ مجھے پریشانی میں یاد ہی نہیں رہا۔

10. Hard words break no bones. ۱۰۔ محض باتوں سے کیا ہوتا ہے۔

SET - 130

1. High winds blow on high hills. ۱۔ بڑے لوگوں کی بڑی باتیں۔

2. He is a cheater every inch. ۲۔ وہ بالکل دھوکے باز ہے۔

3. You are chips of the same block. — ۳۔ تم ایک ہی تھالی کے چٹے بٹے ہو۔
4. The fairest things have fleetest ends. — ۴۔ نیک لوگ جلد مرجاتے ہیں۔
5. You are straining a point for nothing. — ۵۔ تم ایک بات کو خواہ مخواہ بڑھا رہے ہو۔
6. Too light winning makes the prize light. — ۶۔ آسانی سے ہاتھ آنیوالی چیز کی قدر کم ہوتی ہے۔
7. He is my name sake. — ۷۔ وہ میرا ہم نام ہے۔
8. I try as far as I can. — ۸۔ جہاں تک ہو سکتا ہے میں کوشش کرتا ہوں۔
9. Have you ever seen the death scene? — ۹۔ کیا تم نے کبھی موت کا منظر دیکھا ہے ؟
10. I am going to ring off. — ۱۰۔ میں فون بند کرنے لگا ہوں۔

SET - 131

1. Why do you take long strides? — ۱۔ تم لمبی لمبی چھلانگیں کیوں لگاتے ہو؟
2. You are younger to me. — ۲۔ تم مجھ سے چھوٹے ہو۔
3. He isn't true to his salt. — ۳۔ وہ نمک حرام ہے۔
4. I accept her with my all senses. — ۴۔ میں اسے اپنے تمام ہوش و حواس سے قبول کرتا ہوں۔
5. He didn't tell me further. — ۵۔ اس نے مجھے مزید نہیں بتایا۔
6. I want to share your grieves. — ۶۔ میں تمہارے غم بانٹنا چاہتا ہوں۔
7. I know this is your trick. — ۷۔ مجھے پتا ہے کہ یہ تمہاری چالاکی ہے۔
8. How far is it true? — ۸۔ یہ کہاں تک سچ ہے؟
9. His star is on the rise. — ۹۔ اس کا ستارہ عروج پر ہے۔

10. Will you do me a favour? — ۱۰۔ کیا آپ مجھ پر ایک احسان کریں گے؟

SET - 132

1. His grandfather passed away last night. — ۱۔ کل رات اس کا دادا فوت ہو گیا۔
2. Colleges are in a bad state. — ۲۔ کالجوں کی حالت بہت بری ہے۔
3. How far does he want to go? — ۳۔ وہ کہاں تک جانا چاہتا ہے؟
4. Could you get it for me? — ۴۔ کیا آپ یہ میرے لئے لا سکتے ہیں؟
5. I walk your home with you. — ۵۔ میں تمہارے ساتھ تمہارے گھر چلتا ہوں۔
6. Don't keep the others waiting. — ۶۔ دوسروں کو انتظار مت کرواؤ۔
7. I told you a hundred times not to go there. — ۷۔ میں نے تمہیں سو بار بتایا کہ وہاں نہ جانا۔
8. Why don't you and I be friends? — ۸۔ تم اور میں دوست کیوں نہ بن جائیں ؟
9. Is the doctor in? — ۹۔ کیا ڈاکٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں؟
10. Don't sit too close to the T.V. — ۱۰۔ ٹی وی کے بہت قریب مت بیٹھو۔

SET - 133

1. Hold him in leash. — ۱۔ اسے قابو میں رکھو۔
2. He is out of his pocket. — ۲۔ اس کی جیب خالی ہے۔
3. She doesn't call Tome, Dick and Harry. — ۳۔ وہ ایرے غیرے سے بات نہیں کرتی۔

4. She spends her money skimpingly.
۴۔ وہ ناپ تول کر اپنے پیسے خرچتی ہے۔

5. He is sauntering through his life.
۵۔ وہ جیسے تیسے کر کے زندگی کے دن پورے کر رہا ہے۔

6. It's newsy.
۶۔ یہ خبروں سے بھرا پڑا ہے۔

7. It's a pin prick.
۷۔ ابھی تو یہ معمولی تکلیف ہے۔

8. Keep your promise.
۸۔ اپنا وعدہ نبھاؤ۔

9. Don't take his side.
۹۔ اس کی طرف داری نہ کرو۔

10. Don't show me a fist.
۱۰۔ مجھے مکہ مت دکھاؤ۔

SET - 134

1. Don't swagger about.
